Place a blank sheet of paper on the ground such that part of it is in the sunlight and other part of it is in the shadow. Hold the mirror strip with the slit facing the sun. Let a ray of light from the slit fall on the paper. Now take another mirror strip and place it in the path of this light ray such that the ray coming from first mirror falls on the second mirror as shown in fig 3.



Fig. - 3

What do you observe?

Did you see any other ray of light, apart from the one from the mirror slit, on the paper?

S.C.E.R.T. TELANGANA

تصور کیجیے کہ آپ کا دوست کمرہ کے درمیان میں بیٹھا ہے۔آپ کے دوست پر آخر کار کتنے مرتبہ سورج کی روشنی منعکس ہوئی ہوگی۔اندازہ لگایئے۔اُن مقامات کی شناخت کیجیے جہاں سے روشنی منعکس ہورہی ہے۔

کس طرح روشنی،اشیا سے ٹکرا کر منعکس ہوتی ہے؟

کس طرح نور کی شعاع اشیا سے ٹکرانے کے بعد منعکس ہوتی ہے۔اِس بارے میں ہم کو جاننا چاہیے۔

نور کی شعاعیں :

یہ کیجیے :- 2

شکل (a)2 میں بتائے ہوئے طریقہ سے آئینہ کی پٹی اور ایک سیاہ کاغذ لیجیے۔شکل (b)2 کے مطابق آئینہ کی پٹی پر سیاہ کاغذ لپیٹیے اور آئینہ پر ایک ملی میٹر چوڑا سیاہ کاغذ کا ٹکڑا کاٹ دیجیے۔

شکل (a)2



شکل (b)2

شکل (c)2 میں بتایئے ہوئے طریقہ کے مطابق آئینہ کی پٹی کے کٹے ہوئے حصّہ کو سورج کی جانب رُخ کرتے ہوئے پکڑیئے۔آپ دیکھیں گے کہ آئینہ کے کٹے ہوئے حصّہ سے چند شعاعیں منعکس ہورہی ہیں۔اِن شعاعوں کو زمین پر موجود سفید کاغذ پر حاصل کیجیے۔



شکل (c)2

اِس طرح آئینہ کے کٹے ہوئے حصّہ سے منعکس ہونے والی شعاعیں یا کسی اور باریک سوراخ سے آنے والی شعاعیں نور کی شعاع جیسی نظر آتی ہے۔آئینہ کی پٹی جو سوراخ بنے ہوئے سیاہ کاغذ میں لپیٹی ہوئی ہے۔ذیل کے تجربہ میں ہم اُس کو اِستعمال کریں گئے۔

آیئے مشاہدہ کریں گے کہ نور کی شعاع کس طرح منعکس ہوتی ہے :

یہ کیجیے :- 3

شکل۔3 کے مطابق زمین پر ایک سفید کاغذ کو اِس طرح رکھئے کہ اس کا کچھ حصّہ سورج کی روشنی میں ہو اور باقی حصّہ چھاؤں میں ہو۔آئینہ کے پٹی کے کٹے ہوئے حصّہ کو سورج کی جانب رُخ کرتے ہوئے پکڑیئے۔کاغذ پر نور کی شعاع کو حاصل کیجیے۔دوسرے آئینہ کے ٹکڑے کو اِس نور کی شعاع کے راستہ میں اِس طرح رکھئے کہ پہلے آئینہ سے آنے والی شعاع دوسرے آئینہ پر پڑے۔



شکل۔3

آپ نے کیا مشاہدہ کیا؟

آئینہ کے کٹے ہوئے حصّہ سے آنے والی نور کی شعاع کے علاوہ کسی اور نور کی شعاع کو کیا آپ کاغذ پر دیکھتے ہیں؟

S.C.E.R.T. TELANGANA

This effect of the mirror strip on the ray of light is called reflection. The ray of light falling on the mirror is called the ***incident ray*** and the ray returning from it is called the ***reflected ray***.

Laws of reflection:

Is there any relationship between the direction of the incident ray and the direction of the reflected ray.

Activity - 4:

Take a sheet of blank paper. Draw a line segment AC. Draw another straight line at right angles (90 degrees) to segment AC. The second line should intersect segment AC at point B. We shall call this line as **Normal.** See in figure 4a.



Fig. - 4(a)

Draw two lines from point B on the left side of the normal and two on the right side. The lines should be at angles of 30° and 60° respectively from the normal. Number these lines 1, 2, 3, 4 as shown in figure 4b.



Fig. - 4(b)

Place a mirror strip vertically on segment AC with its reflecting surface facing the normal. See that the back of the mirror coincides with segment AC. Take the mirror strip with a slit and let its light ray fall along line 4, as you did in the earlier experiment. Now this ray is the incident ray for the mirror. The angle between the normal and the incident ray is called the 'Angle of Incidence (∠i)'.

Did the reflected ray fall on any of the lines you have drawn? If yes, on which line did it fall? The angle between normal and the reflected ray is called the 'Angle of Reflection (∠r)'.

Adjust the mirror strip with the slit so that its light ray falls along line 3 and observe on which line the reflected ray falls?

Adjust the mirror strip with the slit so that its light ray falls along normal, then the angle of incidence is 0° (the angle between normal and incident ray "that is also normal here", is 0°).

What happens? Where did you find the reflected ray?

Record your observations in the table - 1.

Do you see any relationship between the angle of incidence and the angle of reflection? State this relationship in the form of a rule and write the rule here.

....

....

....

S.C.E.R.T. TELANGANA

آئینہ کے ٹکڑے پر نور کی شعاع کا یہ اثر ''انعکاس'' کہلاتا ہے۔

آئینہ پر پڑنے والی یہ نور کی شعاع، شعاع واقع (incident ray) کہلاتی ہے اور ٹکرا کر واپس لوٹنے والی شعاع، شعاع منعکس (reflected ray) کہلاتی ہے۔

انعکاس نور کے کلیات : شعاع واقع اور شعاع منعکس کی سمتوں کے درمیان کیا کوئی رشتہ پایا جاتا ہے؟

یہ کیجیے :- 4

ایک صاف کاغذ لیجیے۔درمیان میں ایک خط AC کھینچے AC کے زاویہ قائمہ (90^o درجہ) پر ایک عمودی خط کھینچیے جو خط AC کے عموداً نقطہ B پر قطع کرے۔ہم اِس کو نارمل خط کہتے ہیں۔جیسا کہ شکل 4(a) میں بتایا گیا ہے۔



شکل 4(a)

نقطہ B سے عمود کے بائیں جانب دو خطوط اور دائیں جانب دو خطوط کھینچیے۔یہ خطوط عماد سے بالترتیب 30^o اور 60^o کے زاویہ بناتے ہوں۔شکل 4b کے مطابق اِن خطوط کو 1,2,3,4 سے تعبیر کیجیے۔خط AC کے اُفقی آئینہ کی پٹی کو اِس طرح رکھئے کہ اُس کی انعکاسی سطح عمود کی جانب ہو۔



شکل 4(b)

اِس بات کو یقینی بنایئے کہ آئینہ کی پچھلی سطح خط AC پر منطبق ہو۔پچھلے تجربہ کی طرح آئینہ کی پٹی کے کٹے ہوئے حصّے سے خط پر نور کی شعاع ڈالیئے۔

یہ شعاع آئینہ کے لیے شعاع واقع (inciden ray) ہوتی ہے۔شعاع واقع اور عمود کے درمیان میں بننے والا زاویہ زاویہ وقوع (Angle of incidentce) کہلاتا ہے۔

کیا منعکس شدہ شعاع بنائے ہوئے کسی اور خط پر پڑ رہی ہے؟

اگر ہاں تو کس خط پر؟

انعکاس شدہ شعاع اور عمود کے درمیان بننے والا زاویہ، زاویہ انعکاس (Angle of Reflection) کہلاتا ہے۔

آئینہ کے کٹے ہوئے حصّہ کو اِس طرح ترتیب دیجیے کے نور کی شعاع خط 3 پر پڑے۔اور مشاہدہ کیجیے کہ کس خط پر منعکس شدہ شعاع پر گرتی ہے۔آئینہ کے ٹکڑے کے حصّہ کو اِس طرح ترتیب دیجیے کے نور کی شعاع عماد کے ساتھ پڑے تب زاویہ وقوع 0 ہوتا ہے۔(عمود اور شعاع واقع کے درمیان زاویہ ''یہاں عمود ہوتا ہے''۔یعنی 0^o ہوتا ہے)

کیا واقع ہوا؟ آپ شعاع منعکس کہاں دیکھتے ہیں؟

جدول۔1 میں اپنے مشاہدات کو درج کیجیے :

زاویہ وقوع اور زاویہ انعکاس کے درمیان کیا کوئی رشتہ پایا جاتا ہے؟ اِس رشتہ کو اُصول کی شکل میں ظاہر کیجیے اور اِس اُصول کو لکھئے۔

____

____

____

S.C.E.R.T. TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23

TABLE - 1

S.No.	Incident ray	Angle of Incidence	Reflected Ray	Angle of Reflection
1.	On line - 4		On	
2.	On line - 3		On	
3.	On normal		On	

Let us verify this rule:

If the two incident rays form angles of 20° and 45° respectively with the normal, what will be the angles formed by the reflected rays with the normal? Verify your answer by conducting the experiment.

Note: observe this diagram carefully (figure 5). The ray of light from the candle is reflected at the mirror, and bounces off at the same angle as it come to the mirror. Our eye does not know that the light has been reflected. Our eye sees the object (the candle) in the mirror, and feels that light is coming from that candle which seems to be behind the mirror. In this way we see an image of the candle.



Fig. - 5

We are able to see a person who is walking on the road through a window or a door. At the same time that person can also see us. Is it possible to see that person while hiding oneself?

Make your own periscope:

Activity - 5:

Materials required:

Empty agarbatti box, two mirror strips, scale, pencil, blade, match box, candle, glue.

Close both ends of the agarbatti box. Draw squares at both ends. Draw the diagonal to these squares as shown in figure - 6(a). Slit the diagonals with a blade. The slits should be equal to the length of the mirror strips.



Fig. - 6(a)

Fix the mirror strips in these slits as shown in figure - 6(b). Take care to see that these mirror strips lie parallel to each other, with their reflecting surfaces facing each other.

S.C.E.R.T. TELANGANA

جدول-1

سلسلہ نشان	شعاع واقع (incident Ray)	زاویہ وقوع (Angle of incidence)	شعاع انعکاس Reflection	زاویہ انعکاس Angle of Reflection
1	خط۔4پر		------پر	
2	خط۔3پر		------پر	
3	عماد پر		------پر	

آیئے اِس اصول کی تصدیق کریں :

اگردوشعاع واقع عمود کے ساتھ بالترتیب 20 درجہ اور 45درجہ کے زاویے بناتے ہیں۔تب منعکس شدہ شعاعیں عمود کے ساتھ کس قسم کا زاویہ بناتے ہیں۔اپنے جواب کی تصدیق تجربہ کے ذریعہ کیجیے۔

نوٹ : اس خاکہ کا بغورمشاہدہ کیجیے۔(شکل-5) جلتی ہوئی موم بتی سے نکلی ہوئی شعاع آئینہ پر منعکس ہوتی ہے۔اور آئینہ سے ٹکرا کر اسی زاویہ میں مڑتی ہے۔ہماری آنکھ محسوس نہیں کرتی کہ شعاع منعکس ہوئی ہے۔ہماری آنکھ آئینہ میں شئے (موم بتی) کو دیکھ سکتی ہے۔اورمحسوس کرسکتی ہے کہ شعاع جلتی ہوئی موم بتی سے آ رہی ہے جس کو آئینہ کے اندر دیکھا جاسکتا ہے۔اِس طرح ہم موبتی کے خیال کودیکھ سکتے ہیں۔



شکل۔5

دروازہ یا کھڑکی سے سڑک پر چلنے والے کسی شخص کو ہم دیکھ سکتے ہیں۔اُسی وقت وہ شخص بھی ہم کو دیکھ سکتا ہے۔سڑک پر چلنے والے شخص کی نظر میں آئے بغیر کیا ہم اُس شخص کو دیکھ سکتے ہیں؟

اپنا ذاتی منظربین(Periscope) بنایئے:

یہ کیجیے :- 5

آپ اپنا منظربین Periscope بنانے کے لیے مندرجہ ذیل اشیا جمع کیجیے۔اگربتی کا خالی ڈبہ، دوعدد آئینوں کی پٹیاں، پٹری، پنسل، بلیڈ، ماچس کی ڈبیہ، موم بتی، گوند یا فیوکول :

اگربتی کے ڈبے کے دونوں سروں کو بند کیجیے۔دونوں سروں کومربع بنایئے شکل۔6(a) میں بتایا گیا ہے۔اگربتی کے ڈبے کے سروں پر بنائے گے مربعوں پر وتر کھینچے۔ان وتروں پر بلیڈ سے شگاف بنانے پر شگاف مستوی آئینہ کی پٹیوں کے طول کے برابر ہونا چاہیے۔


شکل۔6(a)

شکل 6(b) میں بتایئے گئے طریقے پر مستوی آئینہ کی پٹیوں کو اِن شگافوں (گالوں) میں جمایئے۔اِس بات کی احتیاط کی جائے کہ مستوی آئینہ کی پٹیاں ایک دوسرے کے عین متوازی ہوں۔اور اِن کی اِنعکاسی سطح ایک دوسرے کے مقابل ہو۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

Fix the mirror strips firmly to the box with a few drops of molten wax from a burning candle. You can also use glue or fevicol instead of wax.



Fig. - 6(b)

Cut out two windows on the narrow sides of the box as shown in figure 6(c). The windows should op en directly on the reflecting surfaces of the mirror strips. Now your periscope is ready.



Fig. - 6(c)

When you look through window 2, you will be able to see things lying in front of window 1. If you hide behind a tree, you can easily see what is happening on the other side of the tree with your periscope. Observe in figure - 6(d), the girl is viewing objects outside the room through the window while hiding herself in the room, with the help of a periscope.

Fig. 6(d)

Think: Why should we keep mirror strips parallel to each other in periscope? What happens if they are not parallel?

Activity - 6:

Place a mirror (1ft. × 1ft.) on the floor. You and your friends A, B, C stand on four sides of the mirror as shown in figure - 7. Adjust your places of standing, in such a way that each one of you can see the image of the person opposite to you in the mirror kept on the floor.



Fig. - 7

Your friends A, C are able to see images of each other in the mirror. Why can't you see their images?

Ask your friend – B, who is in front of you to move a feet aside from his place. What happens? Did you see his image in the mirror? If not, why?

Imagine a normal to the mirror. It would be perpendicular to the mirror as well as to the floor. Imagine an incident ray coming from your friend B, falls on the mirror then the reflected ray from mirror and reaches you.

S.C.E.R.T. TELANGANA

پگھلی ہوئی موم کے چند قطرے ڈال کر آئینہ کی پٹیوں کو ڈبہ پر اچھی طرح چسپاں کر دیجئے۔اس مقصد کے لیے آپ بجائے موم کے (Glue)یا(Fevicol) کا استعمال بھی کر سکتے ہیں۔



شکل۔6(b)

شکل۔6(c) میں بتائیے ہوئے طریقہ پر ڈبے کی دونوں جانب باریک سطح پر دو مستطیلی سوراخ بنائیے۔یہ مستطیلی سوراخ راست طور پر آئینہ کی پٹیوں کے منعکس سطح پر کھلنا چاہیے۔اب آپ کا منظر بین periscope تیار ہے۔



شکل:6(c)

شکل۔6(d)

جب آپ مستطیلی سوراخ نمبر۔2 سے دیکھیں گے تب مستطیلی سوراخ نمبر۔1 کے سامنے کی اشیا نظر آئیں گی۔ اگر آپ درخت کے پیچھے چھپ جائیں تو آپ اپنے منظر بین سے درخت کی دوسری جانب ہونے والے واقعات کو آسانی سے دیکھ سکتے ہیں ۔شکل۔6(d) کا مشاہدہ کیجیے۔ایک لڑکی اپنے کمرہ میں چھپ کر کمرہ کے باہر موجود اشیا کو اپنے منظر بین کے مدد سے کھڑکی کے ذریعہ دیکھ سکتی ہے۔

غور کیجیے: ہم منظر بین میں مستوی آئینہ کی پٹیوں کو ایک دوسرے کے متوازی کیوں رکھتے ہیں؟ اگر مستوی آئینہ کی پٹیاں ایک دوسرے کے متوازی نہ ہوں تو کیا ہوگا؟

یہ کیجیے:6

فرش پر (1 فٹ X 1 فٹ) والے مستوی آئینہ کو رکھئے۔آپ اور آپ کے دوست A,B,C آئینہ کے چاروں جانب شکل۔7 کے مطابق کھڑے رہیے۔اپنے آپ کو اِس ترتیب میں کھڑا کیجیے کہ آپ کے مقابل کے شخص کا خیال آپ کو فرش پر رکھے ہوئے آئینہ میں نظر آ سکے۔

شکل۔7



کیا آپ کے دوست A اور C آئینہ میں یا ایک دوسرے کے خیال کو دیکھ سکتے ہیں۔آپ اُن کے خیال کو کیوں نہیں دیکھ سکتے؟

آپ کے دوست B سے کہیے کہ وہ اپنے جگہ سے ایک فٹ بازو ہٹ جائیں، کیا ہوگا؟ کیا آپ اُس کے خیال کو آئینہ میں دیکھ سکتے ہیں؟ اگر نہیں تو کیوں؟

مستوی آئینہ میں عمود کا تصور کیجیے یہ عمود آئینہ اور فرش پر عمود دار ہوگا۔تصور کیجیے کے شعاع واقع آپ کے دوست B کی جانب سے آ رہی ہے اور مستوی آئینہ پر پڑ رہی ہے تب منعکس شعاع آئینہ کی جانب سے آپ کی طرف پہنچ رہی ہے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

Observe that the incident ray, reflected ray and normal lie in the same plane.

Now think why the image of your friend B is not visible to you when he moves aside. Where should you stand to see his image? Once again imagine the incident, reflected rays and normal and assumed plane. What do you understand?

The incident ray, reflected ray and normal should be in same plane, only then can you see your friend.

Are the incident ray coming from your friend A, reflected ray going towards your friend C and normal in the same plane?

Now let us try to answer why the mirrors in periscope are kept parallel to each other: In a periscope the incident ray for the second mirror is the reflected ray of the first mirror. When these two mirrors are parallel to each other, only then the rays lie in the same plane and can pass through the windows of the periscope.

If these mirrors make some angle with each other, then the reflected ray of the first mirror may not reach the second mirror or the reflected ray of second mirror may not pass through the window of periscope. In both cases we can't see the object with the periscope.

How do we get an image in a mirror?

You would have seen your image in a mirror many times. Do you know how it is formed? During day time the light which falls on you gets reflected and a number of reflected light rays from you that fall on the mirror also get reflected back. These reflected rays reach your eye and make you see your image. See figure 8. Thus formation of image in mirrors is due to reflection of light rays from the mirror.

Fig. - 8

See the figure 9 and observe the lines. They will explain how the image of a candle is formed in the mirror and how you are able to see the image of the candle in the mirror.



Fig. - 9

S.C.E.R.T. TELANGANA

مشاہدہ کیجیے کہ شعاع واقع شعاع، انعکاس اور عمود ایک ہی مستوی میں واقع ہیں۔ آپ غور کیجیے کہ آپ کے دوست B کا خیال آپ نہیں دیکھ سکے جب وہ اپنی جگہ سے بازو ہٹتا ہو۔ اُس کے خیال کو دیکھنے کے لیے آپ کو کہاں کھڑا رہنا چاہیے؟ ایک مرتبہ پھر سے شعاع واقع، شعاع انعکاس اور عمود اور مفروضہ سطح کا تصور کیجیے۔

شعاع واقع جو آپ کے دوست A سے آ رہی ہو منعکس شعاع جو آپ کے دوست C کے جانب جارہی ہے اور عمود کیا یہ سب ایک ہی مستوی میں واقع ہیں۔

منظر بین (periscope) میں مستوی آئینوں کو ایک دوسرے کے متوازی کیوں رکھا گیا ہے۔ اب ہم جاننے کی کوشش کریں گے۔

منظر بین Periscope میں پہلے مستوی آئینہ کی شعاع دوسرے مستوی آئینہ کے لیے منعکس شعاع ہوتی ہے۔ اِسی طرح دوسرے مستوی آئینہ کی شعاع واقع پہلے مستوی آئینہ کے لیے منعکس شعاع ہوتی ہے۔ جب یہ دو مستوی آئینے ایک دوسرے کے متوازی ہوتے ہیں۔ تب ہی یہ شعاعیں ایک ہی مستوی میں واقع ہوتے ہیں۔ اور یہ شعاعیں منظر بین کے مستطیلی سوراخ سے گزرتی ہیں۔ اگر یہ مستوی آئینے ایک دوسرے سے کچھ زاویہ بناتے ہیں تب پہلے مستوی آئینہ کی منعکس شعاع دوسرے آئینہ کی منعکس شعاع منظر بین کی مستطیلی سوراخ سے نہیں گزر سکتی اِن دونوں صورتوں میں منظر بین کی مدد سے ہم کسی بھی شئے کو نہیں دیکھ سکتے۔

مستوی آئینہ میں خیال کس طرح حاصل کر سکتے ہیں؟

آپ اپنا خیال آئینہ میں کئی مرتبہ دیکھ چکے ہونگے۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ یہ کس طرح بنتا ہے۔ دِن کے وقفہ میں روشنی جو آپ پر پڑتی ہے، منعکس ہوتی ہے، کئی منعکس شدہ شعاعیں جو آپ پر پڑتی ہیں، آئینہ پر بھی پڑ کر منعکس ہوتی ہیں۔ یہ منعکس شدہ شعاعیں آپ کی آنکھ تک پہنچتی ہیں اور آپ اپنے خیال کو دیکھ سکتے ہیں۔ شکل۔8 دیکھیے۔ پس آئینہ میں بنے والا خیال آئینہ سے منعکس ہونے والی شعاعوں کی وجہ سے بنتا ہے۔

شکل۔8

شکل۔9 کو دیکھیے اور خطوط کا مشاہدہ کیجیے۔ یہ خطوط آئینہ میں موم بتی کے بننے والے خیال کو سمجھیں گے۔ اور آئینہ میں موم بتی کا خیال کس طرح بنتا ہے، آپ دیکھیں گے۔



شکل:9

S.C.E.R.T. TELANGANA

Can you see the image in the mirror though the object is not seen by you? Look at figure-10. Take a mirror and an object and try.



Fig. - 10

Think: All of you are sitting in your classroom, where and how would you place a mirror to see a tree which is outside the class?

Can all of you see that tree at a time?

If not, what will you do so that each one of you can see the tree without changing your seat?

Take a mirror and try.

Is there any difference between you and your image?

Stand in front of a mirror as shown in figure-11 and observe on which side of you does the pocket on your shirt appear, when you look into the mirror.

Fig. - 11

Fig. - 12

Raise your right hand in front of a mirror as shown in figure-12. Which hand of your image appears raised?

To make your image to comb hair with its right hand, what will you have to do? What do these observations suggest?

In a mirror, right of an object appears .... and left of the object appears ....

Note that only sides are interchanged. This is called ***lateral inversion.***

Activity - 7:

Take a drawing sheet and cut it into a few pieces. Write an English letter in capitals on each piece of drawing sheet. Observe the images of the letters formed in the mirror as shown in figure-13.



Fig. - 13

- Which of the images appear same as the original letter?
- Which of them appear reversed? Why?

Repeat above activity with Telugu / Hindi / Urdu letters and also with numbers 1 to 9 then try to answer the above questions.

S.C.E.R.T. TELANGANA

جو اشیا آپ نہیں دیکھ سکتے اُن کا خیال آئینہ میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔

شکل۔10 دیکھیے۔ایک آئینہ اور ایک شئے لیجیے اور کوشش کیجیے۔



شکل:10

غور کیجیے!

آپ تمام اپنے کمرہ جماعت میں بیٹھے ہوئے ہیں' کمرہ جماعت کے باہر موجود ایک درخت کو دیکھنے کے لیے ایک مستوی آئینہ کو کہاں اور کیسے رکھوگے؟ وقت واحد میں کیا آپ تمام اُس درخت کو دیکھ سکتے ہیں۔اگر نہیں تو آپ اپنی بیٹھی ہوئی جگہ کو تبدیل کیے بغیر ہر ایک اُس درخت کو دیکھنا چاہتے ہوں تو کیا کریں گے؟ آئینہ لیجیے اور کوشش کیجیے۔

کیا آپ کے اور آئینہ میں موجود آپ کے عکس کے درمیان کوئی فرق ہے؟

شکل۔12 کے مطابق آپ اپنے دائیں ہاتھ کو آئینہ کے سامنے اُٹھائیے۔آپ کے بننے والے خیال میں کونسا ہاتھ اُٹھایا ہوا نظر آتا ہے۔

شکل۔11

شکل۔12

آئینہ میں آپ کا خیال سیدھے ہاتھ سے کنگھی کرتے ہوئے نظر آنے کے لیے آپ کیا کریں گے۔

اوپر کے مشاہدہ سے آپ کو کیا معلوم ہوا؟ آئینہ میں کسی بھی شئے کا دایاں حصہ------------جانب اور کسی شئے کا بایاں حصہ-------------جانب نظر آتا ہے۔

نوٹ کیجیے کہ صرف پہلو تبدیل ہوئے ہیں اِس کو طرفی تبدیلی (Lateral inversion) کہتے ہیں۔

یہ کیجیے - 7

ایک ڈرائنگ کا غذ لیجیے اور اس کے چند ٹکڑے کیجیے۔ہر ایک ٹکڑے پر انگریزی کے بڑے حروف تہجی لکھیے۔آئینہ میں اِن کے حروف کے عکس کا مشاہدہ کیجیے۔جیسا کہ شکل۔13 میں بتایا گیا ہے۔



شکل۔13

i) کونسے حروف تہجی کا خیال ویسا ہی نظر آتا ہے

ii) کونسے حروف تہجی کا خیال برعکس ہوا؟ کیوں؟

اِس مشغلہ کو تلگو/ہندی/اُردو کے حروف سے دہرائیے۔اور اِس کے علاوہ 1 تا 9 اعداد سے بھی دہرائیے۔اور اوپر کے سوالات کے جواب دینے کی کوشش کیجیے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔2022-23

Can you spell your name as it appears in a mirror?

Spelling of my name is ....

It appears in the mirror as.............................

Think: On the front side of ambulances, Why the word **AMBULANCE** is written like **ƎƆИA⅃UBMA**

Is the size of an object and its image same?

Activity - 8:

Stand in front of a big mirror. Observe your image. Step back two feet and step forward one foot. Observe your image while you move to and fro. What do you notice? Did your image also move? Estimate the distance from you to the mirror and the distance from the mirror to the image. Is the size of your image equal to your size? Place an object in front of the mirror. Compare the size of the object with its image. Is the size of the object and its image the same?

What can you say about the size of your image when you stand in front of a small mirror and a big mirror? Do you find any difference in the sizes of those images?

You may notice that irrespective of the size of mirrors, the size of image and the size of object are equal.

Think:

Anuvugani chota adhikulamanaradu
Konchamundutella koduva kadu
Konda addamandu konchamai undada
Viswadabhi rama vinuravema

Have you heard of this poem? Why does a mountain look tiny in the mirror?

Images are many . . . Object is one. .

- Have you gone to a hair cutting saloon?
- How many mirrors does the barber generally use in a saloon?

You may notice there is one mirror in the front and another at back of the sitting place. Sometimes barber places a mirror behind your head, as shown in figure-14.

Fig. - 14

Why do they use more mirrors?

How many images do you see when you sit in the chair? Why?

S.C.E.R.T. TELANGANA

آئینہ میں آپ کا نام کیسا نظر آتا ہے۔کیا آپ لکھ سکتے ہیں۔

میرے نام کے حروف ------------------

یہ آئینہ میں اِس طرح نظر آئیں گے ----------

غور کیجیے! ایمبولنس ambulance کے سامنے کے حصّہ میں لفظ AMBULANCE کو اِس طرح لکھا جاتا ہے ایسا کیوں؟ ƎƆИAJUBMA

☆ کیا شئے کی جسامت اور اُس کے خیال کی جسامت مساوی ہوتی ہے؟

یہ کیجیے :- 8

ایک بڑے مستوی آئینہ کے سامنے کھڑے رہیے۔آپ کے خیال کا مشاہدہ کیجیے۔دوقدم پیچھے اور ایک قدم آگے بڑھئیے آگے پیچھے حرکت کرتے ہوئے اپنے خیال کا مشاہدہ کیجیے۔آپ کیا محسوس کرتے ہیں۔کیا آپ کا خیال بھی حرکت کرتا ہے؟ آئینہ کے سامنے سے آپ کا فاصلہ اور آئینہ سے خیال کے فاصلہ کا اندازہ لگائیے۔کیا آپ کی جسامت اور خیال کی جسامت مساوی ہے؟ ایک شئے کو آئینہ کے سامنے رکھیئے۔ شئے کی جسامت کا تقابل اُس کے خیال سے کیجیے۔کیا شخص کی جسامت اور اُس کے خیال کی جسامت یکساں ہے؟

جبکہ آپ ایک چھوٹے آئینے اور بڑے آئینے کے سامنے کھڑے ہوئے ہوں۔کیا آپ ان دونوں خیال کی جسامت کے درمیان فرق محسوس کررہے ہیں؟

آپ یہ محسوس کرتے ہوں گے کہ آئینوں کی جسامت' خیال کی جسامت ، اور شخص کی جسامت کا لحاظ کیے بغیر یہ تمام مساوی ہوتے ہیں۔

خیال کئی ہیں -------- شئے ایک ہی ہے۔

- کیا آپ کبھی اِصلاح خانہ گئے ہیں؟
- اِصلاح خانہ (Hair Cutting saloon) میں حجام عموماً کتنے آئینے اِستعمال کرتا ہے۔

آپ محسوس کیے ہونگے کے اِصلاح خانہ میں ایک آئینہ سامنے کی جانب اور دوسرا آئینہ کُرسی کے پیچھے کی جانب ہوتا ہے۔جیسا کہ شکل۔14 میں بتلایا گیا ہے۔کبھی کبھی حجام آپ کے سر کے پیچھے آئینہ کو رکھ کر آپ کے سر کا پچھلا حصّہ دکھلاتا ہے۔

شکل۔14

وہ کئی آئینوں کو اِستعمال کرتے ہیں؟ کیوں؟

جب آپ اِصلاح خانہ میں کُرسی پر بیٹھے ہوں تو آپ کے کتنے خیالات آپ دیکھ سکتے ہیں؟ کیوں؟

S.C.E.R.T. TELANGANA

How to form multiple images?

Activity - 9:

Take two plain mirrors of same size and join them with a cellophane tape as shown in figure-15. Fold the mirrors through certain angle and place an object between them. How many images can you see?



Fig. - 15

Count the number of images after changing the angle between the mirrors.

What should we do to get more images?

Observe:

Keep the mirrors in such a way that the angle between the mirrors is 90 degrees and observe the images and compare them with the object.

What do you notice?

Is there any difference between those images? Imagine the reason for that.

- How can we use the property of reflection in daily life?
- Have you seen any instrument (or) toy which works, based on reflection?

Activity - 10: A Garden in box

Take an empty shoe box. Place two plane mirrors along the edges. See that the pair of mirrors are parallel to each other and their reflecting surfaces face each other as shown in figure-16.



Fig. - 16

Scratch the centre part of a mirror at its back and make a hole to the wall of the box such that it coincides with the scratched portion of the mirror. Put some flowers in the box. Make a few holes in the lid before closing the box so that light enters into the box. Now look through the hole. You can see a wonderful and beautiful vast garden.

Why does the small area look like a vast garden?

The light which enters the box falls on the flowers, gets reflected and travels in all directions.

ایک ہی شئے کے آپ کئی خیال کیسے حاصل کروگے:

یہ کیجیے :- 9

شکل ۔15 میں بتائیے گئے طریقہ کے مطابق دو ہم جسامت مستوی آئینوں کو لیجیے اور اِن کو سلوفین ٹیپ (cellophane Tape) سے جوڑ دیجیے ۔اِن آئینوں کو کچھ زاویے میں موڑ یئے اور کسی شئے کو اِن کے درمیان دیکھئے ۔اِس شئے کے کتنے خیال آئینہ میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔



شکل ۔15

آئینوں کے درمیان کے زاویہ کو بدلتے ہوئے بننے والے خیال کی گنتی کیجیے ۔ایک شئے کے کئی خیال حاصل کرنے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے۔

مشاہدہ کیجیے :

آئینوں کو اِس طرح ترتیب دیجیے کہ اِن کا درمیانی زاویہ 90^0 ہو۔اور خیال کا مشاہدہ کیجیے اور ان کا شئے سے تقابل کیجیے۔

آپ کیا محسوس کرتے ہیں؟

کیا اِن خیالوں کے درمیان کوئی فرق ہے؟

وجوہات پر غور کیجیے۔

- ہماری روزمرہ زندگی میں ہم انعکاس کی خصوصیات کا اِستعمال کس طرح کر سکتے ہیں؟

- کیا آپ نے ایسا کوئی آلہ یا کھلونا دیکھا ہے، جو اِنعکاس کے اصول پر کام کرتا ہے؟

مشغلہ 10. بکسے میں باغیچہ :

جوتے کا ایک خالی ڈبہ لیجیے ۔ دو مستوی آئینوں کو ایک دوسرے کے متوازی ڈبے کے کناروں پر رکھئے ۔ان کی انعکاسی سطح ایک دوسرے کے مقابل ہو۔جیسا کہ شکل ۔16 میں بتایا گیا ہے۔



شکل-16

شکل:16 میں بتلایا گیا ہے۔آئینہ کے درمیانی حصہ کو کھرچ کر ڈبے کی دیوار میں ایک سوراخ بنائیے ۔ آئینہ میں بنایا ہوا سوراخ اور ڈبہ کا سوراخ ایک دوسرے پر منطبق ہونا چاہئے ۔ڈبہ میں چند پھول ڈالیے ،ڈھکن بند کرنے سے قبل ڈھکن پر چند سوراخ بنائیے ۔ اب آپ سوراخ میں دیکھئے ۔آپ ایک حیرت انگیز اور عجیب باغیچہ کا مشاہدہ کریں گے ۔

کیوں یہ چھوٹا سا خط ایک وسیع باغیچہ کے مانند نظر آتا ہے؟

روشنی ڈبے کے اندر داخل ہوتی ہے ۔پھولوں پر پڑتی ہے اور منعکس ہو کر تمام سمتوں میں حرکت کرتی ہے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

The rays which fall on the mirrors reflect back to the opposite mirror. This process happens again and again. Due to this multiple reflection we can see that small area as a big garden.

Make your own Kaleidoscope:

Activity - 11:

Take three mirror strips of the same size. Tie these strips with rubber bands to form a triangular tube as shown in figure-17(a).



Fig. - 17(a)

While tying the strips together, remember to keep their reflecting surfaces facing each other inside the tube. Cover one end of the tube with translucent paper using a rubber band. Cover the second end with card board sheet and make a hole in it. So that you can look inside it. Your kaleidoscope is ready. Now put few small pieces of coloured glass bangles inside the triangular tube as shown in figure-17(b).



Fig. - 17(b)

Look at the bangle pieces through the hole as shown in figure 17(c).

Fig. - 17(c)

What do you see?

Shake the kaleidoscope and try to see through the hole slowly rotating it. What happens?

Can you explain why this happens?

Think: Have you seen these types of patterns (those observed in kaleidoscope) in your daily life?

Have you ever observed your image in a rearview mirror?

Have you observed the mirrors at both the sides of driver in motor vehicles like bus, car or motorcycle? See figure-18.

Fig. - 18

These are rearview mirrors. These are used by drivers to see vehicles which are moving behind or beside of the vehicle without turning their heads.

S.C.E.R.T. TELANGANA

شعاعیں جو آئینوں پر پڑتی ہیں۔پلٹ کر مقابل کے آئینوں پر منعکس ہوتی ہیں ۔ یہ عمل بار بار ہوتا رہتا ہے۔اِس طرح کے ہمہ اِنعکاس کی وجہہ سے چھوٹا سا خط ہم کو بڑا باغیچہ نظر آتا ہے۔

آیئے ہم اپنی منظر بین Kaleidoscope خود تیار کریں :

یہ کیجیے : 11

ایک ہی جسامت کے 3 مستوی آئینہ کی پٹیاں لیجیے۔اور ربر بیانڈ کی مدد سے انہیں اِس طرح جوڑ یئے کہ وہ مثلثی پائپ کی شکل میں ہوں۔جیسا کہ شکل 17(a) میں کیا گیا۔

شکل۔17(a)

اِن آئینہ کی پٹیوں کو باندھتے وقت یہ خیال رکھیں کہ پائپ میں تینوں آئینوں کی اِنعکاسی سطح ایک دوسرے کے مقابل ہو۔ پائپ کے ایک سرے کو نیم شفاف (Transulcent) کاغذ سے ربر بیانڈ کی مدد سے بند کیجیے۔دوسرے سرے کو مقوے سے بند کر دیجیے۔اور اُس مقوے کے درمیان ایک سوراخ کیجیے اِس طرح کہ پائپ کے اندر دیکھ سکیں۔اب آپ کا منظر بین تیار ہے۔اب اِس سوراخ کے ذریعہ اِس میں چوڑیوں کے چند رنگین ٹکڑے شکل۔17(b) میں بتائے طریقہ کے مطابق ڈالیے۔

شکل۔17(b)

شکل (c)17 میں بتائے ہوئے طریقہ پر اُن چوڑیوں کے ٹکڑوں کو سوراخ کے ذریعہ دیکھیے ۔ آپ کیا دیکھتے ہیں؟

شکل (c) 17

منظر بین ہلایئے اور مقوے کے سوراخ سے آہستہ سے مثلثی پائپ کو گھماتے ہوئے دیکھنے کی کوشش کیجیے۔کیا ہو رہا ہے۔کیا آپ وضاحت کر سکتے ہیں کہ یہ کیوں ہو رہا ہے؟

غور کیجیے : کیا آپ اپنی روزمرہ زندگی میں اِس قسم کے نمونے دیکھ چکے ہیں۔جو کہ آپ نے سیر بین میں مشاہدہ کئے ہیں

کیا کبھی آپ نے عقب بین آئینہ (rearveiw mirror) میں اپنے خیال کا مشاہدہ کئے ہیں؟

شکل۔18

کیا آپ نے موٹر گاڑیاں جیسے کہ بس ، کار موٹر سیکل وغیرہ۔میں ڈرائیور کے دونوں جانب لگے ہوئے آئینوں کا مشاہدہ کیا ہے۔شکل۔ 18 دیکھیے۔یہ آئینے عقب بین آئینے (rearveiw mirror) ہیں، اِن آئینوں کو ڈرائیور پیچھے سے اور بازو سے آنے والی گاڑیوں کو اپنا سر گھمائے بغیر دیکھتا ہے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

Have you ever observed your image in that mirror? How is your image in that mirror?

Activity - 12:

Take a plane mirror. Go to a vehicle. Observe your image in the rearview mirror and as well as in the plane mirror. What difference do you find?

You might have noticed that the image formed by a rearview mirror is smaller than the image in a plane mirror. Why it is like that?

What is the difference between these two mirrors? Observe their shapes and find the difference.

Have you observed reverse image of yourself in any mirror?

Activity - 13:

Try to observe your image in a stainless steel spoon. The curved shining surfaces on either side of a spoon acts as a mirror as shown in figure-19.

Fig. - 19

How is the image on the outer portion of the spoon? How is the image on the inner portion of the spoon? When you look at the inner portion of the spoon you find a reversed image. The inner portion of spoon acts as concave mirror. When you look at the outer portion of the spoon you find small size image of you. Outer portion of spoon acts as a convex mirror.

Have you seen the mirrors whose reflecting surfaces look like the head of a steel spoon? (See figure-20) The mirrors which contain curved reflecting surface are called **spherical mirrors.** They are two types.

1) Concave mirror **2) Convex mirror**



Fig. - 20

Why do we call concave and convex mirrors as spherical mirrors?

Activity - 14:

Take a rubber ball and cut a portion of it with knife as shown in figure 21. (Be careful. Ask your teacher to help you in cutting the ball).



Fig. - 21

S.C.E.R.T. TELANGANA

کیا کبھی آپ نے اِن آئینوں میں اپنے خیال کا مشاہدہ کیا ہے؟اِن آئینوں میں آپ کا خیال کیسا ہوتا ہے؟

یہ کیجیے :- 12

ایک مستوی آئینہ لیجیے۔ایک موٹر گاڑی کے پاس جائیے اور عقب بین آئینے میں اپنے خیال کا مشاہدہ کیجیے۔اِس کے ساتھ ساتھ مستوی آئینہ میں اپنے خیال کا مشاہدہ کیجیے۔آپ کیا فرق محسوس کرتے ہیں؟

آپ یہ محسوس کریں گئے کہ عقب بین آئینہ میں بننے والا خیال مستوی آئینہ میں بننے والے خیال سے چھوٹا ہے ۔ایسا کیوں ہوتا ہے؟اِن دو آئینوں میں کیا فرق ہے اِن اشکال کا مشاہدہ کیجیے اور اِن کا فرق معلوم کیجیے۔

کیا کسی آئینہ میں آپ اپنے معکوس خیال کا مشاہدہ کیا ہے؟

یہ کیجیے : 13

اِسٹین لیس اِسٹیل چمچے میں اپنے خیال کا مشاہدہ کرنے کی کوشش کیجیے۔شکل۔19 کے مطابق چمچے کے دونوں منحنی چمکدار سطح ایک آئینہ کے مانند کام کرتی ہیں۔چمچے کے بیرونی حصّہ پر آپ کا خیال کیسا ہوتا ہے؟

شکل۔19

چمچے کے اندرونی حصّہ میں خیال کیسا ہوتا ہے؟چمچے کے اندرونی جانب جب آپ دیکھیں گے تو آپ کا خیال معکوس نظر آئیگا۔چمچہ کا اندرونی حصّہ مقعر آئینہ کے مانند کام کرتا ہے۔

جب آپ چمچے کے بیرونی حصّہ پر دیکھیں گے تو آپ کا خیال جسامت میں چھوٹا نظر آئے گا۔چمچے کا بیرونی حصّہ محدب آئینہ کی مانند کام کرتا ہے۔

اِسٹیل کے چمچے کے سرے کے مانند کسی آئینہ کے اِنعکاسی سطحوں کو کیا آپ دیکھ چکے ہیں ۔شکل۔20 دیکھئے۔وہ آئینے جن کی انعکاسی سطح منحنی ہو وہ کروی آئینے کہلاتے ہیں۔یہ دو قسم کے ہیں۔

1) مقعر آئینہ   2) محدب آئینہ



شکل: 20

ہم کیوں مقعر اور محدب آئینوں کو کروی آئینے کہتے ہیں؟

14. یہ کیجیے!

شکل۔21 کے مطابق ایک ربر کی گیند کو لیجیے اِس کے ایک حصّہ کو چاقو سے کاٹیے۔گیند کو کاٹنے میں آپ اپنے معلم سے مدد لیجیے۔

شکل: 21

S.C.E.R.T. TELANGANA

The inner surface of the cut piece of ball is called concave surface and the outer surface of it is called convex surface.

If the reflecting surface of a mirror is concave, it is called a concave mirror see figure-22(a).



Fig. - 22(a)

If the reflecting surface is convex, then it is called as convex mirror. See figure-22(b).



Fig. - 22(b)

Any convex or concave mirror is a part of a sphere. Hence these mirrors are called spherical mirrors.

Let us form images with Spherical mirrors

Activity - 15:

Place the concave and convex mirrors on two different V-stands. Put two candles of same size in front of them as shown in figure-23.

Fig. - 23

Adjust the position of candles, to form clear images in the mirrors. Observe the sizes of images and compare them with candle sizes.

- What difference do you notice between the image and object in a convex mirror?
- What difference do you notice between the image and object in a concave mirror?

Can we obtain the images formed by mirrors on the screen?

Activity - 16: (try this activity in a dark room)

Place a concave mirror on a V-stand. Place a lighted candle in front of it. Place a thick white paper or white drawing sheet behind the candle. This acts as a screen. See figure-24.

S.C.E.R.T. TELANGANA

کاٹے ہوئے گیند کی اندرونی سطح مقعر اور بیرونی حصّہ محدب سطح کہلاتی ہے۔اگر آئینہ کی انعکاسی سطح مقعر ہوتو اِس کو مقعر آئینہ بین شکل (22a)



شکل۔(22(a

اگر انعکاسی سطح محدب ہوتب اِس کو محدب آئینہ کہتے ہیں۔ شکل (22(b دیکھیے۔



شکل۔(22(b

کوئی بھی مقعر یا محدب آئینہ کرہ کا ایک حصّہ ہوتا ہے۔لہٰذا یہ آئینے کروی آئینے کہلاتے ہیں۔

آیئے کروی آئینے سے خیال بنائیں :

یہ کیجیے: -15

دومختلف V اِسٹانڈ پر مقعر اور محدب آئینے رکھیے۔ شکل۔23 کے مطابق ایک ہی جسامت کی دوموم بتیوں کو ان

شکل۔23

اِسٹانڈ کے سامنے رکھیے۔

موم بتیوں کے مقام کو اِس طرح ترتیب دیجیے کے آئینہ میں ان کا خیال واضح نظر آسکے۔موم بتیوں کے خیالات کی جسامت اور موم بتیوں کی جسامت کا تقابل کرتے ہوئے مشاہدہ کیجیے۔

- محدب آئینہ میں بننے والے خیال اور شئے کے درمیان آپ کیا فرق محسوس کرتے ہیں ؟
- مقعر آئینہ میں خیال اور شئے کے درمیان آپ کیا فرق محسوس کرتے ہیں۔

آئینوں سے بننے والے خیالات کو کیا آپ پردہ پر حاصل کر سکتے ہیں؟

یہ کیجیے: -16

(اِس مشغلہ کو تاریک کمرہ میں انجام دیجیے)

ایک مقعر آئینہ کو V اِسٹانڈ پر ترتیب دیجیے۔ایک جلتی ہوئی موم بتی کو اِس فریم کے سامنے رکھئے۔موم بتی کے پیچھے ایک موٹا سفید ڈرائنگ شیٹ رکھیے یہ پردہ کی مانند کام کرتاہے۔شکل۔24 دیکھیے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA



Fig. - 24

Adjust distances between candle and mirror, screen and mirror by moving them either forward or backward till a clear image appear on the screen.

Repeat the activity using a convex mirror and plane mirror in place of concave mirror.

Images of which mirror are formed on the screen?

The image that can be obtained on a screen is called a ***Real Image.*** We can see this image in the mirror too.

The image that can't be obtained on a screen but can be seen only in the mirror is called a ***Virtual Image.***

Think:

Every day we see our image in a plane mirror. Is it a real or virtual image? How can you decide?

Have you noticed the surface of reflection in a torch light? Or in a head light of a vehicle?

Observe the torch light or headlight of a vehicle. You notice a concave mirror behind the bulb (See figure 25). Due to this concave surface the brightness of a small bulb is increased.



Fig. - 25

Imagine: What happens if the surface of reflection in the torch or in a head light of a vehicle is convex like in figure 26?



Fig. - 26

Dentists use mirrors to examine our teeth (See figure-27).



Fig. - 27

These mirrors used by doctor help to see a bigger image of teeth.

S.C.E.R.T. TELANGANA



شکل۔24

موم بتی اور آئینہ کے درمیان فاصلہ کو ترتیب دیجیے۔ پردے اور آئینہ کو اِس طرح حرکت دیجیے کہ پردہ پر واضح خیال حاصل ہو۔

معقر آئینہ کی جگہ پر مستوی آئینہ اور محدب آئینہ کو بدل کر اِس مشغلہ کو دہرائیے۔

کونسے آئینوں سے بننے والے خیالات پردہ پر حاصل ہوتے ہیں؟

پردہ پر حاصل ہونے والے خیال کو حقیقی خیال **Real Image** کہا جاتا ہے۔اِس خیال کو ہم مستوی آئینہ پر دیکھ سکتے ہیں۔

ایسا خیال جو پردہ پر حاصل نہ کیا جا سکتا ہو لیکن دیکھا جا سکتا ہو" **مجازی خیال** **Virtual Image** کہلاتا ہے۔

غور کیجیے:

ہر روز ہم اپنا خیال آئینے میں دیکھتے ہیں۔کیا یہ خیال حقیقی یا مجازی ہے آپ کیسے طئے کر سکیں گے؟

ٹارچ لائٹ میں یا کسی موٹر گاڑی کے ہیڈ لائٹ میں اِنعکاسی سطح کو کیا آپ نے غور کیا ہے؟

کسی موٹر گاڑی کے ہیڈ لائٹ یا ٹارچ لائٹ کا مشاہدہ کیجیے۔ جیسا کہ شکل۔25 میں بتلایا گیا ہے کہ مقعر آئینہ کے پیچھے ایک بلب ہوتا ہے۔اِس مقعر سطح کی وجہ سے چھوٹے سے بلب کی روشنی میں اضافہ ہوتا ہے۔



شکل:25

تصور کیجیے: شکل۔26 کی طرح اگر کسی موٹر گاڑی کی ہیڈ لائٹ اور ٹارچ لائٹ میں اگر اِنعکاسی سطح محدب ہو تو کیا ہوگا؟

شکل۔26

دانتوں کے ڈاکٹر (Dentist) ہمارے دانتوں کا معائنہ کرنے کے لیے آئینہ کا اِستعمال کرتے ہیں۔شکل:27 دیکھیے۔یہ ڈاکٹر کی جانب سے اِستعمال کیئے جانے والے آئینے دانتوں کے خیال کو بڑا کرکے دیکھنے میں مدد دیتے ہیں۔

شکل۔27

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23

What type of mirrors they use? Plane mirrors? Convex mirrors? Concave mirrors? Think.

In our daily life while we stand in front of windows we observe our images on the glass of some windows but don't find images on the glass of some other windows. Why?

Our image is clear when we stand in front of certain types of glass as shown in figure-28(a). Our image is not clear when we stand in front of some other types of glass as shown in figure-28b.

Fig. - 28(a)

Fig. - 28(b)

- Why do certain glasses form clear images?
- Why are images in some other glasses not clear?

Reflection from a smooth surface like that of a mirror is called **regular reflection** (see figure-29). Clear images are formed in case of regular reflection.


Fig. - 29

Reflection from a rough or irregular surface is called **irregular reflection** or diffused reflection (see figure-30). Images are not clear in case of irregular reflection. In some cases we can't find the image at all.


Fig. - 30

If the surface of the window glass is smooth, due to the regular reflection we are able to see our image in that glass. But if the surface of the window glass is rough, due to the irregular reflection we can't find our image or we find unclear images in that glass.

Let us try this:

Observe the image of the sun or a tree in still water. Later, disturb the water by throwing a pebble. How does the image of the Sun or the tree appear now? Why?

Let us try this

Keep a mirror close your face and look into it. Move the mirror backward and observe the image. What change do you observe? Try this activity using Convex, Concave mirrors. In which mirror do you get an inverted image? At what distance does it happen?

S.C.E.R.T. TELANGANA

وہ کس قسم کے آئینے ہیں؟ ہماری روزمرہ زندگی میں جب ہم کھڑکی کے سامنے کھڑے ہوتے ہیں اور کھڑکی کے شیشے میں اپنے خیالات کا مشاہدہ کرتے ہیں۔لیکن چند کھڑکیوں کے شیشوں میں ہم اپنے خیال حاصل نہیں کر سکتے کیوں؟

جیسا کہ شکل۔(a)28 میں بتایا گیا ہے کہ جب ہم کسی مخصوص شیشے والی کھڑکی کے سامنے کھڑے رہتے ہیں۔تب ہمارا عکس اُس میں واضح نظر آتا ہے۔ جیسا کہ شکل(b)28 میں بتایا گیا ہے۔جب ہم دوسرے قسم کے شیشے والی کھڑکیوں کے سامنے کھڑے رہتے ہیں تب ہمارا خیال واضح نظر نہیں آتا۔جیسا کہ

شکل۔(b)28 میں بتایا گیا ہے

شکل۔(a)28   شکل۔(b)28

- کیوں اِن مخصوص شیشوں میں ہی واضح خیال بنتا ہے؟
- دوسرے قسم کے شیشوں میں خیال واضح کیوں نہیں ہوتے؟

جب چکنی سطح والے آئینوں سے انعکاس ہوتا ہے تو اس کو **’’با قاعدہ اِنعکاس‘‘** (Regular Reflection) کہتے ہیں۔شکل۔29 دیکھیے۔باقاعدہ اِنعکاس کی صورت میں واضح خیالات حاصل ہوتے ہیں۔



شکل۔29

غیر مسطح یا کھُردری سطح سے ہونے والے اِنعکاس کو **’’بے قاعدہ اِنعکاس‘‘** (Irregurar Reflection) کہتے ہیں۔شکل۔30 دیکھیے۔



شکل۔30

بے قاعدہ اِنعکاس کی صورت میں خیالات واضح نظر نہیں آتے۔ چند صورتوں میں ہم خیال حاصل نہں کر سکتے۔ اگر کھڑکی کے شیشہ کی سطح چکنی ہو باقاعدہ اِنعکاس کی وجہ سے اِن شیشوں میں ہم اپنا خیال واضح دیکھ سکتے ہیں۔لیکن اگر کھڑکی کے شیشہ کی سطح کھُردری ہو تو بے قاعدہ اِنعکاس کی وجہ سے ہم اپنا خیال حاصل نہیں کر سکتے یا اُس شیشہ میں خیال غیر واضح ہوتا ہے۔

یہ کوشش کیجیے :

ساکت پانی میں سورج یا درخت کے خیال کا مشاہدہ کیجیے۔بعد میں پانی کی سطح میں کنکریاں پھینک کر ہیجان پیدا کیجیے۔اب سورج اور درخت کا خیال کس طرح نظر آتا ہے؟اور کیوں؟

یہ کوشش کیجیے :

آئینہ کو اپنے چہرہ کے نزدیک رکھئے اور اُس کے اندر دیکھئے۔آئینہ کو پیچھے حرکت دیجیے اور خیال کا مشاہدہ کیجیے۔آپ کس قسم کی تبدیلی کا مشاہدہ کرتے ہیں؟اِس مشغلہ کو مقعر اور محدب آئینوں کو اِستعمال کر کے کیجیے۔کس آئینہ میں آپ کا خیال اُلٹا نظر آتا ہے۔اور یہ کتنے فاصلہ پر واقع ہوتا ہے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

Key words:

Incident Ray, Reflected Ray, Normal, Angle of Incidence (∠i), Angle of Reflection (∠r), Periscope, Lateral Inversion, Kaleidoscope, Rear view mirror, Spherical mirror, Convex Mirror, Concave mirror, Real Image, Virtual Image, Regular Reflection, Irregular Reflection.

What we have learnt?

- Light changes its direction when it is obstructed by any object. This phenomenon is called reflection.
- Angle of incidence is equal to an angle of reflection. We denote angle of incidence with **∠i** and the angle of reflection with **∠r**.

  Measure of **∠i** = measure of **∠r**.
- In the image formed by a mirror, right of the object appears as left and left of the object appears as right. This is called Lateral Inversion.
- The distance from the object to a plane mirror is equal to the distance of the image from the mirror .
- Irrespective of size of the plane mirror, the size of the image in the mirror is equal to the size of the object.
- Any object which is far away from us looks smaller in size. In the same way its image in the plane mirror will also look smaller.
- Plane mirror forms single image. If we want to form multiple images two plane mirrors need to be kept at an angle.
- The number of images increases when we reduce the angle between two mirrors.
- In a rearview mirror (convex mirror) we get diminished image of the object.
- In a mirror which is used by Dentist (concave mirror) we get enlarged image of the object.
- The image that can be obtained on a screen is called a Real Image.
- The image that can't be obtained on a screen but can be viewed in the mirror is called a Virtual Image.
- Torches, headlights of vehicle have concave mirrors behind the bulb for reflection.
- Reflection from a smooth surface is called regular reflection.
- Reflection from a rough surface is called irregular reflection.

Improve your learning

1. Vidya made a Periscope making slits like this as shown in the figure. Will it work or not? Explain your answer. Try to make a periscope like this and see whether it works or not?

S1S9A1

S.C.E.R.T. TELANGANA

کلیدی الفاظ:

شعاع واقع، شعاع منعکس، عمود، زاویہ وقوع (i) زاویہ منعکس(r)، منظربین،طرفی تبدیل، سیربین، عقب بین آئینہ، کروی آئینہ، مقعر آئینہ، محدب آئینہ، حقیقی خیال مجازی خیال، باقاعدہ اِنعکاس، بے قاعدہ انعکاس

ہم نے کیا سیکھا :

1. نورکی شعاعیں جب کسی شئے سے ٹکراتی ہیں تو واپس پلٹتی ہیں اِس واقع کو اِنعکاس (Reflection) کہتے ہیں۔
2. زاویہ وقوع مساوی ہوتا ہے زاویہ انعکاس کے زاویہ وقوع کو (i) سے ظاہر کرتے ہیں
i کی پیمائش = r کی پیمائش
(مستوی آئینہ کے لیے)
3. آئینہ سے بننے والے خیالا ت میں کسی شئے کا دایاں حصّہ بایاں نظر آ تا ہے اور بایاں حصّہ دایاں نظر آ تا ہے اِس کو طرفی تبدیلی (Lateral Inversion) کہتے ہیں۔
4. ایک مستوی آئینہ سے شخص کا فاصلہ اور آئینہ سے خیال کا فاصلہ مساوی ہوتا ہے۔
5. مستوی آئینوں کے جسامت کا لحاظ کیے بغیر آئینہ میں خیال کی جسامت شئے کی جسامت کے برابر ہوتی ہے۔
6. کوئی بھی شئے جو ہم سے دور فاصلہ پر ہو جسامت میں چھوٹی نظر آتی ہے۔اِسی طرح مستوی آئینہ کے اندر خیال دور کے فاصلہ کی وجہہ سے چھوٹا نظر آ تا ہے۔
7. مستوی آئینہ میں صرف ایک ہی خیال بنتا ہے ۔اگر ہم دو مستوی آئینوں میں کئی خیالات حاصل کرنا چاہتے ہوں تو اِن آئینوں کوایک دوسرے سے زاویہ میں رکھنا ضروری ہے۔
8. دو آئینوں کے درمیان اگر ہم زاویہ کو گھمائیں تو خیالات کی تعداد بڑھتی ہے۔
9. عقب بین آئینہ (rearview mirror) میں محدب آئینہ کی وجہ سے شئے کا خیال چھوٹا حاصل ہوتا ہے۔
10. دانتوں کے ڈاکٹر کے اِستعمال کردہ مقعر آئینے (covcave mirror) میں ہم کسی شئے کا خیال بڑا حاصل کرتے ہیں۔
11. پردہ پر حاصل ہونے والا خیال حقیقی خیال (Real Image) کہلاتا ہے۔
12. پردہ پر حاصل نہ ہونے والا خیال لیکن آئینہ میں نظر آنے والا خیال مجازی (Virtual Image) کہلاتا ہے۔
13. ٹارچ لائٹ،موٹر گاڑی کی ہیڈ لائٹ کے بلب کے پیچھے مقعر آئینہ ہوتا ہے۔
14. چکنی سطح سے ہونے والے اِنعکاس کو باقاعدہ انعکاس کہتے ہیں۔کھر دُری سطح سے ہونے والے اِنعکاس کو بے قاعدہ اِنعکاس کہتے ہیں۔

اپنے اکتساب کو بڑھائیے :

1. نیچے دی گئی تصویر کے مطابق عائشہ نے ایک منظر بین (Periscope) بنایا۔کیا یہ منظر بین کام کریگا؟ یا نہیں؟ آپ کے جواب سے وضاحت کیجیے؟اِس طرح ایک منظر بین بنا نے کی کوشش کیجیے؟ اور دیکھیے کہ یہ کام کرتا ہے یا نہیں؟



2. (a) Draw reflected ray in the figure given here.



(b) Mark the position of the image in the figure given here by dotted lines.



3. How do you relate angle of reflection and angle of incidence? What will be the angle of reflection when angle of incidence is

(a) 60° (b) 0°

4. Imagine that your sister is viewing a cricket match on a TV and you are viewing the same cricket match in a mirror which is opposite to the TV. What difference do you notice in the match?

5. Write the mirror image of your name?

.... (in English)

.... (in Telugu)

6. You are given the mirror image of a name. Can you find out the actual name?

AYЯUƧ

Place a mirror in front of this figure and check your answer.

7. Get three mirror strips, two rubber bands, card board sheet, translucent paper, and broken bangle pieces and make a Kaleidoscope.

8. Observe the following figures.



Fig. - 1



Fig. - 2

How many images would you observe in the mirrors in the above cases? Write your guesses.

Fig. - 1 ....

Fig. - 2 ....

Do experiments and check whether your guesses are correct or not? Give reasons.

9. Write examples of multiple images formed in your daily life?

10. Observe the figure and identify which type of mirror is used? How do you justify it?



11. Sai lighted a candle in his house when power went off. His mother placed it in front of a mirror. Sai observed something that excited him. What change would have excited Sai? Some questions came to his mind. Can you guess the questions? Write a few such questions.

12. Unexpectedly some water sprinkled on a mirror while Madhu was shaving his face. Did he observe any difference in his image? If yes, explain why?

13. Imagine that all the houses in your street have elevation with mirrors. Suppose you and your friends are walking in the street. Would you experience any difficulties when you walk through that street? Predict and explain. Is it difficult for birds to live or fly in that street? Why?

S.C.E.R.T. TELANGANA

2. (a) شکل میں دی گئی منعکس شعاع کو اتاریئے۔



(b) نقاطی خطوط سے بتلائے گئے خیال کے مقام کی نشان دہی کیجیے۔

3. شعاع واقعے اور شعاع منعکس کو آپ کس طرح جوڑیں گے شعاع منعکس کیا ہوگا جبکہ شعاع واقع (i) 60^{o} (ii) 0^{o}

4. تصور کیجیے کہ آپ کی بہن ٹی۔وی میں کرکٹ میاچ دیکھ رہی ہے۔اور آپ ٹی۔وی کے مخالف سمت میں نظر آئے آئینہ میں اُسی کرکٹ میاچ کو دیکھ رہے ہیں میاچ میں آپ کس قسم کا فرق محسوس کرتے ہیں۔

5. آپ کے نام کے حروف کا آئینہ میں بننے والا عکس لکھیے۔

انگریزی-------------------------------

اُردو-------------------------------

6. آپ کے نام کے حروف کا خیال آئینہ میں آپ دیکھ چکے ہیں۔کیا آپ حقیقی نام حاصل کرسکتے ہیں؟

اِس شکل کے سامنے آئینہ رکھیے اور اپنے جواب کی تصدیق کیجیے؟

7. تین مستوی آئینہ کی پٹیاں، 2 ربر بیانڈ، مقوعہ کا ٹکڑا، نیم شفاف کاغذ، ٹوٹے ہوئے چوڑیوں کے رنگین ٹکڑے حاصل کیجیے۔اور سیر بین تیار کیجیے۔

8. ذیل کی شکل کا مشاہدہ کیجیے۔



شکل-1 شکل-2

اوپر کی صورت میں آئینہ میں کتنے خیالات بن سکتے ہیں مشاہدہ کیجیے؟ انداز ہ کرکے لکھیے۔

شکل: 1-------------------------------

شکل: 2-------------------------------

تجربہ کیجیے، اندازہ لگایئے اور جوابات کی تصدیق کیجیے؟ کہ یہ دُرست ہیں یا نہیں؟

9. آپ کی روزمرہ زندگی میں بننے والے ہمہ خیالات (Multiple Image) کی مثالیں دیجیے۔

10. شکل کا مشاہدہ کیجیے۔اور شناخت کیجیے کہ کس قسم کا آئینہ اِستعمال کیا گیا ہے۔آپ کے جواب کی تصدیق آپ کس طرح کریں گے۔



11. جب برقی چلی جائے تو سراج اپنے گھر میں موم بتی روشن کرتا ہے۔ اِس کی والدہ نے موم بتی کو آئینہ کے سامنے رکھا۔ سراج کوکسی چیز نے حیرت میں ڈال دیا ہے۔کونسی تبدیلی سراج کو حیرت میں ڈالی ہوگی سراج کے ذہن میں چند سوالات اُبھرتے ہیں۔ کیا آپ اُن سوالات کا انداز ہ لگا سکتے ہیں؟ ایسے چند سوالات لکھیے۔

12. انور جب اپنا چہرہ بنا رہا تھا تب پانی کے چند قطرے غیر متوقع طور پر آئینہ پر گر گئے۔کیا وہ آئینے میں نظر آنے والے اپنے خیال میں کوئی فرق محسوس کرتا ہے؟ اگر ہاں تو سمجھایئے کیوں؟

13. تصور کیجیے کہ آپ کی گلی میں تمام مکانات کو آئینوں سے سجایا گیا ہے۔فرض کرو کہ آپ اور آپ کا دوست گلی میں چل رہے ہیں۔جب آپ گلی میں چل رہے ہوں تو کیا آپ کسی قسم کی تکلیف محسوس کررہے ہیں۔انداز ہ لگایئے؟ اور سمجھایئے۔؟ کیا اُس گلی میں پرندوں اور مکھیوں کا جینا مشکل ہے۔؟ کیوں؟

S.C.E.R.T. TELANGANA

14. Take an empty tooth paste box and two mirror strips of required size and make a periscope.

15. What is the angle between two plane mirrors when there are five images?

16. What is the difference between convex and concave mirrors? Draw the diagrams of concave and convex mirrors.

17. Where do you find irregular reflection in daily life? Give some examples.

18. Mirrors help us to see all the objects around us without turning our heads. How do you appreciate the role of mirrors in our life.

19. Army people can see their enemies while hiding themselves with the help of periscopes. How do you appreciate the use of periscope for their security.

20. Imagine what would happen if there are no rearview mirrors attached to vehicles and there are no concave mirrors in head lights of the vehicles. How do you appreciate the role of convex and concave mirrors in safe driving.

21. While constructing a new house, Kishan's uncle rejected his wife's request of glass elevation to the building, saying that "It is harmful to the birds and also our selves". How do you appreciate the decision of Kishan's uncle?

22. Collect information from your elders and shopkeepers about where we use more mirrors and why?

23. Collect information about which objects of your school and home work like a mirror and why? Identify the similarities among those objects.

24. Can we use a plain mirror in place of rear view mirror Yes/No give the reason.

25. A mirror is hanging in your room. Your friend is sitting in the same room in a chair. If your friend wants to see you in a mirror, how will you adjust your position? Explain.

S.C.E.R.T. TELANGANA

Nature is like a big school for us.

While trees, ants teach the philosophy of labour, trees and others preach benevolence.

- کیا دم کش ہوا اور باہر خارج کردہ ہوا ایک جیسی ہوتی ہے؟ اگر نہیں تو ان دونوں میں کیا فرق ہے؟

دونوں اِمتحانی نلیوں کو صاف کرکے اِن میں ایک چوتھائی چونے کا پانی ڈالیے۔ اور ہوا کو پھونکتے اور اندر لیتے ہوئے مذکورہ بالا تجربہ کو دہرائیے۔ تجربہ کے مشاہدات کی بنیاد پر مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات دیجیے۔

- تجربہ کے اِنعقاد سے پہلے A اور B اِمتحانی نلیوں میں موجود چونے کا پانی کا رنگ کیسا تھا۔
- ہوا پھونکتے اور اندر لینے پر کس اِمتحانی نلی میں چونے کا پانی دودھیے رنگ میں تبدیل ہوگیا؟
- آپ نے تجربہ میں دم کش (Inhaled air) اور باہر خارج کردہ (exhaled air) ہوا کے درمیان کیا فرق محسوس کیا؟

آپ نے ''کاربن ڈائی آکسائیڈ کی دریافت'' ذیلی عنوان کے تحت چونے کے پانی سے کاربن ڈائی آکسائیڈ کی شناخت کو پڑھا ہے۔

- آپ کی حاصل کردہ معلومات کی بنیاد پر کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ باہر خارج کردہ (exhaled air) ہوا میں کونسی گیس موجود ہوتی ہے۔
- کیا آپ بیان کرسکتے ہیں کہ یہ گیس زفیر ہوا میں کہاں سے اور کیسے آئی ہے۔

ہوا، جو کہ ہم سانس کے ذریعہ لیتے ہیں۔ اُس میں آکسیجن کے علاوہ اور کئی گیسوں کا آمیزہ ہوتا ہے۔ اِسی طرح ہوا جو ہم باہر چھوڑتے ہیں اُس میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کے علاوہ کئی گیسوں کا آمیزہ پایا جاتا ہے۔ ہر ایک 1000 ملی لیٹر دم کش (Inhaled Air) اور باہر خارج کردہ ہوا (Exhaled Air) میں پائے جانے والی گیسوں کی مقدار حسب ذیل ہے۔

جدول۔1

سلسلہ نشان	(Gases) گیس	دم کش ہوا (Indhaled air) ملی میٹر	زفیری ہوا (Exhaled Air) ملی میٹر
1	آکسیجن	210	65
2	کاربن ڈائی آکسائیڈ	0.4	40
3	نائٹروجن اور دیگر گیس	790	795

تجربات 5'6'7 اور ذیل کے جدول کی بنیاد پر دم کش ہوا اور باہر خارج کردہ ہوا کے درمیان فرق بتلائیے۔

مذکورہ تجربات اور جدول کے مطالعہ سے حاصل اس قسم کی تبدیلیوں سے ہم اس عمل کے تعلق جان چکے ہیں جو سانس لینے کے عمل سے بھی بالاتر ہے۔ تنفس کہلاتا ہے۔

غور کیجیے!

ہمارے پھیپھڑوں میں پہنچے کے بعد ہوا کیسا تھ کیا ہوتا ہے؟ اِسکول کے کُتب خانہ سے یا اپنے اساتذہ سے معلوم کرنے کی کوشش کیجیے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

Breathing in other Animals:

Let us study some organisms and find out how they breathe.

Fish:

Observe fishes in an aquarium. Fishes continuously open and close their mouth in water. Why do the flaps on both sides of the head alternately open and close?



Fig. - 7: Fish

If you look below the flaps, you will see red colored gills. These are the respiratory organs of the fish. The water that enters the mouth flows through both the gills as it comes out of the flaps. The gills absorb the oxygen that is dissolved in the water. This oxygen is carried to different parts of the body.

Frog:



Fig. - 8: Frog

In class 6 we have studied that frog is able to stay on land, in water and even underground. How does it manage to do so? To breathe on land it has lungs while it goes deep underground and sleeps twice every year, its moist skin takes over the function of its lungs. In baby frogs or tadpoles there are special organs like that of fishes called gills. These gills help them to breathe in water by taking in the air dissolved in water.

Fig. - 9: Tadpoles

Cockroach

A cockroach has small openings on the sides of its body. Other insects have similar openings. On the underside of the cockroach in each segment, there are small holes which are connected through respiratory tubes in a network. These help the cockroach to breathe. These holes are called spiracles. The network of respiratory tubes called trachea take air from these spiracles, circulate it throughout the body, collect it back and send it out through these spiracles.

S.C.E.R.T. TELANGANA

دیگر جانوروں میں سانس لینے کا طریقہ کار :

دیگر جانوروں کا مطالعہ کریں اور معلوم کریں کہ وہ کس طرح سانس لیتے ہیں

مچھلی:

کسی ایکیوریم میں سے مچھلیوں کا مشاہدہ کیجیے۔مچھلیاں پانی میں مسلسل اپنے مُنہ کو کھولتی ہیں اور بند کرتی رہتی ہیں۔وہ اپنے سر کے دونوں جانب خشیوم پوش کو بند کرتے ہیں اور کھولتے ہیں؟



شکل۔7

اگر آپ خیشوم پوشی کو کھول کر دیکھیں گے تو سرخ رنگ کے گلپھڑے نظر آئیں گے۔یہ مچھلی کے تنفّسی اعضاء ہوتے ہیں۔

پانی مُنہ کے ذریعہ گلپھڑوں سے ہوتا ہوا باہر کی جانب بہتا ہے۔

گلپھڑے پانی میں حل پذیر آکسیجن کو جذب کر لیتے ہیں اور یہ آکسیجن جسم کے مختلف حصّوں کو پہنچائی جاتی ہے۔

مینڈک:



شکل۔8

جماعت ششم میں ہم نے پڑھا ہے کہ مینڈک زمین میں پانی اور زیر زمین بھی زندہ رہ سکتا ہے۔وہ تینوں مقامات میں کس طرح زندہ رہ سکتا ہے؟ جب وہ زمین پر ہوتا ہے اس وقت پھیپھڑوں سے تنفّسی عمل انجام دیتا ہے۔سال میں دومرتبہ زیر زمین پہنچ کر وہ گہری نیند لیتا ہے۔اس دوران یہ جلد کے ذریعہ تنفس انجام دیتا ہے۔مینڈک کے جلد میں رطوبت پائی جاتی ہے جو تنفس کا فعل انجام دیتی ہے۔

مینڈک کے غوکچوں (Tadpoles) میں تنفس کے لیے خصوصی اعضاء گلپھڑے ہوتے ہیں۔جن سے وہ پانی میں حل پذیر آکسیجن حاصل کرتے ہیں۔

مینڈک کا غوکچہ صرف پانی میں ہی زندہ رہ سکتا ہے۔جبکہ مینڈک زمین پر اور پانی دونوں میں زندگی بسر کرسکتا ہے۔بعض اوقات آپ نے مینڈک کو زیر زمین دیکھا ہوگا۔



شکل۔9:مینڈک کے غوکچے (Tadpoles)

جھینگر (Cockroach)

جھینگر کے جسم کے دونوں جانب چھوٹے چھوٹے سوراخ پائے جاتے ہیں۔دوسرے حشرات کے جسم پر بھی اسی طرح کے سوراخ پائے جاتے ہیں۔جنہیں تنفّسی روزن (Spiracles) یا منفسے کہا جاتا ہے۔جھینگر کے جسم کے اندرونی حصّے کے ہر قطعہ میں یہ سوراخ تنفّسی نالیوں سے جڑے ہوئے ہوتے ہیں جو جال کی طرح ہوتے ہیں ۔ اِن نالیوں کو سانس نالیاں یا (قصیب (Trachea) کہا جاتا ہے۔یہ نالیاں جھینگر کو تنفّسی عمل میں مدد دیتی ہیں۔یہ سانس نالیاں تنفّسی روزنوں سے ہوا کو حاصل کر کے جسم کے تمام حصّوں تک پہنچاتے ہیں۔اور اِسی طرح جسم کے تمام حصّوں سے تنفّسی روزنوں کے ذریعہ خارج کرتے ہیں۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔2022-23



Fig. - 10

To know more about this process you may observe a live cockroach by keeping it covered by a transparent bottle or glass. See the movements that occur in its body. What do you observe? Write your observation in a few lines.

Earthworm

Earthworms breathe through their skin. It is thin and moist with minute holes. Through the skin, air passes in and out. The earthworm thus breathes through its whole body surface. Name some other animals that breathe through their skin.

Fig. - 11

Respiration in plants

Do plants respire in the way humans do? In human beings gaseous exchange with the surroundings takes place through nose and mouth. We have studied in class 6 about the parts in plants that help in gaseous exchange. They are stomata present on surface of leaves and lenticels present on the surface of stems. Let's do an experiment to find out.

Take a conical flask. Fit a two-holed rubber cork tightly into its mouth and insert glass tubes into the two holes. Fit a rubber tube on one of the glass tubes and a funnel on the other. If the funnel does not sit tightly on the glass tube, make a funnel with an ink dropper. Fill a test tube about one fourth with lime water and dip the rubber tube into it.

Now add water to the funnel drop by drop. Keep adding water till the conical flask is filled one fourth with water. Observe the test tube carefully while you add water.

- Did the lime water change colour?

Now remove the water from the conical flask and put some flowers and buds in it. Fit a cork on the flask and let it stand for half an hour. Now add water drop by drop to the conical flask through the funnel as you did in the previous experiment. Look carefully at the test tube while doing so.

- Did the lime water change colour this time?

SCERT TELANGANA

پودوں میں تنفس: Respiration in Plants

جس طرح انسانوں میں تنفس کا عمل انجام پاتا ہے۔کیا پودوں میں بھی تنفّسی عمل اسی طرح انجام پاتا ہے؟ ماحول میں پائی جانے والی گیسوں کا تبادلہ انسانوں میں ناک اور مُنہ کے ذریعہ ہوتا ہے۔ہم نے جماعت ششم میں پڑھا ہے کہ پتوں کی سطح پر پائے جانے والے دہن (Stomata) اور تنوں کی سطح پر پائے جانے والے مسام،لینٹیِ سل Lenticels کے ذریعہ گیسوں کا تبادلہ ہوتا ہے۔مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے ذیل کا تجربہ کیجیے۔

ایک مخروطی صراحی (Conical Flask) لیجیے۔اس کے مُنہ پر دوسوراخوں والا ربر کارک لگائیے۔اوران میں دو کانچ کی نلیاں گذاریئے۔ایک شیشہ کی نلی کے سرے پر ربر کی نلی اور دوسرے کے سرے پر قیف لگائیے۔(اگر قیف شیشہ کی نلی پر ٹھیک سے نہ بیٹھی ہو تو آنک فلر بھی اِستعمال کر سکتے ہیں)ایک امتحانی نلی لیکر اس میں ایک چوتھائی حصّہ تک چونے کا پانی ڈالیے۔ربر کی نلی کے دوسرے سرے کو چونے کے پانی میں ڈبوئیے۔

قیف کے ذریعہ قطرہ بہ قطرہ پانی ڈالیے۔اس طرح مخروطی صراحی کے ایک چوتھائی حصّہ تک پانی ڈالیے۔ پانی ڈالنے کے دوران امتحانی نلی کا مشاہدہ کیجیے۔

- کیا چونے کے پانی کے رنگ میں تبدیلی واقع ہوئی ہے؟

اب مخروطی صراحی سے ربر کارک نکال کر اس میں چند پھول اور کلیاں ڈالیے۔صراحی کو ربر کارک سے بند کر دیجیے۔اور آدھا گھنٹہ رکھ چھوڑ یئے۔اوپر کئے گے تجربہ کے مطابق دوبارہ قیف کے ذریعہ قطرہ بہ قطرہ پانی ڈالتے ہوئے امتحانی نلی کا مشاہدہ کیجیے۔

- کیا اِس مرتبہ چونے کے پانی کے رنگ میں کوئی تبدیلی واقع ہوئی؟



شکل۔10

اِس عمل کے بارے میں مزید جانکاری کے لیے ایک زندہ جھینگر حاصل کر کے اِس پر شفاف بوتل یا شیشہ کا گلاس ڈھانک دیجیے۔جھینگر کے جسم میں ہونے والی حرکات کا مشاہدہ کیجیے۔اوراپنے مشاہدات کو چند جملوں میں تحریر کیجیے۔

کیچوا (Earthworm)

کیچوے میں تنفس کا عمل جلد کے ذریعہ انجام پاتا ہے ۔کیچوے کی جلد پتلی اورکئی روزنوں سے مرطوب رہتی ہے۔جلد کے ذریعہ جسم کے اندراور باہر ہوا کا گزار ہوتا ہے۔اس طرح کیچوا اپنی جسم کی پوری سطح سے تنفس کے عمل کوانجام دیتا ہے۔جلد کے ذریعہ تنفس کا عمل انجام دینے والے چند جانوروں کے نام بتائیے:

شکل-11

S.C.E.R.T. TELANGANA

After completion of your experiment try to draw a figure of your apparatus arrangement in your note book.

You can do the above experiment by taking a small rooted plant with moist soil at its root instead of flowers and buds. But you would have to keep the set up in a dark place.

Activity - 8: Respiration in Sprouted seeds

Repeat Experiment 8, using sprouted seeds (moong, gram etc) instead of flowers and buds.



Fig. - 12

- What effect did the experiment with sprouted seeds have on the lime water?
- On the basis of your observations in these experiments can you say that flowers, buds and sprouted seeds respire? Give reasons for your answer.

Plants respire like us. But it is difficult to observe this through experiments. Both plants and animals use oxygen during respiration.

You may have heard of big hospitals keeping cylinders filled with oxygen. When a person has breathing problems he is given oxygen. An oxygen mask is fitted to the nose and mouth of the person and a rubber tube connects the mask to the oxygen cylinder. Sometimes a patient is given oxygen during an operation.

Key words:

Inhale, Exhale, Inspiration, Expiration, Respiration, Spiracle, Gills, Carbon dioxide, Oxygen, Trachea.

What we have learnt?

- Respiration occurs in all organisms. In this process, oxygen is taken in while carbon dioxide and water vapour are released.
- Skin, Gills, tracheae and lungs are respiratory organs.
- Stomata and lenticels helps in exchange of gases in plants.

Improve your learning

1. Fill in the blanks and give reasons.

   (i) ……………. are the respiratory organs of fish.

   (ii) In a cockroach, a network of ……………………….. is found.

   (iii) ……………………….. are found on leaves for the exchange of gases.

2. Identify the correct one, give reasons.

   (i) The process of gaseous exchange is

   a) respiration b) circulation
   c) digestion d) inhalation

   (ii) Plants respire through

   a) spiracles b) lenticels
   c) stomata d) alveole

S.C.E.R.T. TELANGANA

اوپر کے تجربات کو انجام دینے کے بعد تجربہ کے آلات کی ترتیب کو ظاہر کرنے والی شکل اپنی نوٹ بک میں اُتاریئے۔

اوپر کے تجربہ میں پھول اور کلیوں کی جگہ جڑوں کو بھی لیا جاسکتا ہے۔لیکن اِس تجربہ کو اندھیرے میں انجام دینا ہوگا۔

مشغلہ-8 : اُپجتے ہوئے بیجوں میں تنفس

مذکورہ بالا تجربہ پھول اور کلیوں کی جگہ اُپجتے ہوئے بیج (چنا ، مونگ، وغیرہ) کو لے کر دُہرائیے۔



شکل - 12

- چونے کے پانی پر اُپجتے ہوئے بیجوں کا کیا اثر ہوتا ہے؟
- مذکورہ بالا تمام تجربات کی بنیاد پر کیا آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ پھول کلیاں، جڑ، اُپجتے ہوئے بیجوں میں بھی تنفس کا عمل واقع ہوتا ہے؟ اپنے جواب کے لیے وجوہات بیان کیجیے :

پودوں میں ہماری طرح تنفس کا عمل واقع ہوتا ہے۔لیکن تجربات کے ذریعہ اِس عمل کا مشاہدہ کرنا مشکل ہے۔پودے اور جانور دونوں تنفّسی عمل میں آکسیجن کا اِستعمال کرتے ہیں۔آپ نے سنا ہوگا کہ دواخانوں میں آکسیجن سے بھرے سلنڈرس رکھے جاتے ہیں۔جب کسی مریض کو تنفّسی عمل کے مسائل درپیش ہوں تو اُن کو آکسیجن فراہم کی جاتی ہے۔مریض کے ناک کو آکسیجن ماسک (Mask) لگایا جاتا جو پائپ کے ذریعہ آکسیجن کے سلنڈر سے جڑا ہوتا ہے۔بعض اوقات مریض کو آپریش کے دوران بھی آکسیجن دی جاتی ہے۔

کلیدی الفاظ

دم کش، زفیر، سانس کا لینا، سانس کا چھوڑنا، تنفس
تنفّسی روزن گلپھڑے، کاربن ڈائی آکسائیڈ، آکسیجن، سانس کی نالیاں (قصیب)

ہم نے کیا سیکھا

- تمام جانداروں میں تنفس کا عمل واقع ہوتا ہے۔اِس عمل میں یہ آکسیجن کو اندر لیتے ہیں اور کاربن ڈائی آکسائیڈ اور آبی بخارات کو چھوڑتے ہیں۔
- جلد گلپھڑے ، سانس کی نالیاں اور پھیپھڑے تنفّسی اعضا کہلاتے ہیں۔
- پودوں میں دہن اور لینٹی سلیس، گیسوں کے تبادلہ میں مدد کرتے ہیں۔

اپنے اکتساب کو بڑھایئے :

1. خالی جگہوں کو پُر کیجیے اور وجوہات بیان کیجیے۔

i) مچھلیوں میں ________________ تنفّسی اعضاء کا کام انجام دیتے ہیں۔

ii) جھینگر میں ______________ کا جال پایا جاتا ہے۔

iii) گیسوں کے تبادلہ کے لیے پتوں میں ________ پائے جاتے ہیں۔

2. صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے اور وجوہات بیان کیجیے۔

i) وہ عمل جس میں گیسوں کا تبادلہ واقع ہوتا ہے، کیا کہلاتا ہے؟ ( )

a) تنفّسی عمل b) دوران c) ہاضمہ d) سانس لینا

ii) پودوں میں تنفّسی عمل کس ذریعہ سے واقع ہوتا ہے۔ ( )

a) تنفّسی روزنوں کے ذریعہ

b) عدسی خلیوں (lenticels) کے ذریعہ

c) دہن کے ذریعہ

d) جوفیروں Alveoli کے ذریعہ

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23

(iii) Which of the following animals respire through skin and lungs?

a) fish b) frog
c) snake d) earthworm

(iv) What will happen when you blow air into the test tube containing lime water?

a) remains same
b) turns to blue colour
c) turns to milky white
d) becomes colourless

(v) Respiratory organs of cockroach

a) lungs b) gills
c) lenticels d) trachea

3. What is respiration? How is it different from breathing?

4. Frogs breathe through their skin as well as their lungs. Explain.

5. If you want to know about 'Actions of gases in lungs'. What questions you would like to ask?

6. If you did this experiment of respiration with fruits ard dry leaves, instead of germinating seeds, what would the result be? Explain.

7. It is very interesting to watch fishes in an acquarium. Make your own bottle acquarium.

8. Asif wondered how plants and animals which live under water also respire. Do you know why he wondered?

9. Imagine the lungs and size of elephant. Is there any relation between body size and lung size? Collect information from School Library or Internet.

10. Do you find any relation between plants and animals by their respiration and photosynthesis?

S.C.E.R.T. TELANGANA

iii) ذیل میں کونسا جانور جلد اور پھیپھڑوں کے ذریعہ عمل تنفس کوانجام دیتا ہے۔ ( )

a) مچھلی b) مینڈک c) سانپ d) کیچوا

iv) چونے کے پانی میں (Exhale Air) سانس کو چھوڑنے سے کیا واقع ہوگا؟ ( )

a) کوئی تبدیلی نہیں ہوگی b) نیلے رنگ میں تبدیل ہوگا

c) دودھیا رنگ میں تبدیل ہوگا d) بے رنگ ہوجائے گا۔

v) جھینگر میں تنفّسی اعضاء کیا ہیں؟ ( )

a) پھیپھڑے b) گلپھڑے c) Lenticels d) قصیب

3. عمل تنفس سے کیا مراد ہے؟ سانس لینے (breath ing) کے عمل سے یہ کس طرح مختلف کیجیے۔

4. مینڈک اپنی جلد اور پھپھڑوں سے تنفّسی عمل انجام دیتے ہیں۔ وضاحت کیجیے۔

5. پھیپھڑوں میں گیسوں کے تبادلہ سے متعلق جاننے کے لیے آپ کس طرح کے سوالات کریں گئے۔

6. اگر آپ پھلوں اور خشک پتّوں کو اِستعمال کرتے ہوئے عمل تنفس کا تجربہ کرتے ہیں تو نتیجہ کیا ہوگا؟ وضاحت کیجیے۔

7. Acquarium میں مچھلیوں کا مشاہدہ بہت ہی دلچسپ ہوتا ہے۔ آپ اپنا Bottle acquarium تیار کیجیے

8. آصف کو اِس بات پر تعجب ہوا کہ بعض جانور، اور پودے پانی میں بھی زندہ رہتے ہیں کیا آپ جانتے ہیں کہ وہ کس طرح زندہ رہتے ہیں؟

9. تصور کیجیے کہ ہاتھی کے پھیپھڑوں کی جسامت اور شکل کیسی ہوتی ہے۔ جسم کی جسامت اور پھپھڑوں کی جسامت میں کیا کوئی تعلق پایا جاتا ہے۔؟ اسکول لائبریری اور انٹرنیٹ سے معلومات حاصل کیجیے؟

10. پودوں اور جانوروں میں عمل تنفس اور شعاعی ترکیب کے حوالے سے کیا آپ کوئی تعلق محسوس کرتے ہیں۔ وضاحت کیجیے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

12 REPRODUCTION IN PLANTS

X6L9U7

During spring season our surroundings are filled with the fragrance of flowers. Almost every plant around has flowers on it! We see a wide variety of flowers then. We have already studied the different parts of plants in class VI.

- Let us write down names of the parts of plants that we have studied so far.
- Is there any part that you haven't studied about earlier?
- Do you know which part of the plant gives rise to fruit?

Flowers are usually the most attractive part of any plant. Why do you think flowers are so attractive and colourful?

Fig. - 1

What role do flowers play in a plant's life? Let us study some flowers around us to answer these questions.

Activity - 1

Collect flowers of Datura, Chinarose (Hibiscus), Cucumber, Bottle gourd, Tridax, Sun flower, Ipomea etc. Observe these flowers. Are they of the same size and shape? Try to draw the flowers collected. Take the Datura flower to know more about the parts present in a flower (floral parts).

Thalamus:

Let us hold a Datura flower by its stalk. This stalk is green in colour and has a slightly swollen head. This is called **thalamus.** It is the seat on which the parts of a flower are present.

Calyx:

Now let us observe the part that comes just above the thalamus. There is a green tube like structure called **calyx.** The edges on the part towards the petals have thin leaf like structures called **sepals**. The lower ends of sepals are fused to form the tube like structure. Remove the tube of fused sepals carefully. What do you see after removing the sepals?

Fig. - 2

Corolla:

There is a funnel shaped corolla. This is formed of fused petals. Count the free edges

S.C.E.R.T. TELANGANA

12 پودوں میں تولید

S.C.E.R.T. TELANGANA

موسم بہار میں ہمارے اطراف واکناف کا ماحول پھولوں کی خوشبوؤں سے بھر جاتا ہے۔ہمارے اطراف کے کم وبیش تمام پودوں پر پھول پائے جاتے ہیں۔اور ہم ہمہ اقسام کے پھول دیکھتے ہیں۔جماعت ششم میں ہم پودوں کے مختلف حصّوں کی جانکاری حاصل کر چکے ہیں۔

- آیئے ہم پودوں کے اُن حصّوں کے نام لکھیں گے جن کے متعلق ہم نے اب تک پڑھا ہے۔
- کیا پودے کا ایسا کوئی حصّہ ہے جس کا مطالعہ ہم نے اب تک نہیں کیا ہے؟
- کیا آپ جانتے ہیں کہ پودے کا وہ کونسا حصّہ ہے جس سے پھل بنتا ہے؟

پودے میں پھول ہی وہ حصّہ ہے جوسب سے زیادہ دلکش ہوتا ہے۔آپ ایسا کیوں سوچتے ہیں کہ پھول ہی زیادہ رنگین اور راغب کرنے والے ہوتے ہیں۔

شکل-1

☆ پودوں کی زندگی میں پھول کیا رول ادا کرتے ہیں؟

ان سوالات کے جوابات کے لیے آیئے ہمارے اطراف پائے جانے والے چند پھولوں کا مطالعہ کریں۔

مشغلہ-1

ان پھولوں کو جمع کریں: جیسے دھتورا۔گڑھیل (چینا روز) ککڑی۔ کدّو (باٹل گارڈ)۔ زخم حیات (ٹرائی ڈاکس) ، سورج مکھی۔ وغیرہ۔ان پھولوں کا مشاہدہ کیجیے۔کیا اُن سب پھولوں کی جسامت اور شکل ایک جیسی ہے؟ جمع کردہ پھولوں کے خاکے کھینچیے اور اُن کے نام لکھیے اگر آپ جانتے ہوں۔اب ہم دھتورے کے پھول کا مطالعہ کریں گے۔

عرشہ : (Thalamus)

دھتورے کے پھول کو اُس کی ڈنڈی کے ذریعہ پکڑیئے۔اس کی ڈنڈی ہرے رنگ کی اور اس کا سرا کسی قدر پھولا ہوا ہے۔

یہی پھولا ہوا حصّہ عرشہ کہلاتا ہے۔یہی وہ جگہ ہے جہاں پھول کے دوسرے حصّے جمے رہتے ہیں۔

اکمامہ : Calyx

اب ہم عرشے سے کچھ اُوپر والے حصے کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ یہ ایک ہرے رنگ کی ٹیوب نما ساخت ہے۔ جو، اکمامہ کہلاتی ہے۔اس کے پنکھڑیوں کی طرف بڑھتے ہوئے کنارے تنگ ہوتے ہوئے پتہ نما ساختیں بناتے ہیں۔جو پھول پتیاں (Sepals) کہلاتی ہیں۔پھول پتوں کے نچلے سرے آپس میں ملکر ایک ٹیوب نما شکل اختیار کرتے ہیں۔اِس ٹیوب کو احتیاط سے علاحدہ کیجیے۔پھول پتوں کو نکالنے کے بعد آپ کیا دیکھتے ہیں۔



شکل-2

ا کلیلچہ یا بتلاب : COROLLA

ایک قیف نما اکلیلچہ پایا جاتا ہے جوکہ جُڑی ہوئی پنکھڑیوں سے ملکر بنا ہے ان کے آزاد کناروں کو شمار کیجیے۔

of these. How many are there? What is the colour of the petals? Remove this funnel shaped corolla as well. Observe and draw the same in your note book.

Androecium:

After removing the petals you can see soft elongated structures attached to these petals. They are called stamens. How many stamens do you see? There is a bulb like structure at the top of each stamen that is called pollen sac or anther. Just below it a fine whitish thread like structure called filament attaches the anther to the petal (in Datura). So stamen has an elongated filament and a bulb like pollen sac. How many stamens are there? Stamens of the flowers are together called the male part or androecium. Draw the picture of stamen as seen by you.

Gynoecium:

As we remove petals, right on the thalamus is seated a bulb like structure called ovary. Just above it a fine tube like structure called style goes up ending in a somewhat flat bead like structure called stigma. This whole structure from ovary to stigma is the pistil or female reproductive part. All the parts present on the pistil together called as gynoecium. Draw the picture of pistil which you observe. How many pistils are there in Dhatura? We observe that flower parts are arranged in definite circles or whorls. Note your observations regarding the different types of flowers collected by you. Write your observation in the given table. Let us observe male parts (Androecium)and female parts (Gynoecium) of different flowers that you have collected. Observe stamen and pollen sac or anther of the flowers. Are they of the same size and shape? Observe various types of stamens of different flowers.

Fig. 3. - Types of stamens

Table - 1

Circle	Name of the Circle	Parts you observed in the circle

S.C.E.R.T. TELANGANA

ان پنکھڑیوں کا رنگ کیسا ہے۔اِس قیف نما کلیلچہ کو نکالیے۔ان کا مشاہدہ کیجیے اوراپنی کاپی میں ان کی اشکال کھینچے۔

نرکوٹ : Androecium

پنکھڑیوں کو الگ کرنے کے بعد آپ کو پنکھڑیوں پر چسپاں ملائم اور لانبی ساختیں نظر آئیں گی ۔ان ساختوں کو زر ریشے (Stamens) کہا جاتا ہے۔آپ کتنے زرریشے دیکھتے ہیں؟ زرریشے کے سرے اُبھرے ہوئے ہوتے ہیں جو Pollen Sac یا زردان (Anther) کہلاتے ہیں۔اس کے بالکل نیچے ایک سفید دھاگا نما ساخت پائی جاتی ہے۔جو پھول پتوں سے جڑی ہوئی ہوتی ہیں۔یہ رشتک (Filament) کہلاتی ہیں دھتورے میں اس طرح کے زریشے لانبے رشتک اور زیرہ دان پر مشتمل ہوتے ہیں۔زریشے کتنے ہیں؟ تمام زریشوں کو ملاکر پھول کا نر حصّہ یا نرکوٹ (Androecium) کہا جاتا ہے۔زرریشوں کی شکل جس طرح آپ دیکھ رہے ہیں اُتاریئے۔

مادہ کوٹ : (Gynoecium)

جب ہم پنکھڑیوں (petals) کوعرشہ سے علا حدہ کرتے ہیں تو عرشہ Thalamus پر ایک بلب نما ساخت نظر آتی ہے جسے بیض خانہ (Overy) کہا جاتاہے۔ اِس سے متصل اوپری جانب ایک ٹیوب نما ساخت(Style) کہلاتی ہے جو اوپر اٹھتے ہوئے مسطح دبیز ساخت میں تبدیل ہوجاتی ہے، جسے کلغی (Stigma) کیا جاتا ہے ۔ یہ پوری ساخت بیض دان سےلیکر کلغی تک ملا کر مادگین (Pistil) یا مادہ تولیدی حصّہ کہا جاتا ہے۔مادگین کے تمام حصّوں کوملاکر مادہ کوٹ (Gynoecium) کہا جاتا ہے۔مادہ کوٹ کا خاکہ کھینچیے۔دھتورے میں کتنے Pistil ہیں؟ ہم نے دیکھا کہ پھول کے حصّے ایک مخصوص دائرے یا گھیرے(Whorls) میں ترتیب پائے ہوئے ہیں۔جمع کئے گئے پھولوں کے مشاہدے کونوٹ کیجیے۔آپ کے مشاہدے کو دیئے گئے جدول میں نوٹ کیجیے: آپ کے جمع کئے گئے پھولوں کے نرکوٹ (Androecium) اور مادہ کوٹ (Gynoecium) کا مشاہدہ کریں۔ پھولوں کے زرریشے اورزردان یا (anther) کا مشاہدہ کیجیے۔کیا یہ سب ایک ہی جسامت اورشکل میں ہیں؟ مختلف پھولوں کےمختلف اقسام کے زرریشوں کا مشاہدہ کیجیے۔



شکل:3 زرریشوں کےاقسام (Types of Stamens)

جدول-1

دائرہ نمبر	گھیرے کا نام	وہ حصّے جن کا آپ نے مشاہدہ کیا

S.C.E.R.T. TELANGANA

Let us observe female parts like ovary, style, stigma of different flowers that you have collected. How are they? Like male parts, female parts also differ from flower to flower. Observe various types of pistils of different flowers. (Fig. 4)



Fig. - 4. Types of Pistil

Draw the diagram of flower you have dissected compare it with the diagram given below:



Fig. - 5. Floral Parts

Activity - 2 : Do all flowers have four parts?

Collect as many flowers from your surroundings as you can. See that you have at least a type of melon or gourd flower as well. Now observe different parts in each flower. Record your observations in the table given below. (You may also record your observation regarding the flowers already collected by you earlier in this chapter).

Table - 2

S.No.	Name of the Flower	No. of Sepals (Calyx)	No. of Petals (Corolla)	No. of Stamens (Androecium)	No. of Pistil (Gynoecium)

S.C.E.R.T. TELANGANA

آیئے اب آپ کے جمع کردہ مختلف اقسام کے پھولوں کے مادہ حصّوں جیسے بیض خانہ، نئے (style) کلغی (Stigma) کا مشاہدہ کریں۔مختلف پھولوں کو جمع کیجیے اور مادہ کوٹ کا مشاہدہ کیجیے وہ کس طرح ہیں؟ آیا نرحصّوں کی طرح مادہ حصّے بھی مختلف پھولوں میں مختلف ہیں؟مختلف پھولوں کی مختلف مادگین (Pistil) کا مشاہدہ کیجیے۔ شکل-4



شکل۔4 مادگین کے اقسام

آپ کے علیحدہ کردہ پھول کے حصوں کی شکل اتاریئے۔اوراس کا تقابل دیئے گئے پھول کے خاکے سے کیجیے۔



شکل۔5 پھول کے حصے

2. ایسا کرکے دیکھیں : کیا تمام پھولوں میں 4 حصّے ہیں؟

اپنے اطراف پائے جانے والے ماحول میں جس قدر پھول مل سکتے ہیں جمع کیجیے۔یہ یادرکھیں کہ آپ کے جمع کردہ پھولوں میں کم ازکم ایک پھول خربوزہ (melon) یا کدو کا (gourd flower) بھی ہو۔اب آپ ہر ایک پھول کے مختلف حصّوں کا مشاہدہ کیجیے۔ اوراپنے مشاہدے کو دیئے گئے جدول میں نوٹ کیجیے۔(آپ اُن پھولوں کو بھی نوٹ کرسکتے ہیں جن کا مشاہدہ قبل ازیں اس سبق میں آپ کرچکے ہوں)

جدول- 2

سلسلہ نشان	پھول کا نام	پھول پتیوں Calyx کی تعداد	پنکھڑیوں کی تعداد	زرریشوں کی تعداد	Pistil کی تعداد مادگین Gynocium

S.C.E.R.T. TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔2022-23

- In the case of cucumber or bottle gourd, do they have all four parts in each flower?

In Cucumber and Bottle gourd you will probably find two types of flowers on each. Examine them carefully. Take the help of the figure given below and find out the difference between the two.

Fig. - 6

Do you know any other plants which have separate male and female flowers? Give examples.

What do you see in sunflower? It looks like a single flower. But is actually a bunch of flowers. The small flowers in the bunch are called 'florets'. The florets in the centre are called disc florets. The florets along the rim are called ray flowers. You will learn more about such special flowers in higher classes.

Flowers may be classified on the basis of number of parts present in them as-

Complete flower:

A flower that has four or more whorls – at least one each of calyx (sepals), Corolla (petals), Androecium (stamens) and Gynoecium (pistil) is called a Complete flower. Eg: Hibiscus, Datura, Ipomea.

Incomplete flower:

A flower in which any of these four whorls is missing is an Incomplete flower.

Eg: cucumber, bottle gourd, papaya.

Unisexual flower:

A flower which has either stamens (androecium) or pistil (gynoecium) is called unisexual flower. Eg:- cucumber, bottle gourd, bitter gourd etc.,). Are both unisexual flowers found always on the same plant? Try to find out about.

a) Male flowers : They only have stamens. They do not have pistil.

b) Female flowers : They only have pistil. They do not have stamens.

Is an unisexual flower a complete flower? Why not?

S.C.E.R.T. TELANGANA

☆ پھول کو دیکھئے اور اُن کے فرق کو جانیے ۔

کیا ککڑی اور کدو کے پھول میں پھول کے چاروں حصے پائے گئے ہیں؟ ککڑی اور کدو ہر ایک میں دو قسم کے پھول ہوتے ہیں ۔ان کا احتیاط سے مشاہدہ کیجیے نیچے دیئے پھول کو دیکھئے اور اُن کے فرق کو جانیے ۔

شکل۔6

کیا آپ کسی ایسے پھول کو جانتے ہیں جس میں نر اور مادہ پھول مختلف ہوتے ہیں؟ مثالیں دیجیے۔

آپ سورج مکھی کے پھول میں کیا دیکھتے ہیں؟ یہ ایک ہی پھول نظر آتا ہے لیکن اصل میں کئی پھولوں کا گچھا ہوتا ہے۔ گچھے میں پائے جانے والے چھوٹے پھولوں کو گلچے (florets) کہا جاتا ہے۔اور یہی گلچے جو پھول کے درمیان میں ہوتے ہیں اُنھیں قرصی گلچے کہا جاتا ہے ۔ حاشیے پر پائے جانے والے گلچے کرن پھول (Ray Flower) کہلاتے ہیں۔آپ اگلی جماعتوں میں ایسے خصوصی پھولوں کے بارے میں مزید جانکاری حاصل کریں گئے ۔ پھلوں کی درجہ بندی اُن میں پائے جانے والے حصّوں کے لحاظ سے کی جاتی ہے۔

مکمل پھول :

ایسا پھول جس میں چار یا زائد گھیر جن میں کم از کم ایک اکمامہ (Calyx)، اکلیلچہ یا بتلاب (Corolla) نر کوٹ (Androecium) مادگین مادہ کوٹ (Pistil) کا کم از کم ایک پایا جاتا ہو مکمل پھول کہلاتا ہے۔

نامکمل پھول :

کوئی پھول جس میں چار گھیروں سے کوئی ایک گھیرے کی کمی ہو تو اُسے نامکمل پھول کہتے ہیں۔

مثلاً ککڑی، پپائی، کدو (bottle gourd) کریلا

یک صنفی پھول Unisexual Flower:

وہ پھول جس میں صرف نر کوٹ یا مادہ کوٹ پائے جاتے ہوں یک صنفی پھول کہلاتے ہیں، مثلاً ککڑی، کدو، کریلا- کیا دو ایک صنفی پھول ہمیشہ ایک ہی درخت پر پائے جاتے ہیں؟ اس کے بارے میں معلوم کیجیے۔

(a) نر پھول: اس میں صرف زر ریشے پائے جاتے ہیں۔اور مادہ کوٹ نہیں پایا جاتا۔

(b) مادہ پھول: اس میں صرف مادہ کوٹ پایا جاتا ہے اور زر ریشے نہیں پائے جاتے ہیں۔

کیا یک صنفی پھول مکمل پھول ہوتا ہے؟ کیوں اور کیوں نہیں؟

Bisexual flower:

A flower that has both stamens and pistil (androecium and gynoecium). Eg:- Datura, hibiscus, Ipomea, is called bisexual. bottle gourd, watermelon and papaya or any other plant bearing unisexual flower, whether the male and female flowers are born on the same plant or on separate plants?

Collect hibiscus, cucumber, bitter gourd, datura, ipomea, bottle gourd flowers etc. Observe the different parts in them. Record your observations in the table-3 (see if you can collect all these, in case you can't, take the help of books present in your school library or elsewhere.

Table - 3

S.No.	Name of the Flower	Complete/ In Complete Flower	Unsexual / Bisexual Flower	Male / Female / Both
1	Hibiscus			
2	Datura			
3	Ipomea			
4	Cucumber			
5	Bottle Gourd			
6	Bitter Gourd			

Sexual parts of flower:

Now take a stamen (androecium) from the china rose flower, tap the stamen gently on a slide. You can see some grains fallen on the slide. Put a drop of water and observe these grains under the microscope.



Fig. - 7

These grains are called pollen grains. Collect pollen grains from other flowers and observe under the microscope as well. Are all these of same shape and colour? Draw the different pollen grains as you see them under the microscope.

Take the pistil of a datura flower as it is big enough to observe the internal parts. Cut the sections of the ovary of pistil as shown in figures 8a and 8b.

With the help of hand lens study the internal parts.

S.C.E.R.T. TELANGANA

دوصنفی پھول (Bisexual Flower):

ایک پھول جس میں زرریشے (Stamens) مادہ کوٹ اور مادگین (Pistil) یا (زرکوٹ اور مادہ کوٹ) دونوں پائے جاتے ہوں دوصنفی پھول کہلاتے ہیں۔مثلاً دھتورا، گڑھیل، ipomea وغیرہ کو دوصنفی پھول کہتے ہیں۔

کیا دواور ایک صنفی پھول ہمیشہ ایک ہی درخت پر پائے جاتے ہیں؟ اس کے بارے میں معلوم کیجیے :

کدو، تربوزاور پپئی یا کسی اور پودے میں جس پر یک صنفی پھول ہوتے ہیں آیا نراور مادہ پھول ایک ہی پودے پر ہوتے ہیں یا علیحدہ علیحدہ پودوں میں پائے جاتے ہیں؟

گڑھیل، ککڑی، دھتورا، کریلا، کدو کے پھولوں کو جمع کیجیے۔ان کے مختلف حصّوں کا مشاہدہ کیجیے۔آپ کے مشاہدے کو دیئے گئے جدول میں درج کیجیے۔اگر آپ یہ تمام پھول جمع نہیں کرسکتے ہوں تو پھر مدرسہ کی لائبریری میں موجود کتابوں سے مدد لیجیے۔

جدول 3

نشان سلسلہ	پھول کا نام	مکمل/نامکمل پھول	ایک صنفی/دوصنفی پھول	نرکوٹ/مادہ کوٹ یادونوں
1	گڑھیل			
2	دھتورا			
3	ipomea			
4	ککڑی			
5	کدّو			
6	کریلا			

پھول کے تولیدی حصّے : Sexual parts of flower

دھتورا کے پھول کا ایک زرریشہ لیجیے اور اُس کو Slide پر ہلکے سے تھپکیے آپ دیکھیں گیں کہ چند دانے اُس Slide پر بکھرے ہیں۔ان پر پانی کا ایک قطرہ ٹپکا یئے اور خوردبین میں ان کا مشاہدہ کیجیے۔



شکل-7

اِن دانوں کو زیرہ دانے کہا جاتا ہے۔دوسرا کوئی اور پھول لیجیے اور اُس کے زیرہ دانوں کا مشاہدہ خوردبین میں کیجیے۔کیا اُن کی شکل اور رنگ ایک جیسا ہے۔مختلف زیرہ دانوں کے خاکے بنایئے جیسا کہ وہ خوردبین میں نظر آتے ہیں۔

دھتورے کی مادگین (pistil) لیجیے چونکہ یہ بڑی ہوتی ہے۔خوربین میں اُس کے اندرونی حصّے آسانی سے نظر آجاتے ہیں۔

دھتورے کی مادگین Pistil کا تراشہ لیجیے جیسا کہ تصویر 8a اور 8b میں بتلایا گیا ہے۔دستی عدسے کی مدد سے ان کے اندرونی حصوں کا مشاہدہ کیجیے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

Fig. - 8a. T.S of ovary

Fig. - 8b. L.S of ovary

What do you see? Some small ball like structures called "ovules" can be seen arranged in different chambers. Now take pistils of other flowers as well one by one, and cut the ovary of them and observe. Draw the diagram of the section of ovary that you have observed.

Activity - 3: Which part of the flower turn into a fruit?

Collect a pistil and fruit from datura plant. Cut the transverse section of both ovary of pistil and fruit. Observe the internal structure of both the section cuttings with the help of a hand lens. Are there any similarities between these two?

Fig. - 9. T.S of Fruit of Datura

Collect pistil and fruit of cucumber, bhendi (Ladies finger), cotton and beans and do the above activity. Write your observations. What similarities do you see between the ovary and fruit of the same species?

It is reasonable to conclude that an ovary develops into a fruit while the ovules develop into seeds. The seeds further produce new plants.

Agents that help ovary of flower to develop into fruit

Activity - 4

Observe a bottle gourd plant in a garden. It has unisexual flowers i.e. male and female flowers separately. Select 10 female buds of bottle guard, cover with a polythene bag loosely tying the bag on a stalk. Make some tiny holes in the bag with the help of a pin.



Fig. - 10a

Two days later observe the buds blooming. (Now collect the pollen grains from a male flower of the Bottle gourd plant). Pluck the stamens of male flower and shake to collect pollen grain in a sheet of paper. Twisting cotton wool over the tip of a match stick prepares a brush. Now uncover five of the ten female flowers. Apply the pollen grains on to the stigma of these flowers with the brush.

Fig. - 10b

S.C.E.R.T. TELANGANA



8b بیض دان کی طولی تراش   8a بیض دان کی عرضی تراش

دستی عدسے کی مدد سے اس کے اندرونی حصّوں کا مشاہدہ کیجیے۔ آپ کیا دیکھتے ہیں؟ چند گولہ نما ساختیں دیکھی جاسکتی ہیں۔ جنھیں بویضے "Ovules" کہا جاتا ہے۔ جو مختلف خانوں میں بٹی رہتی ہے۔ اب آپ ایک کے بعد ایک مختلف پھولوں کی مادگین (pistil) لیجیے اور اُس کے بیض دان کے تراشے کا مشاہدہ کیجیے۔ اور آپ کے مشاہدہ کردہ بیض دان کی اشکال اتاریئے۔

مشغلہ-3: پھول کے حصّہ کا پھل میں تبدیل ہونا :

دھتورے کا ایک پھل اور مادگین (pistil) لیجیے۔ اس کے بیض دان اور پھل کی طرفی تراش لیکر اُن کی اندرونی ساخت کا مشاہدہ دستی عدسے سے کیجیے۔ کیا ان دونوں کے درمیان کوئی مشابہت ہے؟ ککڑی، بھنڈی، کپاس اور مٹر (beam) کے مادگین (pistil) اور پھل جمع کیجیے اور اوپر بتائے گئے عمل کو لیجیے۔ اپنے مشاہدے کو لکھیے۔ ایک ہی نوع کے بیضہ خانہ اور پھل کے درمیان آپ نے کن مشابہتوں کو دیکھا۔

شکل۔9   دھتورے کے پھل کی عرضی تراش

چنانچہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ ایک بیض خانہ ایک پھل میں جبکہ بویضہ دان (Ovules) بیج میں نشو نما پاتے ہیں۔ یہی بیج پودوں کو پیدا کرتے ہیں۔ جو کسی پھول کے بویضہ پھل میں تبدیل کرنے کے ذرائع ہیں۔

4. آیئے ایسا کر کے دیکھیں :

کسی باغ میں کدو کے پودے کا مشاہدہ کیجیے۔ اس میں یک صنفی پھول پائے جاتے ہیں یعنی اس کے نر اور مادہ پھول الگ الگ ہوتے ہیں۔ کدو کی 10 مادہ کلیوں کو منتخب کیجیے۔ انھیں پالی تھین کی تھیلوں سے ڈھانکتے ہوئے تھیلوں کو ان کی ڈنڈیوں سے باندھیے۔ ایک پن (Pin) کی مدد سے ان تھیلیوں میں چھوٹے چھوٹے سوراخ بنایئے



شکل۔(a)10

دودِن بعد ان کلیوں کو آپ کھلتا ہوا دیکھیں گے۔ (اب کدو کے پودے کے نر پھولوں سے زیرہ دانہ کو جمع کیجیے) ایک نر پھول کے زرریشوں کو توڑ کر ان سے کاغذ پر زیرہ کو جمع کر لیجیے۔ ایک ماچس کی کاڑی پر اس طرح روئی لپیٹیے کہ وہ ایک برش بن جائے اب پالی تھن میں ملفوف 10 مادہ پھولوں میں سے 5 پھولوں کی تھیلیوں کو نکالیے۔ اُن پر برش کی مدد سے زیرہ کو اُن کی کلغیوں تک پہنچایئے۔



شکل۔(b)10

S.C.E.R.T. TELANGANA

The pollen grains stick to the stigma. Cover the flowers again with polythene bag. Remove all male flowers from the plant. So that no pollen grain reaches the remaining female flowers.

Fig. - 10c

The transfer of pollen grains from anther to stigma known as **pollination**. After one week observe both pollinated and non-pollinated flowers. Pollinated flowers develop into fruits where as non-pollinated flowers do not.

- Why is it necessary to begin this experiment with buds in which sepals are closed?
- Why are the buds enclosed in polythene bags?
- Why are the non-pollinated flowers also covered with polythene bags?

By this experiment we come to know that significant role is played by male flower in the formation of fruit. If transfer of pollen grains take place within the flower it is known as Self Pollination. Transfer of pollen grain from one flower to stigma of another flower of same species in called **Cross Pollination**.

Agents of Pollination:

How do these pollen grains fall on the stigma? Air, water, animals, insects, humans act as agents of pollination. They carry pollen grains from anther to the stigma. Insects like butterflies suck nectar from flowers. At that time pollen grains of that flower stick to the legs of the butterfly. When the butterfly goes to another flower for nectar, the pollen grain that have stuck to it's legs fall on that flower.

Do you know?

Birds and insects are the natural agents for pollination. Now-a-days farmers use pesticides to control pests on crops. The enormous use of pesticides kills insects also. It effects pollination. Crop yield become reduced particularly in sun flower crop. The rate of pollination is reduced because of lack of insects in the fields.. Think! How we destroy our beautiful nature.

What happens to the pollen grain after Pollination?

Activity - 5

Take two slides. Put 2-3 drops of sugar solution on one slide and two drops of water on another side. Add some sugar grains to water on one slide. Now put some pollen grains of Hibiscus flower on both the slides. After one hour observe under microscope. In which slide do pollen grains germinate and why?

There are some substances present on the stigma which promote the germination of the pollen grains. During germination a tube grows from the pollen grain. This tube ultimately reaches the ovary through the style with the male part. This male part fuses with the female part in the ovule of the ovary.

S.C.E.R.T. TELANGANA

شکل۔ 10(c)

اس طرح زیرہ کلغی سے چپک جائے گا اس کے بعد دوبارہ اِن پھولوں کو پالی تھن کی تھیلیوں میں باندھ دیجیے۔تمام نر پھولوں کو پودوں سے نکال لیجیے تا کہ دیگر کھلے مادہ پھولوں تک زیرہ منتقل نہ ہو سکے۔

وہ عمل جس میں زردان سے زیرہ دانے کلغی تک پہنچتے ہیں، زیرگی (pollination) کہلاتا ہے۔

ایک ہفتہ بعد زیرگی شدہ اور غیر زیرگی شدہ دونوں پھولوں کا مشاہدہ کیجیے۔زیرگی شدہ پھول پھل میں تبدیل ہوتے ہیں۔جبکہ غیر زیرگی شدہ پھولوں میں تبدیلی واقع نہیں ہوتی۔

- اس تجربہ کو ان کلیوں کیساتھ جس میں ابھی پنکھڑیاں بند ہوں، شروع کرنے کی ضرورت کیا ہے؟
- کلیوں کو کس لیے پولیتھین کی تھیلوں میں بند کیا گیا؟
- غیر زیرگی شدہ پھولوں کو بھی کس لیے پولیتھین تھیلیوں سے ڈھانکا گیا؟

اس تجربہ سے ہم یہ نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ پھلوں کی تیاری میں نر پھول اہم و نمایاں رول انجام دیتے ہیں۔

اگر زیرہ دانے کا تبادلہ اسی پھول کے اندر واقع ہوا ہو تب تو اس زیرگی کے عمل کو خود زیرگی (self Pollination) کہا جاتا ہے۔

اگر کسی ایک ہی نوع کے ایک پھول کے زردان سے زیرہ دانوں کا تبادلہ دوسرے پھول کی کلغی پر عمل میں آتا ہے تو یہ عمل پار زیرگی (Cross Pollination) کہلاتا ہے۔

زیرگی کے عوامل : Agents of Pollination

یہ زیرہ دانے کلغی تک کس طرح پہنچتے ہیں؟ ہوا، پانی، جانور، حشرات اور انسان زیرگی کے عوامل کے طور پر کام کرتے ہیں۔یہ زیرہ دانوں کو زردان سے کلغی تک پہنچاتے ہیں۔حشرات جیسے تتلی پھول کا رس چوستی ہیں تو اُس وقت زیرہ دانے اُس کے پیروں سے چمٹ جاتا ہے اور جب یہی تتلی دوسرے پھول کا رس چوسنے کی خاطر پہنچتی ہے تو زیرہ جو اُس کے پیروں سے چمٹا رہتا ہے پھول پر گر جاتا ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں:

پرندے اور حشرات زیرگی کے قدرتی عوامل ہیں۔آج کل کسان حشرات کُش دوائیں فصلوں کو کھانے والے کیڑوں کو مارنے کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ان ادویات کا کثرت سے استعمال کی وجہ سے دیگر حشرات بھی ختم ہو رہے ہیں۔جس سے زیرگی کا عمل متاثر ہو رہا ہے۔جس سے فصلوں کی پیداوار کم ہو جاتی ہے۔خاص طور پر سورج مکھی کی پیداوار بہت کم ہو رہی ہے۔حشرات کی کمی کی وجہ زیرگی کی شرح بھی کم ہو رہی ہے۔سوچیے! ہم اپنے خوبصورت فطری ماحول کو کس طرح تباہ کر رہے ہیں۔

زیرگی کے بعد زیرہ دانوں میں تبدیلی واقع ہوتی ہے؟

5. آیئے ایسا کر کے دیکھیں :

دو سلائیڈز (slides) لیجیے۔اُن پر 2 تا 3۔پانی کے قطرے ٹپکائیے۔ایک سلائیڈ پر پانی کے قطروں میں شکر کے چند دانے ملائیے۔اب گُڑھل کے چند زیرہ دانوں کو دونوں سلائیڈس پر ڈالیے۔ایک گھنٹہ بعد خوردبین میں اِسے دیکھیے۔کس سلائیڈ میں زیرہ دانے تنبیت پا سکے اور کیوں؟

کلغی پر چند مادے پائے جاتے ہیں جو زیرے دانے کو تنبیت پانے میں مدد دیتے ہیں۔تنبیت کے دوران زیرے دانے سے ایک نلی نما شکل نکلتی ہے جس کو زیرہ نلی (pollen tube) کہتے ہیں۔یہی نلی آخر کار نئے (style) سے ہوتے ہوئے بیض دان تک اپنے نر حصّوں کیساتھ پہنچتی ہے یہ نر حصّے سے بیض خانہ کے مادہ بویضے (Ovules) میں واقع مادہ حصّہ سے جا ملتے ہیں۔

S.C.E.R.T. TELANGANA



Fig. - 11 Fertilization

Fusion of units of male and female parts to form a structure called as zygote is called **Fertilization.**

After fertilization seed develops from the ovule and the ovary usually develops into a fruit. The entire process of fertilization and formation of zygote is known as Sexual reproduction. For the formation of a seed sexual reproduction is essential. The seed thus formed are dispersed to different places by agents like air, water, birds and animals and by human beings as well. These seeds grow into new plants under favourable conditions.

Production of baby plants or offsprings from the zygote is called sexual reproduction.

Asexual reproduction:

We often find that some plants produce new plants from their vegitative parts. Can you name some such plants?

S.No.	Name of the Plant	Plant part from which new plant produced
1	Rose	Twig
2		
3		
4		
5		

Reproduction in plants when occurs using plant (vegetative part) other than the flower is asexual reproduction. The most interesting thing in plants is baby plants can grow even without formation of seeds that is without sexual reproduction. Let us study some such processes.

Vegetative reproduction

Production of new plants from vegetative parts of a plant i.e. root, stem and leaf is known as vegetative reproduction.

Activity - 6

Do you know how farmers produce potatoes in their fields?

Fig. - 12(a)

Take potato and observe it. It has a number of small depressions on its surface. These are known as eyes. Cut the potato into pieces such that there is an eye in each piece. Remove the eyes from some of these pieces. Fill two cups with soil. Plant the piece with eyes in one cup and label the cup as "with eyes" and those without eyes in another cup named as "without eyes".

S.C.E.R.T. TELANGANA



شکل۔ 11 باروری

نراور مادہ حصّوں کے ملاپ سے جو ساخت بنتی ہے اُس کو جفتہ (Zygote) کہتے ہیں اور یہ عمل باروری **(Fertilization)** کہلاتا ہے۔

باروری کے بعد بویضے (ovule) سے بیج پیدا ہوتے ہیں اور عام طور پر بیض خانہ ایک پھل میں تبدیل ہوجاتا ہے۔ یہ باروری کا مکمل عمل اور جفتہ (Zygote) کا بننا، جانی تولید (Sexual Reproduction) کہلاتا ہے۔ بیج کو تیار ہونے کے لیے جانی تولید ضروری ہے۔ اس طرح تیار ہونے والے بیج اور مختلف جگہوں پر مختلف عوامل جیسے ہوا پانی پرندے اور جانوروں اور انسانوں کے ذریعہ منتشر ہوتے ہیں۔ موافق حالات میں یہی بیج نئے پودوں میں تبدیل ہوتے ہیں۔

اجاتی تولید Assexual Reproduction

جفتہ سے ننھے نو خیز پودے کا پیدا ہونا جانی تولید (Sexual Reproduction) کہلاتا ہے۔ ہم اکثر دیکھتے ہیں کہ کچھ پودے ان کی ٹہنیوں سے کاٹی ہوئی قلموں یا اس کے دیگر حصّوں سے پیدا ہوتے ہیں۔ کیا تم ایسے کچھ پودوں کے نام بتلا سکتے ہیں؟

سلسلہ نشان	پودے کا نام	پودے کا حصّہ جس سے نئے پودے پیدا ہوتے ہیں
1	گلاب	ٹہنی یا شاخ
2		
3		
4		
5		

پودے کے پھول کے بغیر دوسرے طریقوں سے انجام دی جانے والی تولید (asexual reproduction) اجاتی تولید کہلاتی ہے۔ بعض پودے بغیر بیجوں کے نمو پاتے ہیں اس میں پھول یا بیج کا خل نہیں ہوتا۔ ایسا عمل اجاتی تولید Assexual Reproduction کہلاتا ہے۔

نباتی تولید Vegetative reproduction

پودوں کے نباتی حصّوں جیسے جڑ، تنہ اور پتہ سے نئے پودوں کا پیدا ہونا۔ نباتی تولید Vegetative reproduction کہلاتا ہے۔

مشغلہ - 6

شکل-12

کیا آپ جانتے ہیں کہ کسان کس طرح آلو اُگا تے ہیں؟ ایک آلو لیجیے اُس کا مشاہدہ کیجیے۔ اُس کی سطح پر کئی ایک چھوٹے کھانچے دکھائی دیتے ہیں اِن کو آنکھیں (eyes) کہتے ہیں۔ آلو کو اس طرح کاٹیں کہ اُس کے ہر حصّہ پر ایک آنکھ ہو ان ٹکڑوں سے آنکھ کو نکالیے۔ دو کپ لیجیے اور اُنھیں مٹی سے بھریئے ایک کپ میں آلو کے اُس ٹکڑے کو لگائیے جسمیں آنکھ بنی ہو۔ اُس پر لکھے "With Eye" ''آنکھ کے ساتھ'' اور دوسرے کپ میں وہ آلو کا ٹکڑا لگائیے جس پر آنکھ نہ ہو اور کپ پر لکھیے؟ آنکھ کے بغیر (Without Eye) اب ان میں ہر روز پانی ڈالتے رہیں۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

Water both cups daily and observe what happens. In which cup do potato plants sprout? Here is a picture of a plant called Bryophyllum.

You can see baby plants on the edge of the leaves. Can we say that the Bryophyllum plant reproduces through its leaves? In our garden we grow plants like rose, hibiscus, and jasmine by cutting a small branch and planting them in the soil.

Fig. - 12(b) Bryophyllum

Which other plants can be grown from its cutting? (Name a few such plants)

S.C.E.R.T. TELANGANA

Vegetative reproduction in some plants

Plant	Part of the plant
Sweet potato, dahlia, carrot, turnip, radish	New plants grow from the modified root.
Potato	New plants grow from eyes in the tuber which is a modified stem
Onion, garlic, tuberose, lilies, gladioli	New plants grow from bulbs, or corms (gladioli), which are modified stems.
Bryophyllum (sprout leaf plant), begonia	New plants grow from buds on the leaf
Sugarcane	Stem grows roots at the nodes
Mint, strawberry, chrysanthemum	Stem creeps along the ground and strikes roots at the nodes.

Budding:

The jilebi maker adds something to the jilebi mix and leaves it for sometime. It helps him to make good jilebes. What he mixes is a type of plant called yeast. Yeasts grow with the help of a small bulb like outgrowth which increases in size and breaks off from the parent plant to live independently. This process of reproduction is called budding.

Fig. - 13

Activity - 7:

Take some water in a glass tumbler. Mix a tablespoon of sugar and half spoon of yeast powder you get in the market, in the glass tumbler. Cover the glass and leave it undisturbed for a day. On the next day place a drop of the solution on a slide and cover it with a cover slip and examine it under a microscope. You will be able to see budding yeast cells as shown in the figure-13 (they look like water bubbles growing new ones on them).

دونوں کپ میں روزانہ پانی ڈالیے۔مشاہدہ کیجیے۔لکھئے کیا ہوتا ہے کس کپ میں آلو کی کونپلیں پھوٹیں گی؟

یہاں ایک پودے کی تصور دی گئی ہے جس کو زخم حیات (Bryophyllum) کہتے ہیں۔

اس کے پتوں کے حاشیے پر ننھے ننھے پودوں کو آپ دیکھ سکتے ہیں کیا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ زخم حیات کا پودا اپنے پتوں کے ذریعہ نئے پودے پیدا کرسکتا ہے؟



شکل-12(b)

ہم اپنے باغ میں پودے جیسے گلاب، گڑھیل، چنبیلی کو اُن کی شاخوں کو کاٹ کر زمین میں لگاتے ہیں۔کن دیگر پودوں کو اُن کی قلموں کے ذریعہ اُگایا جاسکتا ہے ایسے چند پودوں کے نام لکھیے۔

چند پودوں میں نباتی تولید : Vegetative reproduction in some plants

شمار	پودا	پودا کا حصّہ
1	رتالو، گل کوکب (Dhalia) گاجر، شلجم، مولی	نئے پودے متبدلہ جڑ سے پیدا ہوتے ہیں۔
2	آلو	نئے پودے اُس کی آنکھ سے پیدا ہوتے ہیں جو تنہ کی متبدلہ شکل ہے۔
3	پیاز، لہسن، بصلہ (tuberose) لِلّی، gladioli	نئے پودے پیاز یہ یا اروی یہ (bulbs یا corms) سے پیدا ہوتے ہیں جو کہ تنہ کی متبادلہ شکل ہے۔
4	زخم حیات، بگونیہ	نئے پودے اُس کے پتوں پر پائی جانے والی کلیوں سے پیدا ہوتے ہیں
5	گنّا	تنہ کی کریب (Node) پر جڑیں پیدا ہوتی ہیں۔
6	پودینہ، سیونتی، گیندا، raspberry، Strawberry	تنہ زمین پر رینگتا ہے اور اپنی کرائب کی جگہ زمین میں جڑیں پیدا کرتا ہے

b. کلیاؤ : Budding

شکل-13

جلیبی بنانے والا جلیبوں کے آٹے میں کچھ ملا دیتا ہے اور اُس کو کچھ دیر کے لیے چھوڑ دیتا ہے اس سے اُس کی جلیبیاں بہت اچھی بنتی ہیں ۔وہ اس کے آٹے میں جو ملاتا ہے وہ دراصل ایک پودا ہے۔جیسے لہن (yeast) کہتے ہیں۔

لہن ایک کلی نما اُبھار سے نمو پاتے ہیں ۔ جو جسامت میں بڑھتے ہوئے اپنے پودے سے علیحدہ ہو کر آزادانہ زندگی گزارتے ہیں۔تولید کے اس طریقہ کو کلیاؤ (Buddings) کہا جاتا ہے۔

مشغلہ - 7

ایک گلاس میں تھوڑا پانی لیجیے اُس میں ایک چمچ شکر اور آدھا چمچ لہن (ایسٹ) کا پوڈر جو کہ مارکٹ میں دستیاب ہے۔ملایئے۔ اُس گلاس کو ڈھانک کر ایک دن کے لیے ملا ئے بغیر رکھ چھوڑیئے۔دوسرے دِن اِس کا ایک قطرہ Slide پر ڈالیے۔اور اس کو کور سلپ (Cover Slip) سے ڈھکیے۔اور اِسے خوردبین میں رکھکر دیکھیے۔آپ کو لہن پر کلی نما خلیے نظر آئیں گے جیسا کہ شکل 14 میں دکھلا یا گیا ہے ۔(یہ پانی کے بلبلوں کی طرح نظر آئیں گے)

S.C.E.R.T. TELANGANA

Spore formation:

Activity - 8

Take a slice of bread cover it with a vessel and leave it undisturbed for two or three days. Thereafter you will find the slice covered with grey coloured fungus called bread mould. Let it stand for three or four days. The whole growth appears like a black powder like matter. Transfer this powder with a thin stick on a fresh slice of moist bread. Observe what happens after every day and note your observation. (Fig.-14)

The black powdery portion of bread mould contains several spores.

Fig. - 14(a)



Fig. - 14(b)



S.C.E.R.T. TELANGANA

Do you know!

Alexander Fleming a Scottish scientist, discovered that a certain kind of mould (Penicillium) produces a substance, called **Penicillin**, whichcan destroy many kinds of disease causing bacteria. Penicillin came to be know as an antibiotic and saved the lives of many solidiers in World War-II.

Sir Alexander Fleming

8. آ یئے ایسا کر کے دیکھیں:

روٹی کے ایک ٹکڑے (slice) کو کسی برتن سے ڈھک کر دو یا تین دِن کے لیے رکھ چھوڑ یئے۔ اُس کے بعد آپ دیکھیں گے کہ اُس روٹی پر بھورے رنگ کی فنجی پیدا ہوگئی ہے یہ بھورے رنگ کی پھپوند (Bread Mould) کہلاتی ہے۔ اِسے دو یا تین دِن کے لیے رکھ چھوڑ یئے تو پوری روٹی ایک کالے پوڈر سے بھر جائے گی۔ اس پوڈر کو لکڑی کی مدد سے ایک تازہ نم بریڈ یا روٹی کو لگا یئے۔ اِس کے بعد اِسے ہر دن دیکھتے رہیے اور اپنے مشاہدات کو نوٹ کیجیے۔ بریڈ پر موجود سیاہ رنگ کے پوڈر پر کئی بذرے (Spore) پیدا ہونگے۔

شکل: 14(a)



شکل: 14(b)



کیا آپ جانتے ہیں ؟

الکزنڈر فلیمنگ Alexander Flamming جو کہ اسکاٹ لینڈ کا سائینسداں تھا، اس نے دریافت کیا کہ ایک قسم کی پھپھوندی (penicillium) ایک مادہ پیدا کرتی ہے۔ جیسے اس پھپھوند کے نام پر پنسلین (Penicillin) کا نام دیا گیا جس سے مختلف اقسام کے بیماری پیدا کرنے والے بیکٹر یا ختم ہوجاتے ہیں پنسلین اینٹی بایوٹک کی حیثیت سے مشہور ہوئی اور دوسری جنگ عظیم، کے دوران کئی سپاہیوں کی زندگی بچانے میں معاون ہوئی۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

Key Words:

Cutting, Gametes, Zygote, Androecium, Gynoecium, Pollination, Fertilization, Anther, Thalamus, Corolla, Calyx, Filament, Vegetative Propagation, Spores.

What we have learnt?

- Flower consists of four parts. Sepal, Petal, Stamen and Pistil.
- Based on presence and absence of floral parts flower are two types. Complete flower and Incomplete flower.
- Based on presence of both or single sexual parts flowers are of two types. Bisexual flowers and Unisexual flowers.
- Transfer of pollen grains from anther to stigma is known as pollination. Flowers can be self pollinated or cross pollinated.
- Fusion of male and female parts to form zygote is called Fertilization.
- On the basis of parts involved, reproduction in plants is of two types, sexual reproduction and asexual reproduction.
- Production of offspring from zygote is called sexual reproduction.
- Formation of new plants without sexual reproduction is Asexual reproduction.

Improve your learning

1. Do all flowers have same parts? Classify the flowers according to the parts of flower present in them and give examples.

M6D2G5

2. Differentiate between
   a. Bisexual flowers, Unisexual flowers
   b. Complete flower, incomplete flower
   c. Male flower, female flower
3. What happens when a pollen grain falls on a stigma?
4. What helps to bring pollen grains to the stigma?
5. Explain the method of sexual reproduction in plants.
6. Can plants produce new plants even without seeds? Explain the methods with examples.
7. Draw the diagram of any flower showing its parts.
8. Write the differences between sexual and asexual reproduction.
9. Do all plants reproduce in the same way? Explain with examples.
10. Karthik saw a cucumber plant in the kitchen garden. He identified two types of flowers-some flowers had a small swollen structure behind them while some did not. He removed all the flowers which did not have the swollen structure behind them thinking that they were of no use.
    (a) Which flowers did he remove?
    (b) Which flowers have swollen parts?

S.C.E.R.T. TELANGANA

کلیدی اصطلاحات :

قلم کاری، نرکوٹ، مادہ کوٹ، عرشہ، اکلیچہ ، اکمامہ، زرریشہ، مادگین، زردان، رشتک، کلیاؤ، جفتہ، نباتی تولید، بذرے، زیرگی، باروری

ہم نے کیا سیکھا :

- پھول کے اندر چار حصّے ہوتے ہیں
پھول پتیاں(Sepal)، پنکھڑیاں(petal)،
زرریشہ(Stamen)، اور مادگین(Pistil)۔
- زہری حصّہ (Floral parts) کے موجودہ یا غیر موجود ہونے کی بنیاد پر پودے دوقسم کے ہوتے ہیں۔ مکمل پھول ناکمل پھول۔
- پھول میں ایک یا دونوں صنفی حصّوں کی موجودگی کی بنیاد پر پھول دوقسم کے ہوتے ہیں۔ یک صنفی اور دوصنفی۔
- زیرے دانوں کا زردان (Anther) سے کلغی (Stigma) تک تبادلہ زیرگی کہلاتا ہے پھولوں میں خود زیرگی یا پارزیرگی کا عمل ہوتا ہے۔
- نر اور مادہ حصّوں کے آپس میں ملاپ کو جس سے جفتہ (Zygote) بنتا ہے۔ باروری (Fertilization) کہتے ہیں۔
- پودوں میں تولیدی حصّوں کی بنیاد پر تولید دوقسم کی ہوتی ہے۔ اجاتی تولید اور جاتی تولید۔
- جفتہ کے ذریعہ نو زائیدوں کا پیدا ہونا صنفی تولید یا جاتی تولید کہلاتا ہے۔
- بغیر صنفی تولید کے نئے پودوں کی تیاری اجاتی تولید یا غیر صنفی تولید کہلاتی ہے۔

اپنے اکتساب میں اضافہ کیجیے :

1. کیا تمام پھولوں میں ایک جیسے حصّے پائے جاتے ہیں؟ کچھ پھولوں کی مثالیں دیجیے اور اپنے جواب کی وضاحت کیجیے۔

2. حسب ذیل میں فرق کیجیے۔
a) دوصنفی پھول۔ یک صنفی پھول
b) مکمل پھول۔ ناکمل پھول
c) نرپھول۔ مادہ پھول

3. جب زیرہ دانہ کلغی پر گرتا ہے تو کیا واقع ہوتا ہے؟

4. زیرہ دانوں کو کلغی تک لانے میں کون مدد کرتے ہیں؟

5. پودوں میں جاتی صنفی تولید کے طریقہ کی وضاحت کیجیے۔

6. کیا پودے بغیر بیجوں کے نئے پودے پیدا کر سکتے ہیں؟ اس طریقہ کی مثالوں سے وضاحت کیجیے۔

7. پھول کے حصّوں کو ظاہر کرنے والا کسی بھی پھول کا خاکہ اتاریئے۔

8. جاتی اور اجاتی تولید کے درمیان فرق لکھیے۔

9. کیا تمام پودوں میں تولیدی عمل ایک جیسا ہوتا ہے؟ مثالوں سے واضح کیجیے۔

10. انجم نے اپنے مطبخی باغیچہ میں کھیرے کے پودے کو دیکھا۔ اُس نے اس پر دوقسم کے پھول دیکھے جن میں کچھ پھول ایسے تھے۔ جن کا پچھلا حصّہ پھولا ہوا تھا اور کچھ پھول سادہ تھے اُس نے وہ سب پھول نکال لیئے جن کے پچھلے حصے پھولے ہوئے نہیں تھے اس خیال سے کہ اُن کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔
a) اُس نے کونسے پھول توڑے؟
b) وہ کونسے پھول ہیں جس کے حصے پھولے ہوئے ہیں۔

11. What are the agents of pollination?

12. Differentiate between self pollination and cross pollination.

13. Name the parts of the following plants from which they propagate vegetatively.

a) Potato b) Byrophyllum

14. What am I?

a) I am formed by the fusion of male and female parts.

b) I am a part of the plant that can travel a long distance and grow to a baby plant.

15. Fill in the blanks

a) Flowers containing both male and female parts are called ……………....

b) Pollen grain from anther of one flower that reaches the stigma of another flower is called ……................

c) From ………………… part of Bryophyllum new plants are produced

d) Agents of pollination are ....

16. Match the following

(1) Pollen grain	( )	(a) Ovary
(2) Ovule	( )	(b) Bryophyllum
(3) Reproduction through eyes	( )	(c) Anther
(4) Reproduction through leaves	( )	(d) Potato

17. Observe the following figures. What difference do you observe. Write in your note book.



Do you know ?

Teophrastus, a Greek philosopher and the pupil of Aristotle, is known as the father of Botany. Reproduction in plants was first studied in detail by Theophrastus.

S.C.E.R.T. TELANGANA

11. زیرگی کے عوامل کیا ہیں؟

12۔ خودزیرگی اور پازیرگی کے فرق کو واضح کیجیے۔

13. حسب ذیل پودوں کے اُن حصّوں کے نام بتلایئے جن سے وہ نباتی طور پر افزائش کرتے ہیں۔

(a) آلو (b) زخم حیات

14. میں کیا ہوں؟

(a) میں نر اور مادہ حصّوں کے ملنے سے پیدا ہوتا ہوں۔

(b) میں اس پودے کا حصّہ ہوں جو طویل فاصلہ طے کر سکتا ہے۔

15. خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

(a) ایسے پھول جن میں نر اور مادہ دونوں حصّے پائے جاتے ہیں ------------- کہلاتے ہیں۔

(b) کسی ایک پھول کے زردان سے دوسرے پھول کے کلغی تک زیرہ دانوں کا پہنچنا ------------- کہلاتا ہے۔

(c) برایوفائلم کے ------------- حصّوں سے نئے پودے پیدا ہوتے ہیں۔

(d) زیرگی کے عوامل ------------- ہیں۔

16. حسب ذیل کو ملایئے۔

1) زیرہ دانے	( )	a) بیض خانہ
2) بویضہ	( )	b) زخم حیات
3) آنکھ کے ذریعہ تولید	( )	c) زردان
4) پتوں کے ذریعہ تولید	( )	d) آلو

17. ذیل میں دی گئی اشکال کو دیکھیے۔ ان میں آپ کیا فرق محسوس کرتے ہیں۔ اپنی نوٹ بک میں لکھیے۔



کیا آپ جانتے ہیں؟

تھیوفراسٹس کو جو ایک یونانی فلسفی تھا اور ارسطو کا شاگرد بھی تھا، نباتات (Botany) کا باوا آدم کہا جاتا ہے۔

سب سے پہلے تھیوفراسٹس (Theophrastus) نے پودوں میں تولید کا تفصیلی مطالعہ کیا

S.C.E.R.T. TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23

13 SEED DISPERSAL

A9R7R9



Fig. - 1

In the previous chapter "Reproduction in Plants" you have learnt about the parts of the flower. You know that after fertilization ovary develops as fruit and ovules develop into seeds. When the seeds germinate they give birth to new plants.

One day Ravali saw that a tomato plant was growing on the roof top. No one can sow seeds on the house top. How did they reach there?

Fig. - 2

How did they grow into plants? She was surprised. We often see plants that grow on cracked walls and on stones. How do seeds reach there?

Generally we sow seeds in our house gardens and in fields, but different kinds of plants grow in our surroundings. Who sows these seeds? How do seeds travel from one place to another? Ravali has so many doubts.

Plants have special mechanism for seed dispersal. Do seeds travel to find suitable places to germinate? Do the dispersed seeds have any special characteristics? Does the travelling mechanism affect seed dispersal? Let us study these aspects..

Why are seeds dispersed?

Most of the seeds fall in the soil and get buried in the ground. After some time they germinate and grow into small plants.

- What will happen if all the seeds fall in the same place and germinate producing plants?
- Will they have sufficient place to grow?
- Will they get sufficient sun light and water?
- Can they survive in the absence of light and water?

When we discuss these questions we will know that seed dispersal is necessary to

13

بیجوں میں انتشار



شکل۔1

پچھلے سبق میں ہم ''پودوں میں تولید'' کے بارے میں جان چکے ہیں۔ پھولوں کے مختلف حصّوں کے بارے میں بھی آپ نے معلومات حاصل کی ہیں۔کیا آپ جانتے ہیں کہ پودے کا کونسا حصّہ پھل میں تبدیل ہوتا ہے؟ پھل میں کیا کیا ہوتا ہے؟ آپ نے بیض دان کی عرضی تراش بھی دیکھی ہے۔ بویضے (Ovule) سے کونسی چیز نشونما پاتی ہے؟ آپ جانتے ہیں کہ باروری کے بعد بیض خانہ پھل میں اور بویضے (Ovules) بیجوں میں تبدیل ہوجاتا ہے۔اور جب بیج تنبیت پاتے ہیں تو نئے پودے جنم لیتے ہیں۔

شکل۔2

آپ نے چند پھلوں یا ترکاریوں کا مشاہدہ کیا ہوگا۔ جوکسی باغ یا آپ کے گھر کے پچھواڑے میں اُگتے ہیں۔ چند پھل اکیلے اور چند گچھوں میں دیکھے جاتے ہیں۔ چند پھلوں میں ایک ہی بیج ہوتا ہے اور چند پھلوں میں کئی بیج ہوتے ہیں۔

ایک دِن انور نے دیکھا کہ ٹماٹر کا پودا چھت پر اُگا ہوا ہے۔ کسی نے بھی چھت پر بیج نہیں بویا تھا۔ یہ وہاں کیسے پہنچ گیا؟

یہ پودوں میں کیسے تبدیل ہوگئے۔ انور متعجب ہوا۔ اکثر ہم دیکھتے ہیں کہ پودے دیواروں کے کٹاؤ اور چٹانوں پر اُگے ہوئے ہیں۔ بیج وہاں تک کیسے پہنچ پائے؟

عام طور پر ہم بیج گھر کے باغ اور کھیتوں میں بوتے ہیں۔ لیکن کئی ایک پودے ہمارے اطراف واکناف اُگے ملتے ہیں۔ کون ان بیجوں کو بوتا ہے؟ کیسے بیج ایک جگہ سے دوسری جگہ سفر کرتے ہیں؟ انور کو بہت سارے شبہات تھے۔

بیج کیوں منتشر ہوتے ہیں؟

بہت سارے بیج زمین پر گرتے ہیں۔ اور مٹی میں مل جاتے ہیں۔ کچھ دنوں بعد وہ تنبیت پا کر نوخیز پودے پیدا کرتے ہیں۔

☆ کیا ہوتا اگر تمام بیج ایک ہی جگہ گرتے اور تنبت پا کر ایک ہی جگہ پودے پیدا کرتے؟

☆ کیا اُن کے لیے اُتنی جگہ دستیاب ہے کہ وہ اُگ سکیں؟

☆ کیا اُنھیں موزوں روشنی اور پانی دستیاب ہوگا؟

☆ کیا وہ روشنی اور پانی کے بغیر زندہ رہ سکتے ہیں؟

جب ہم ان سوالات پر بحث کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے۔ ایک نوع کے نوخیز پودوں کو اُگنے کے لیے بیجوں کا انتشار ضروری ہے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23

grow tiny plants of the same species. To avoid competition with the mother plant for air, water and minerals plants disperse their seeds to different distances. But the process of dispersal varies from plant to plant.

How are seeds dispersed?

Do you know the factors that affect seed dispersal? Are the characteristics of seeds decided on the way they are dispersed? Let us find out.

Activity - 1 : Observe different seeds

Collect some seeds like grass, poppy, Okra/ Lady's finger, coconut etc. Try to collect different types of seeds like seeds with hair, thorns, big, small, light, heavy etc., Observe them and record the information in the table.

Table-1

S.No.	Name of the Seed	Nature of Seed						
		Light	Heavy	Round	Flat	Hairy	Thorny	Fibrous
1	Lady's finger	✓		✓				

- Which seeds can be carried by air?
- Name the seeds that are round and heavy?
- Which seeds can float on water?
- Which seeds contain hooks/horns? Why?
- Are the hairy seeds light and flat? Why?
- Do seeds with thorns grow into fruits with thorns?
- How are fibrous seeds? Are they light or heavy?
- Are there Tadi seeds in your list? Which characteristics do you find in them?

There are different seeds with different structures which are useful for their dispersal. Let us find out how these seeds are dispersed from one place to another.

S.C.E.R.T. TELANGANA

مادر پودے اپنی ضرورتوں جیسے ہوا، پانی اور معدنیات کے حصول میں مسابقت سے بچنے کے لیے اپنے بیجوں کا انتشار مختلف فا صلوں تک کرتے رہتے ہیں۔لیکن انتشار کا یہ طریقہ کار مختلف پودوں میں مختلف ہوتا ہے ۔ پودے بیجوں کے انتشار کا ایک مخصوص میکانکی طریقہ اختیار کرتے ہیں؟ کیا بیج تنبیت پانے کے لیے موزوں جگہ کی تلاش کرتے ہیں؟ کیا منتشر بیج مخصوص صفات کے حامل ہوتے ہیں۔کیا بیجوں کی سفری مکانیت اُن کے انتشار پر اثر انداز ہوتی ہے؟ آیئے اِن امور کا مطالعہ کریں۔

بیج کس طرح منتشر ہوتے ہیں :

کیا آپ جانتے ہیں کہ بیج کے انتشار میں کون سے عوامل اثر انداز ہوتے ہیں؟

کیا بیج کے خصوصیات کی بناپر اُس کا انتشار ہوتا ہے؟

آیئے معلوم کریں۔

2. آیئے ایسا کر دیکھیں : مختلف بیجوں کا مشاہدہ

چند بیج جیسے گھاس، پپائی، بھنڈی اور ناریل وغیرہ کے بیج جمع کیجیے۔مختلف اقسام کے بیج جمع کیجیے جیسے بالدار بیج کانٹے دار بیج، بڑے، چھوٹے، ہلکے، وزنی بیج وغیرہ۔

جدول -1

NATURE OF SEED - بیج کی نوعیت

سلسلہ نمبر	بیج کا نام	ہلکا	وزنی	گول	مسطح	بالدار	کانٹے دار	ریشے دار
1	بھنڈی	✓	✓					

- کونسا بیج ہوا کے ذریعہ منتشر ہوتا ہے۔
- اِن بیجوں کا نام بتلایئے جو گول اور وزنی ہوتے ہیں؟
- کونسے بیج پانی میں تیر سکتے ہیں؟
- کن بیجوں پر کس اور ہارن ہوتے ہیں اور کیوں؟
- کیا بالدار بیج ہلکے اور چپٹے ہوتے ہیں؟ کیوں؟
- کیا کانٹے دار بیج کانٹے دار پھل میں نمو پاتے ہیں؟
- بیج ریشہ دار کس طرح ہوتے ہیں کیا وہ ہلکے یا وزنی ہوتے ہیں؟

- کیا آپ کی لسٹ میں تاڑی کے بیج بھی ہیں اُن کی خصوصیات کو اُن کے بیجوں میں تلاش کرو۔ کونسے خصوصیات آپ اُن میں پاتے ہیں؟

کئی ایک بیج اپنی ساخت کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں۔ جو انتشار میں مفید ثابت ہوتے ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ یہ بیج ایک جگہ سے دوسری جگہ کیسے منتقل ہوتے ہیں؟

SC.E.R.T. TELANGANA

Different agents of the seed dispersal

1. Dispersal through wind

Have you seen white hairy balls or parachute like structure moving in air? Children try to catch them. Have you ever tried to do so too? They are the seeds of caltropis. These seeds have light and hairy structure at one end. They travel with wind and settle at a suitable place to germinate. Seeds that are dispersed through air are usually light and are either very small or are light with wings on them or some hairy structures on them.

The seeds get adapted in such a way that they get carried away easily by wind. Some seeds float in air, some propel to travel short distances.

In some plants like orchids seeds are minute with inflated covering. In plants like tridax, seeds have wing like outgrowths. Cotton seeds have hairy structures. These types of specialized structures, present in the seeds, will be helpful for dispersal by air.

Try to find out names of seeds which float in air in your surroundings and make a list.

Milkweed Dandelion Tridax

Fig. 3

2. Dispersal by water

Lotus Coconut

Fig. 4

How do seeds float on water?

The seeds adapted to float on water are usually light. The outer covering of the seed has empty spaces filled with air and some are fibrous with air spaces that encloses the whole seed or fruit. Eg: Coconut. The entire Coconut fruit floats on water and moves from one place to another. When it reaches the ground it germinates. That's why we usually find coconut trees growing near sea shores. Seeds that are heavy usually fall to the bottom of water sources and get carried by the flow of water.

Ex: Seeds of Lotus.

S.C.E.R.T. TELANGANA

بیج کے انتشار کے مختلف عوامل

1. ہوا کے ذریعے انتشار

کیا آپ نے سفید بالدار گول اجسام یا پیرا شوٹ (Parachute) جیسی ساختیں ہوا میں اُڑتی دیکھی ہیں؟ بچّے اُنھیں پکڑنے کی کوشش کرتے ہیں۔کیا آپ نے بھی ایسی کوشش کی ہے؟ وہ calotropis کے بیج ہیں۔ان بیجوں پر ہلکے اور بالدار ساختیں بیج کے ایک سرے پر پائی جاتی ہیں۔وہ ہوا میں اُڑتے رہتے ہیں اور تنبیت کے لیے ایک موزوں جگہ ٹھیرتے ہیں۔وہ بیج جو ہوا کے ذریعہ منتشر ہوتے ہیں عام طور پر ہلکے ہوتے ہیں۔یا پھر اُن پر پَر نما اور بال نما ساختیں پائی جاتی ہیں۔یہ بیج کچھ اس طرح بنے ہوتے ہیں کہ وہ ہواؤں کے ذریعہ آسانی سے لے جائے جاسکتے ہیں۔اور چند ہوا کے ذریعے کم فاصلوں تک ڈھکیلے جاتے ہیں۔چند پودے جیسے Orchids میں بیج بہت چھوٹے ہوتے ہیں۔لیکن ان پر پھولے ہوئے غلاف چڑھے رہتے ہیں۔پودے جیسے Maple کے بیجوں پر، پَر نما نوزائیدے بنے رہتے ہیں۔کپاس کے بیج پر بال نما ساختیں پائی جاتی ہیں۔اس طرح کی مخصوص ساختیں جو بیجوں پر پائی جاتی ہیں، ہوا کے ذریعہ منتشر ہونے میں مدد دیتی ہیں۔

اپنے اطراف و اکناف میں پائے جانے والے اُن بیجوں کے نام لکھیے جو ہوا میں اُڑتے ہیں۔اُن کی ایک فہرست بنایئے۔

Milkweed Dandelion Tridax

شکل۔3

2. پانی کے ذریعہ انتشار

بیج پانی پر کس طرح تیرتے ہیں؟

Lotus شکل۔4 Coconut

وہ بیج جو پانی پر تیر سکتے ہیں عام طور پر ہلکے ہوتے ہیں۔ان بیجوں کے بیرونی غلاف میں خالی جگہہ ہوتی ہے جس میں ہوا بھری ہوتی ہے اور چند ریشے دار ہوتے ہیں جہاں ہوا کے لیے جگہ ہوتی ہے۔جو بیج کو یا پھل کو ملفوف کی ہوئی ہوتی ہے۔

مثلاً ناریل، ناریل کا پورا پھل پانی پر ایک جگہ سے دوسری جگہ تیر سکتا ہے۔اور جب یہ زمین پر آجاتا ہے تو تنبیت پاتا ہے۔اِس لیے ہم دیکھتے ہیں کہ ناریل کے درخت ساحل سمندر پر ہی نشونما پاتے ہیں۔وہ بیج جو وزنی ہوتے ہیں وہ پانی کی تہہ تک چلے جاتے ہیں اور پانی کے بہاؤ کی مدد سے لے جائے جاتے ہیں۔

مثلاً: کنول کے بیج

S.C.E.R.T. TELANGANA

Give examples of some other plants whose seeds are dispersed by water? (Hint: Think about water plants)

3. Dispersal of seeds by birds and other animals

Discuss with your friends and list out the seeds which are dispersed by birds and animals.

Seeds are dispersed by animals in many ways. In case of fleshy fruits, the fruit is eaten by animals and seeds are excreted while some dry fruits, with specialized structures like hooks, thorns, hairy parts, get stuck to the bodies of animals and get carried to distant places. We find such seeds in some kind of grass plants.

Fig. 5

Did you notice some kinds of fruits or seeds getting stuck to your clothes when you walk through fields and bushes? They have hooks or thorns on them. Find out which fruits or seeds these are?

Some seeds are sticky and get stuck to the beaks of birds and in course of flight they fall down at distant places. Often some birds carry seeds with their beaks. Some of them fall before they reach their nesting places.

Fig. 6

Do you know some seeds have to pass through the guts of some birds before they germinate?

Birds like Mynahs, Bulbuls, Crows eat some fruits (Eg: Neem fruit) the outer fleshly part gets digested in the food canal and the seed coats of them become tender.They are then dispersed to other places as bird droppings.

Many fleshy fruits are meant to be eaten by animals. The fleshy part of the fruit is eaten leaving the seeds uninjured. Some seeds get dispersed through animal excretions.

Activity - 2 :

Discuss in groups and give examples of seeds that are dispersed by animals. Fill in the following table.

S.No.	Name of the Animal	Fruits eaten / Seed dispersed

S.C.E.R.T. TELANGANA

چند اور پودوں کی مثالیں دیجیے جن کے بیج پانی کے ذریعہ منتشر ہوتے ہیں (آبی پودوں کے بارے میں سوچیے)

3. پرندوں اور جانوروں کے ذریعہ بیجوں کا انتشار

اپنے دوستوں سے بحث کرنے کے بعد ایک فہرست بنائیے جس میں بیج جانوروں اور پرندوں کے ذریعے منتشر ہوتے ہیں۔

جانوروں کے ذریعے بیج کئی طریقوں سے منتشر ہوتے ہیں۔ اگر پھل مغزدار ہو تو اِسے جانور کھا لیتے ہیں لیکن چند خشک پھلوں میں مخصوص ساختیں جیسے کانٹے hooks ، بالدار حصّے ، جانوروں کے جسم سے چمٹ جاتے ہیں اور دور دور تک لے جائے جاتے ہیں ہم ایسے بیجوں کو گھاس کے پودوں کی کچھ اقسام میں دیکھتے ہیں۔



شکل-5

کیا آپ نے غور کیا ہے کہ جب آپ کھیتوں اور جھاڑیوں سے ہو کر گزرتے ہیں تو آپ کے کپڑوں سے چند پھل یا بیج چمٹ جاتے ہیں۔ اِن پر ہکس یا کانٹے پائے جاتے ہیں۔ معلوم کیجیے کہ یہ کونسے پھل یا بیج ہیں؟

چند بیج چمٹنے والے ہوتے ہیں اور وہ پرندوں کی چونچ سے چمٹ جاتے ہیں۔ اور پرواز کے دوران دور دراز مقام تک پہنچ جاتے ہیں اور اُن میں چند پرندوں کے گھونسلوں تک پہنچنے سے پہلے راستے میں گر جاتے ہیں۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ کچھ بیج ایسے

شکل-6

ہوتے ہیں جو اُس وقت تک تنبیت نہیں پاتے جب تک کہ وہ کچھ پرندوں کی غذائی نالی سے نہ گزریں۔ پرندے جیسے بلبل ، مینا ،کوے پھل کھاتے ہیں (مثلاً نیم کے پھل) تو ان پھلوں یا بیجوں کا اُوپری مغزدار حصّہ اُن کی ہضمی نالی میں ہضم ہو جاتا ہے اور بیج کے بیج پوست (seed coal) نرم ہو جاتے ہیں اور اس طرح یہ بیج دوسری جگہوں پر پرندوں کے فضلے کے طور گرا دیے جاتے ہیں۔

کئی مغزدار پھل حیوانات کھا لیتے ہیں۔ اُن پھلوں کا مغز کھا لیا جاتا ہے اور بیج متاثر ہوئے بغیر رہ جاتے ہیں ان میں کچھ بیج حیوانات میں اُنکے اخراجی عمل کے دوران منتشر ہو جاتے ہیں۔

مشغلہ - 2

اپنے آس پاس کے جانوروں کا مشاہدہ کیجیے۔ دی گئی جدول میں لکھیے۔

سلسلہ نشان	جانوروں کا نام	پھل جو کھا یا گیا / بیج جو منتشر کیا گیا

S.C.E.R.T. TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23

Do you know?

The forgetful squirrel

It collects a lot of nuts and hides them underground before onset of winter. It can hardly eat all of them and even forget where it has hidden its nuts! Thus we have several nut trees at different places.

4. Dispersal of seeds through human beings

Generally we sow seeds of flowers, fruits and vegetables in our home garden. Everyone is aware of Tomatoes. It is a common vegetable cooked in every home. In tomato pickles, tomato curry etc. We find Tomatoes. Do you know from where this fruit has come from and that it is not native to India? When European travellers came to trade in India, they left the seeds of vegetables like tomato, cauliflower, guava, pear on their return. Similarly sugar cane which is native to India and is used worldwide for production of sugar, is a good example of how people transfer seeds/fruits from one place to another.

Now-a-days we see different kinds of fruits and vegetables around us. Import and export of grains like wheat pulses, maize, paddy is a common practice through which many seeds get dispersed all over the world. It is funny to think that seeds also travel by aeroplanes and ships!

Activity - 3 :

Form group of four or five students. Try to collect information from your school library about different types of seeds dispersed by man. List out the names of seeds and the places from which they have came.

5. Dispersal by bursting of fruits that throw the seed out:

Many fruits enclose the seed in a capsule or pod. Upon drying the pod explodes releasing the seeds with great force in the surroundings. We find such type of seeds in Bhendi, Mustard and seeds of Pea family. Some seeds grow in capsules which when touched burst and uncoil with a force in such a way that they scatter the seeds all around. Try to list out such types of seeds that you see in your surroundings

Activity - 4 : Observation of scattering of the seeds

Collect fruits of Crossandra (Kankambaram) from your or your friends houses, sprinkle water on them. Write your observations. Collect some dry pods of pea, gingelly (Til), bhendi from a nearby field or from a shop and try to open them. What happens to the seeds in the pod? How far are they scattered? Note the distance.

S.C.E.R.T. TELANGANA

کیا آپ جانتے ہیں؟ بھلکڑ گلہری : The Forgetful Squirrel

یہ بہت سارے جوزے (Nuts) جمع کرتی اور موسم سرما سے پہلے انھیں زمین کے اندر چھپا دیتی ہے بڑی مشکل سے وہ سارے جوزے کھا پاتی ہے اور یہ بھول جاتی ہے کہ اُس نے وہ جوزے کہاں چھپا رکھے ہیں اِسی لیے ہم اس کے کئی درخت مختلف جگہوں پر اُگے دیکھتے ہیں۔

4. انسانوں کے ذریعے بیجوں کا انتشار

عام طور پر ہم پھلوں کے بیج، پھل اور ترکاریوں کے بیج اپنے گھر کے باغیچے میں بوتے ہیں ٹماٹر ہر کوئی جانتا ہے۔ یہ ایک عام ترکاری ہے جو ہر گھر میں ٹماٹر کا بطور اچار، ٹماٹر کا سالن بنائی جاتی ہے۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ٹماٹر کہاں سے آیا اور یہ کہ یہ یہاں کا مقامی پھل نہیں ہے؟

جب یورپی لوگ تجارت کی غرض سے ہندوستان آئے تو اُنھوں نے ترکاری جیسے ٹماٹر پھول گوبھی Guava، Pear، واپسی پر یہاں چھوڑ گئے اور اسی طرح گنا جو یہاں کا مقامی پودا ہے اور ساری دنیا میں شکر کی پیداوار کے لیے اِستعمال ہوتا ہے، ایک اچھی مثال پیش کرتا ہے کہ لوگ کس طرح بیج رپھل ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے ہیں۔

آج کل ہم اپنے اطراف مختلف قسم کے پھل اور ترکاریاں دیکھتے ہیں۔ برآمدات اور درآمدات کے تحت grain، اجناس جیسے گیہوں، دالیں، مکئی، دھان کی منتقلی ایک عام بات ہے جس سے ساری دنیا میں بیج منتشر ہو رہے ہیں۔ یہ سوچ کر کس قدر عجیب لگتا ہے کہ بیج ہوائی جہازوں اور سمندری کشتیوں کے ذریعہ بھی سفر کر رہے ہیں۔

مشغلہ - 3

چار یا پانچ طلباء کے گروپ بنا کر یہ معلوم کیجیے کہ دوسرے ایسے کونسے بیج ہیں جو انسانوں کے ذریعہ منتشر ہوتے رہتے ہیں۔

5. پھلوں کے پھٹ پڑنے پر بیجوں کا انتشار

کئی پھل اپنے بیجوں کو کیپسول Capsule یا پھلیوں میں ملفوف رکھتے ہیں جب یہ پھلیاں سوکھ جاتی ہیں تو ان کے بیج زور کیساتھ پھٹ پڑتے ہیں جس سے بیج اطراف ماحول میں منتشر ہو جاتے ہیں۔ ایسے بیج بھینڈی رائی (Mustard) اور مٹر کے خاندان میں دیکھے جاتے ہیں۔ کچھ بیج کیپسول میں ہوتے ہیں۔ جب ہم اُنھیں چھوتے ہیں تو وہ دباؤ کے ساتھ پھٹ جاتے ہیں اور زور کیساتھ اطراف و اکناف میں پھیل جاتے ہیں۔

بالسم (Balsam) کے بیج اِسی طرح بکھرتے ہیں۔ آپ نے یہ بھی دیکھا ہوگا کہ جب پھلوں پر پانی کا چھڑکاؤ کیا جائے تو وہ پھٹ پڑتے (Explode) ہیں اور ان کے بیج بکھر جاتے ہیں۔

ایسے ہی بیجوں کی ایک فہرست بنائیے جن کو آپ اپنے اطراف و اکناف میں دیکھتے ہیں۔

مشغلہ- 3: بیجوں کے بکھر جانے کا مشاہدہ :

کنا کمبرم (Kanakambaram) پھلوں کے بیجوں کا مشاہدہ اپنے یا اپنے دوست کے گھر میں کیجیے۔ اُن پر پانی چھڑکیے۔ اپنے مشاہدہ کو لکھئیے۔ مٹر کی چند سوکھی پھلیاں تِل (Gingelly) بھینڈی قریب کے کھیت سے یا دوکان سے لیجیے۔ اور اُنھیں کھولنے کی کوشش کیجیے۔ پھلی میں پائے جانے والے بیجوں کا کیا ہوگا؟ وہ کہاں تک بکھر گئے۔ فاصلہ کو نوٹ کیجیے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23

Fig. 6

- In which weather conditions do seeds scatter?
- Do you think that these seeds would scatter in this way during rainy season?

Why plants produced a large number of seeds:

You observed that fruits and vegetable plants that grow in our home garden produce a large number of seeds. Some fruits grow in singly whereas some are in bunches. Some fruits have a single seed in them and some have a large number of seeds.

Activity - 5 : Seeds in fruits

Collect different kinds of fruit which are available in your surroundings. Open them and count how many seeds they have. Try to collect information about seeds and enrich the following table.

Table - 3

S.No.	Name of the Fruit	Number of Seeds

- Which fruits have a large number of seeds?
- Which fruits have a single seed?
- Do all the seeds germinate to grow into plants?

All the seeds of a fruit should be able to germinate to produce new plants?

S.C.E.R.T. TELANGANA

Do you know?

A mustard plant produces more than 10,000 seeds in its lifetime. If all the seeds germinate to grow into adult plants, think how many seeds would be produced. If this happens for a period of six years the entire globe will be covered with mustard plants!

- کن موسمی حالات میں بیج بکھرتے ہیں؟
- کیا آپ سمجھتے ہیں کہ بیجوں کا انتشار موسم بارش میں بھی ہوتا ہے ؟

پودے کس لیے بڑی مقدار میں بیج پیدا کرتے ہیں :

آپ مشاہدہ کریں کہ ہمارے گھر سے منسلک باغ میں اُگنے والے پودے اور ترکاریاں، بیجوں کی ایک بڑی مقدار پیدا کرتے ہیں چند پھل تنہا اور چند گچھوں میں اُگتے ہیں۔ چند پھلوں میں ایک ہی بیج اور چند میں بیجوں کی ایک بڑی مقدار پائی جاتی ہے۔

مشغلہ-4: پھلوں میں بیج

چند ایسے پھل جمع کیجیے جو آپ کے اطراف و اکناف میں پائے جاتے ہیں ۔ اُن پھلوں کو کھولیے اور بیجوں کی تعداد کو شمار کیجیے۔ دی گئی جدول میں اُن کی تعداد کو درج کیجیے۔

جدول - 3

سلسلہ نشان	پھل کا نام	بیجوں کی تعداد

- کونسے پھل میں بہت زیادہ بیج ہیں؟
- کونسے پھل میں ایک ہی بیج ہے؟
- کیا تمام بیج تنبیت پا کر پودے بنتے ہیں؟

پھلوں کے تمام بیجوں کو تنبیت پا کر پودے پیدا کرنا چاہیے۔ لیکن ایسا نہیں ہوتا۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

رائی کا ایک پودا اپنی تمام عمر میں 10,000 سے زیادہ بیج پیدا کرتا ہے۔ اگر تمام بیج اُگ کر پودوں میں بدل جائے تو سوچیے کہ کتنے اور بیج بنتے اگر یہ عمل 6 سال تک مسلسل جاری رہے تو کرۂ عرض رائی کے پودوں سے بھر جائے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

If this happens we will see only same type of plants in large number in our surroundings. All seeds don't germinate. Some seeds never germinate to produce new plants. Some seeds germinate but plants die before maturation. To overcome these problems plants produce a large number of seeds.

Key words:

Seed Dispersal, Capsule, Pod, Bursting Mechanism.

What we have learnt?

- Seeds are carried from one place to another so that they get suitable conditions to grow, this is called dispersal of seeds.
- Seed dispersal is essential for survival of plants.
- Seeds of different shapes, sizes and structures on them help in dispersal.
- Seeds are dispersed by wind, water, birds and animals.

Improve Your learning

1. What happens if seeds are not dispersed?
2. How are the seeds dispersed in caltropis?
3. Why do most of the coconut trees grow along the sea shores?
4. Do you find any relationship between the weight of the seeds and the dispersal mechanism? Discuss with suitable examples.
5. Ravali said "dispersal of seed is very important in nature." Is she correct? Why?
6. Collect the information in the following table and discuss the reasons?

Table - 4

Agents of dispersal	Name of the seed / Fruit
By wind	
By water	
By animal	
By bird	
By man	
By any other	

7. Some seeds like soap nuts have very hard shell. Why it is so?
8. Now- a-days people want to eat sprouts. List out the reasons why they take sprouts as food?
9. Collect some seeds sow them in a particular place in your school garden. Observe how many days each type of seed takes to germinate. Tabulate your observations.
10. Collect Tadi Palm seeds. Make any decorative item with these. Display them on your school theatre day.

S.C.E.R.T. TELANGANA

اگر ایسا ہوتا تو ہم دیکھتے کہ ایک ہی قسم کے پودے ہمارے ماحول میں کثرت سے دیکھے جاتے۔ تمام بیج تنبیت نہیں پائے، بعض بیج تو کبھی بھی نئے پودے پیدا نہیں کرتے چند بیج تنبیت پاتے ہیں لیکن ان کے پودے تناور ہونے سے پہلے مرجاتے ہیں۔ اپنے اِس مسئلہ کے حل کے لیے پودے بیجوں کی ایک کثیر تعداد پیدا کرتے ہیں۔

کلیدی اصطلاحات :

انتشار (Dispersal)، پھٹ پڑنے کی، میکانیت (Bursting Mechanism)،(Capsule)

مغزدار پھل(Fleshy Fruit)،

ہم نے کیا سیکھا :

- بیج ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے جاتے ہیں۔ تا کہ
- اُگنے کے لیے موزوں حالات مل سکیں۔ یہی عمل بیجوں کا انتشار کہلاتا ہے۔
- بیجوں کا انتشار پودوں کی بقاء کے لیے ضروری ہے۔
- بیج مختلف اشکال اور جسامت کے ہوتے ہیں اور ان پر پائی جانے والی ساختیں ان کے انتشار میں معاون ہوتی ہیں۔
- بیج ہوا، پانی، پرندے اور جانوروں کے ذریعہ منتشر ہوتے ہیں۔

اپنے اکتساب کو فروغ دیجیے۔

1. کیا ہوگا اگر بیج منتشر نہ ہوں؟
2. Calotropis میں بیج کا انتشار کیسے ہوتا ہے؟
3. زیادہ تر ناریل کے درخت سمندر کے کناروں پر کیوں اُگتے ہیں؟
4. کیا آپ بیج کے وزن اور اُس کے انتشار کی میکانیت کے درمیان کوئی تعلق دیکھتے ہیں؟ موزوں مثالوں کے ذریعہ سمجھایئے۔
5. زید نے کہا کہ قدرت میں بیجوں کا انتشار بہت اہم ہوتا ہے اُس کا اس طرح کہنا کیا صحیح ہے۔ آپ کیوں اُس کی تائید کریں گے؟
6. دی گئی جدول میں معلومات فراہم کیجیے اور اُن کی وجوہات پر بحث کیجیے۔

جدول - 4

انتشار کے عوامل	بیج / پھل کا نام
ہوا کے ذریعہ	
پانی کے ذریعہ	
جانوروں کے ذریعہ	
پرندوں کے ذریعہ	
انسانوں کے ذریعہ	
کسی اور کے ذریعہ	

7. چند بیج جیسے ریٹھوں (Soap nuts) کا خول کافی سخت ہوتا ہے ایسا کیوں ہے؟
8. آج کل لوگ اُپجے بیج (Sprouts) کھانا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ ان کی وجوہات کی ایک فہرست بنایئے کہ کیوں وہ اپچتے ہوئے بیج کو غذاء کے طور پر کیوں لینا چاہتے ہیں؟
9. اپنے مدرسہ کے باغ میں چند بیج مخصوص جگہ پر بویئے۔ مشاہدہ کیجیے کس بیج نے اُپجنے میں کتنا وقت لیا۔ اپنے مشاہدے کو جدول میں درج کیجیے۔
10. تاڑی کے بیج جمع کیجیے اور اس کا ایک ماڈل بنایئے اور مدرسے میں مشاہدہ کے لیے رکھیے۔

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 23-2022

14

F1I1W3

WATER - TOO LITTLE TO WASTE

In class VI, we had studied about the uses of water, about floods, droughts etc. So little is the quantity of water resources available for us, that we have to use them very carefully. We know that water is a precious resource. We cannot live without water. Not only we, plants and animals also depend on water for their survival. Recollect the water sources on the Earth. We can see huge amounts of water in seas and oceans. Is it useful for us? We do not use sea water for drinking. Why? Sea water is also not useful for crops . We use only fresh water.

What is fresh water? Where is it available? Fresh water is available in ponds, lakes, rivers and streams. Do you know how much fresh water is available on the Earth? If 10 liters of water is the total water on the surface of earth then out of this only 1ml is available as fresh water for our use as well as for the survival of plants and animals.

If the total water on earth be 100%, let's see what percent would be available of fresh water.

Table - 1

Source of Water	Percentage
Oceans	97%
Water as ice in Glaciers & Polar regions	2%
Ground Water, Water in Ponds, Lakes and Rivers	1%

Source of Water on Earth



Fig. 1

- Fresh water is a precious resource? Discuss.
- How are we presently using this resource?
- What will happen if we continue to do so?

Do you know?

On World Water Day, that is 22 March 2005, the period 2005-2015 was declared as the International Decade for action on "Water for Life".

S.C.E.R.T. TELANGANA

14 پانی - ضائع کرنے کے لیے بہت کم ہے

جماعت ششم میں ہم پانی کے استعمالات، سیلاب اور خشک سالی وغیرہ سے متعلق پڑھ چکے ہیں۔ ہماری ضروریات کی تکمیل کے لیے پانی بہت ہی قلیل مقدار میں دستیاب ہے۔اس لیے ہم اسے بڑی ہی احتیاط سے خرچ کریں۔ ہم جانتے ہیں کہ پانی ایک بیش قیمتی وسیلہ ہے اس کے بغیر ہم زندہ نہیں رہ سکتے۔ نہ صرف ہم بلکہ پودے اور دیگر جانداروں کی بقاء کے لیے بھی پانی بے حد ضروری ہے۔ زمین پر موجود پانی کے ذرائع سے متعلق ذرا غور کیجیے۔سمندروں اور بحراعظموں میں پانی بہت زیادہ مقدار میں پایا جاتا ہے۔کیا یہ پانی ہمارے پینے کے قابل ہوتا ہے؟ ہم سمندروں کا پانی پینے کے لیے استعمال نہیں کرتے۔ کیوں؟ اس کے علاوہ یہ پانی فصلوں کی کاشت کے لیے بھی موزوں نہیں ہوتا۔ ہم اس مقصد کے لیے صرف تازہ پانی ہی استعمال کرتے ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں تازے پانی سے کیا مراد ہے؟ یہ کہاں دستیاب ہوتا ہے؟ جھیل، ندیوں، چشموں اور تالابوں میں تازہ پانی دستیاب ہوتا ہے۔کیا آپ جانتے ہیں کہ زمین پر کتنی مقدار میں تازہ پانی دستیاب ہے؟ فرض کیجیے کہ اگر زمین کی سطح پر پانی کی جملہ مقدار دس لیٹر ہو تو صرف ایک ملی لیٹر پانی ہی تازہ پانی ہوگا۔ جو ہمارے علاوہ دیگر جانوروں اور پودوں کے استعمال کے لیے دستیاب ہے۔

اگر ہم زمین پر دستیاب جملہ پانی کی مقدار 100 فیصد تصور کریں تو اس میں تازہ پانی کی مقدار کا فیصد کیا ہوگا؟ آیئے دیکھیں۔

جدول-1

پانی کا ذریعہ	فیصد
سمندر	97 %
گلیشیرس،قطبین پر موجود برف (تازہ پانی)	2 %
زیر زمین پانی، تالابوں، جھیلوں اور ندیوں میں موجود پانی (دستیاب تازہ پانی)	1 %

زمین پر پانی کے ذرائع :

شکل:1

☆ کیا اب ہم یہ کہہ سکتے کہ پانی ایک بیش قیمتی وسیلہ ہے؟ آپ کے جواب کا جواز پیش کیجیے؟

☆ دورِحاضر میں ہم پانی کا کس طرح استعمال کر رہے ہیں؟

☆ اگر ہم اس طرح پانی کا مسلسل استعمال کرتے رہیں تو کیا ہوگا؟

کیا آپ جانتے ہیں؟

22 / مارچ 2005ء عالمی یومِ آب کے موقع پر ”پانی زندگی کے لیے“ پروگرام کے اہتمام کے لیے سال 2005 تا 2015 تک کے وقفہ کو بین الاقوامی دہے کے طور پر منانے کا اعلان کیا گیا ہے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

Did you notice that a very small amount of fresh water is available on earth? Most of the times we do not think of the importance of fresh water. We are not aware of the need to preserve fresh water.

Activity - 1:

List out the daily life situations where we waste water usually. Discuss in groups why we do so. Write reasons in your note book.

Neeraja collected a news letter for you. Try to analyse issues discussed in the newsletter.

SORROW OF EARTH:

My dear young minds, I am your living home I am called as the Planet Earth. I always try to make you happy by supplying various resources to meet your needs. But now I am in danger. Please listen to me.



Fresh water has been the constant and essential companion of human beings throughout history water is used in great quantities in agriculture and industries.

But your planet is poorly endowed with fresh water. Most water is rendered useless to humans by dissoloved salts in the oceans. Only 3 percent is available as fresh water of which 2/3 is locked up in Ice and snow. You may think, nature is unkind in depositing almost eighty percent of rain over the sea. The rain that falls over the land has a great potential value.

Unsustainable extraction of fresh water causes water scarcity. Due to over extraction of fresh water underground reserves are falling rapidly. In India, the water table has fallen more than 300 meters. Human interventions which degrades the quality and quantity of fresh water occur, in 3 principle ways.

Firstly dams alter the natural flow of rivers often leading to water scarcity. Secondly, soil moisture is lost by land degradation due to poor farming practices and deforestation. Thirdly, surface water is polluted by run off chemicals used in industries.

World population is projected to grow 9.3 Billion by 2050. In addition to safe drinking water and sanitation the rising pressure on fresh water will be felt most severely in the energy sectors. Two out of three people will be living with water shortage by 2025. The growth of demand the decline in fresh water availability ,the adverse health effects from poor water quality and scarcity will result in violence and water wars. The next World War could be over water.

Neeraja said that it is a sad story and she was afraid of our future also.

S.C.E.R.T. TELANGANA

کیا آپ نے غور کیا ہے کہ تازہ پانی کی بہت ہی قلیل مقدار زمین پر دستیاب ہے؟ اکثر اوقات ہم تازے پانی کی اہمیت کے بارے میں غور وفکر نہیں کرتے اور ہم تازے پانی کے تحفظ کی ضرورت سے بھی ناواقف ہیں۔

یہ کیجیے-1

روزمرہ زندگی کے ان مواقع کی فہرست بنایئے جن موقعوں پر عموماً ہم پانی ضائع کرتے ہیں۔ہم ایسا کیوں کررہے ہیں؟ گروہ میں بحث کیجیے۔وجوہات کو نوٹ بک میں درج کیجیے۔عظمٰی نے آپ کے لیے ایک نیوز لیٹر حاصل کیا۔اس میں بیان کردہ مسائل کا تجزیہ کرنے کی کوشش کیجیے۔

زمین کی دکھ بھری داستان :

میرے ننھے منے پیارے بچو..... میں آپ کی رہائش گاہ ہوں۔ مجھے سیارہ زمین کے نام سے جانا جاتا ہے۔آپکی زندگی کے ضروریات کی تکمیل کے لیے مختلف وسائل مہیا کرکے ہمیشہ آپ کو خوش رکھنے کے لیے کوشاں رہتی ہوں۔لیکن اب میں خطرے میں ہوں۔برائے مہربانی آپ لوگ میری طرف متوجہ ہوں۔

زمانۂ قدیم سے انسان کے لیے پانی ایک بیش بہا وسیلہ ہے۔ زراعت اور صنعتوں میں پانی کا وافر مقدار میں استعمال کرنا ایک تاریخی حقیقت ہے۔لیکن آپ کے اس سیارے میں تازے پانی کی مقدار بہت کم ہے۔ سمندروں میں نمکیات کی موجودگی کی وجہ سے میں آپ کو زیادہ مقدار میں تازہ پانی فراہم نہیں کرپا رہی ہوں۔صرف 2.5% تازہ پانی ہی دستیاب ہے۔جس کا 2/3 حصہ برف کی شکل میں منجمد ہے۔بارش کا 80% پانی سمندروں پر برستا ہے اس لیے پانی کا وہ حصہ جو زمین پر برستا ہے بہت اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔

پانی کی بڑی مقدار میں استعمال کی وجہ سے پانی کی قلت پیدا ہوتی ہے۔اس طرح پانی کے بار بار نکال لینے سے زیر زمین پانی کی سطح میں تیزی سے کمی واقع ہورہی ہے۔ ہندوستان میں زیر زمین پانی کی سطح تقریباً 300 میٹر گہرائی تک گر چکی ہے۔

معیاری تازے پانی کی سربراہی میں انسانوں کے ذریعہ کی جانے والی مداخلت تین (3) طرح کی ہوتی ہے۔

سب سے پہلے دریاؤں پر باندھے جانے والے باندھ ندیوں میں پانی کے قدرتی بہاؤ کے رخ کو تبدیل کردیتے ہیں جس کی وجہ سے پانی کی قلت ہوجاتی ہے۔دوسرا جنگلات کا صفایا اور ناقص کاشت کاری کے طریقوں سے زمین اپنی نمی کھو دیتی ہے۔تیسرا گھروں اور صنعتوں سے نکلنے والے ناکارہ کیمیائی اشیاء پانی کو آلودہ کررہے ہیں۔

سال 2050 تک عالمی آبادی 9.3 بلین تک بڑھ جانے کا اندیشہ ہے۔محفوظ پینے کا پانی اور حفظانِ صحت کے ساتھ ساتھ غذا اور توانائی کے شعبوں میں بھی تازے پانی کی مانگ بڑھ جائیگی۔ سال 2025 تک ہر تین میں سے دو افراد پانی کی قلت سے دوچار ہونے کا اندیشہ ہے۔مستقبل میں تازے پانی کی مانگ بڑھ جائے گی۔آلودہ پانی کے استعمال سے نہ صرف بیماریاں لاحق ہوتی ہیں بلکہ اس کی وجہ سے تشدد اور آبی جنگوں کے لیے بھی راہ ہموار ہوتی ہے۔

عظمٰی یہ کہانی پڑھ کر بہت رنجیدہ ہوگئی اور وہ ہمارے مستقبل کے تعلق سے بھی خوف زدہ تھی۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23

Write down what you think about this story:

Day-by-day our needs are increasing rapidly. We use water for agriculture, industries, power generation etc. Water resources are not being increased along with population and their needs. We must be aware of the need to protect water resources.

Neeraja decided to conserve water at home as an action towards the cause "Water for life".

Devi observed that a lot of water flows out of the kitchen as well as bathrooms at her house. She could not see water being wasted in this manner so she made a channel for water to flow from kitchen to the garden around. She could not use water from bathroom in a similar manner. Her mother told her that it could be used after purification. Seeing her interest in this, they decided to visit a water treatment unit during the weekend. At the water treatment unit, they came to know about many things.

All the wastewater released by home, industries, hospitals, offices and other users are collectively called Sewage. Sewage is a liquid waste. Most of it is water, which has dissolved and suspended impurities, disease causing bacteria and other microbes. These impurities are called contaminants. These are:

Organic impurities - Human faeces, animal waste, oil, urea, pesticides, herbicides, fruit and vegetable waste etc.

Fig. 2

Inorganic impurities - Nitrates, Phosphates, metals etc.

Bacteria & other microbes - Such as those which cause cholera, typhoid, dysentery etc.

Processes at the waste water treatment plant

Treatment of waste water involves physical, chemical and biological processes. The impurities in the polluted water removed through different stages. Let us know about these stages.

Stage - 1

Wastewater is passed through bar screens. Large objects like rags, sticks, leaves,

Fig. 3

S.C.E.R.T. TELANGANA

اس کہانی پر آپ کا تبصرہ لکھیے۔

دن بدن ہماری ضروریات میں بے تحاشہ اضافہ ہو رہا ہے۔ زراعت، صنعتوں اور بجلی کی پیداوار وغیرہ کے لیے ہم پانی کا استعمال کرتے ہیں۔

آبادی اور ہماری ضروریات میں تو اضافہ ہو رہا ہے لیکن پانی کے وسائل میں گونا گوں اضافہ نہیں دیکھا جا رہا ہے۔ اس لیے پانی کے وسائل کے تحفظ کی ضرورت کو سمجھنا ہمارا اولین فریضہ ہے۔

عظمیٰ نے ''پانی زندگی کے لیے'' پروگرام کی عمل آوری کے تحت اپنے گھر میں پانی کے تحفظ کا فیصلہ کیا۔

زیبا نے یہ مشاہدہ کیا کہ اس کے گھر کے باورچی خانے اور حمام میں پانی بہت زیادہ مقدار میں بہتے رہتا ہے۔ وہ اس طرح پانی کو ضائع ہوتے ہوئے نہیں دیکھ سکتی تھی اس لیے اس نے باورچی خانے سے بہنے والے پانی کے رُخ کو اپنے گھر کے چمن کی سمت موڑ دیا۔ لیکن حمام سے بہنے والے پانی کو وہ اس طرح نہ کر سکی۔ زیبا کی والدہ نے اس سے کہا کہ یہ پانی غیر خالص ہوتا ہے۔ اس کی تخلیص کے بعد دوبارہ اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ وہ دونوں کسی دن ناکارہ پانی کو تخلیص کرنے کے مراکز کا مشاہدہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ وہاں انہوں نے بہت ساری معلومات حاصل کی۔

گھروں، صنعتوں، دواخانوں، دفتروں وغیرہ سے خارج ہونے والا استعمال شدہ پانی مجموعی طور پر بدرو پانی (Sewage) کہلاتا ہے۔ Sewage مائع حالت میں موجود گندہ پانی ہے۔ اس میں پانی کے علاوہ حل شدہ اور تیرتے ہوئے لوث پائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں بیماری پھیلانے والے بیکٹیریا اور دیگر خوردبینی اجسام پائے جاتے ہیں۔ ان لوثوں کو آلودگر کہا جاتا ہے۔ وہ درج ذیل ہیں۔

نامیاتی لوثیں : انسانی فضلہ، جانوروں سے خارج ہونے والے ناکارہ مادے، تیل، یوریا، کرم کش ادویات، ہرزہ کش ادویات، پھلوں اور ترکاریوں کے ناکارہ مادے وغیرہ۔

شکل-2

غیر نامیاتی لوثیں : نائٹریٹس، فاسفیٹس اور دھاتیں وغیرہ۔

بیکٹیریا اور دیگر خوردبینی اجسام: وہ اجسام جو ہیضہ، ٹائیفائیڈ اور پیچش کا باعث بنتے ہیں۔

ناکارہ پانی کو تخلیص کرنے کے مراکز - طریقہ کار

ناکارہ پانی کو صاف کرنے والے مراکز میں طبعی، کیمیائی اور حیاتیاتی طریقے استعمال کیے جاتے ہیں۔ جس سے اس میں موجود کیمیائی اور حیاتیاتی مادوں کو صاف کیا جاتا ہے جو پانی کو آلودہ بنا دیتے ہیں۔

مرحلہ-1

ناکارہ پانی کو سلاخوں کی جالی (Bar Screens) سے گذارا جاتا ہے۔ جس سے بڑی جسامت والی اشیاء جیسے لکڑیاں،



شکل-3

S.C.E.R.T. TELANGANA

cans, plastic packets, etc are removed by this.

Stage - 2

Water then goes to a grit and sand removal tank. The speed of the incoming waste water is decreased to allow sand, grit and pebbles to settle down.

Fig. 4

Stage - 3

The water is then allowed to settle in a large tank which is sloped towards the middle. Solids like faeces settle at the bottom and are removed with a scraper. This is the sludge.

Fig. 5

A skimmer removes the materials like oil and grease. Water so cleared is called clarified water.

Stage - 4

The sludge is transferred to a separate tank where it is decomposed by anaerobic bacteria. The biogas produced in the process can be used to produce electricity.

Stage - 5

Air is pumped into the clarified water to help aerobic bacteria to grow. Bacteria consume human waste, food waste, soaps and other unwanted matter still remaining in clarified water.

Stage - 6

After several hours, the suspended microbes settle at the bottom of the tank as activated sludge. The water is then removed from the top.

Fig. 6

Stage - 7

The activated sludge is about 97% water. The water is removed by sand drying beds

S.C.E.R.T. TELANGANA

کاڑیاں، پتے، پلاسٹک کی بوتلیں، پولیتھین کی تھیلیاں، کوڑا اور کرکٹ وغیرہ علیحدہ ہوجاتے ہیں۔

مرحلہ-2

یہاں یہ پانی مٹی اور ریت کو علیحدہ کرنے والی ٹانکی میں جاتا ہے۔ یہاں داخل ہونے والے ناکارہ پانی کی رفتار دھیمی کردی جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے ریت، مٹی اور چھوٹے کنکر ٹانکی کی سطح میں جمع ہوجاتے ہیں۔

شکل-4

مرحلہ:-3

اب پانی کو ایک بڑی ٹانکی میں جمع کیا جاتا ہے۔ جس کا جھکاؤ اس کے مرکز کی جانب ہوتا ہے۔ یہاں ٹھوس حالت میں پائے جانے والے فاضل مادے ٹانکی کے درمیانی حصہ میں جمع ہوجاتے ہیں۔ جو صفا کار (Scraper) کے ذریعہ علیحدہ کیے جاتے ہیں۔ جسے کیچڑ (Sludge) کہا جاتا ہے۔ سطح پر تیرنے والے تیل اور چکنائی کو بلونے (Skimmer) کے ذریعہ علحدہ کیا جاتا ہے۔

شکل - 5

اس طرح تخلیص کیا گیا پانی خالص پانی (Clarified water) کہلاتا ہے۔

مرحلہ-4

کیچڑ کو ایک علیحدہ ٹانکی میں منتقل کیا جاتا ہے۔ جہاں غیر ہوا باش بیکٹر یا کی مدد سے اس کی تحلیل کی جاتی ہے۔ اس مرحلے میں پیدا ہونے والی بائیوگیس کو بطور ایندھن یا پھر بجلی پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

مرحلہ-5

خالص پانی میں ہوا گذاری جاتی ہے تاکہ غیر ہوا باش بیکٹر یا نمو پا سکے۔ یہ بیکٹر یا خالص پانی میں بچ جانے والے ناکارہ اشیاء جیسے انسانی فضلات، غذا کے ناکارہ حصے اور چربیوں کا استعمال کرتے ہیں؟

مرحلہ-6

کئی گھنٹوں بعد یہ خوردبینی اجسام ٹانکی کی تہہ میں بطور کیچڑ عامل جمع ہوجاتا ہے۔ اوپری پانی کو علیحدہ کرلیا جاتا ہے۔

شکل-6

مرحلہ-7

عامل کیچڑ میں تقریباً 97% پانی پایا جاتا ہے۔ اس میں موجود پانی کو مشینوں کے ذریعہ علحدہ کرلیا جاتا ہے۔

or machines. Dried sludge is used as manure, returning organic matter and nutrients to the soil.

The treated water has a very low level of organic material and suspended matter. It is discharged into the sea, a river or into the ground. Nature cleans it up further. Sometimes it may be necessary to disinfect water with chemicals like chlorine and ozone before releasing it into the distribution system i.e. river, groundwater etc.

Activity - 2: Study the sewage route in your home/school/any other place.

- Walk down the street or survey the campus to find the number of manholes.
- Follow an open drain and find out where it ends.
- Make a line diagram of the sewage route and manholes.
- In case you do not find such a system in your locality, find out how sewage is being disposed off. Also find out whether it is sent to treatment plants or not. Is it being dumped into water bodies without being treated? Prepare a short report on your findings.

Activity - 3: Finding out what really happens to wastewater at treatment plants

You can do this individually or in groups at school or home. Record observations at each stage:

- Fill a large glass jar ¾ full of water. Add some dirty organic matter such as grass pieces or orange peels, a small amount of detergent, and a few drops of an ink or any colour.

Fig. 7

- Cap the jar, shake it well and let the mixture stand in the sun for two days.
- After two days, shake the mixture and pour a small sample into test tube. Label this test tube “Before treatment; Sample 1”. How does it smell?
- Use an aerator from an aquarium to bubble air through the sample in the glass jar. Allow several hours for aeration. If you do not have an aerator, use a mechanical stirrer or a mixer. You may have to stir it several times. This actually works like a skimmer of waste water treatment plant.
- Aeration helps organisms to grow and break down waste material

S.C.E.R.T. TELANGANA

خشک کیچڑ کو مٹی میں نامیاتی مادوں اور مقویات کی برقراری کے لیے بطور کھاد استعمال کیا جاتا ہے۔

اس طرح صاف کیے گیے پانی میں نامیاتی اور تیرنے والے مادوں کی بہت ہی قلیل مقدار پائی جاتی ہے۔ یہ پانی سمندر، ندی یا میدان میں چھوڑ دیا جاتا ہے۔ قدرتی طور پر اس کی مزید تخلیص عمل میں آتی ہے۔ بعض مرتبہ پانی میں موجود بیکٹریا وغیرہ کو ختم کرنے کے لیے چند کیمیائی اشیاء جیسے کلورین اور اوزون گیس کو ملایا جاتا ہے۔ اس کے بعد اس پانی کو ندی اور نالوں میں چھوڑ دیا جاتا ہے۔

مشغلہ - 2

آپ کے اسکول / گھر / دیگر مقامات پر بدروی راستے (Sewage Route) کا مشاہدہ کیجیے۔

☆ آپ اپنے محلے کی گلیوں یا اپنے علاقے کا سروے کیجیے اور وہاں موجود مین ہول (Manholes) کی تعداد معلوم کیجیے۔

☆ کھلی موریوں کا مشاہدہ کیجیے اور یہ کہاں جا کر ختم ہوتی ہیں دریافت کیجیے۔

☆ موریوں اور مین ہول (Man holes) کی نشاندہی کرتے ہوے بدرو پانی کے راستے کا نقشہ اتاریئے۔

☆ اگر آپ کے علاقے میں اس طرح کا بدرو پانی کے راستے کا نظام نہ ہو تو کس طرح گندے پانی کی نکاسی عمل میں آتی ہے معلوم کیجیے۔ اس گندے پانی کو صفائی کے مراکز کو بھیجتے ہیں یا نہیں معلوم کیجیے۔ کیا اس ناکارہ پانی کو صاف کیے بغیر ہی پانی کے ذرائع میں بھیجا جاتا ہے؟ اس سے متعلق ایک رپورٹ تیار کریں۔

مشغلہ - 3

صفائی کے مراکز میں ناکارہ پانی کے ساتھ کیا عمل واقع ہوتا ہے معلوم کیجیے۔

☆ ایک بڑے شیشے کے مرتبان میں تین چوتھائی (3/4) پانی لیجیے۔ اس میں سڑے گلے چند نامیاتی مرکبات جیسے گھانس کے ٹکڑے، لیمو کے چھلکے، تھوڑا سا ڈٹرجنٹ پاؤڈر اور چند قطرے روشنائی کے یا پھر کوئی رنگ ملایئے۔

شکل-7

☆ مرتبان کو ڈھکن لگا کر خوب ہلایئے اور آمیزے کو دو دن تک دھوپ میں رکھ دیجیے۔

☆ دو دن بعد اس آمیزے کو خوب ہلایئے اور تھوڑا سا آمیزہ امتحانی نلی میں لیجیے۔ اس نلی پر ایک لیبل لگایئے جس پر 'نمونہ 1 تخلیص سے قبل' لکھا ہو۔ اس سے کیسی بو آ رہی ہے؟

☆ اکوریم میں استعمال کیے جانے والے ہوا پہنچانے والا آلہ (Aerator) کے ذریعہ مرتبان میں ہوا پہنچاتے رہیے۔ یہ عمل کئی گھنٹوں تک جاری رکھیں۔ اگر ایریٹر دستیاب نہ ہو تو مکسر (Mixer) یا ہلانی (Stirrer) کا استعمال کیجیے۔ یہ دراصل پانی کی تخلیص میں استعمال ہونے والے Skimmer کی طرح کام کرتا ہے۔

☆ ایریشن کی وجہ سے خوردبینی اجسام ناکارہ مادوں کے سڑنے اور گلنے کے عمل میں تیزی پیدا کرتے ہیں۔ اس کو پانی کے

S.C.E.R.T. TELANGANA

faster thus it leads to what is called as "Biological Process".

- The next day when aeration is complete, pour another sample into a second test tube. Label it "After aeration; Sample 2".
- Fold a piece of filter paper to form a cone. Wet the paper with tap water and then insert the cone in a funnel. Mount the funnel on a support (as you have learnt in Class VI). Place a beaker under funnel.
- Place layers of sand, fine gravel and finally medium gravel in the funnel. (An actual filtration plant does not use filter paper, but the sand filter is several meters deep).
- Pour the remaining aerated liquid through the filter into the beakers. Do not allow the liquid to spill over the filter. If the filtered liquid is not clear, filter it a few times till you get clear water. This is "physical process".
- Pour a sample of the filtered water into a third test tube labeled "Filtered; Sample 3".
- Pour another sample of the filtered water into a fourth test tube. Add a small piece of a chlorine tablet. Mix well until the water is clear. Label the test tube "Chlorinated; Sample 4". This is a "Chemical Process" of treatment.
- Observe carefully the samples in all the test tubes. Do not taste! Just smell them! What changes did you observe in the appearance of water after aeration?
- Did aeration change the odour?
- What was removed by the sand filter?
- By adding chlorine what changes do you observe in sample 3 and 4?
- Did chlorine has an odour? Was it worse than that of the wastewater?
- Write similarities and differences between the processes involved at the treatment plant and this experiment.
- What is the use of bar screen at sewage treatment plant? Was anything like that present in this experiment? Why?

Diseases caused by untreated water

If waste water is not treated and allowed to pass as such into our resources, it becomes a cause for a large number of diseases.

This is what happened at Ramu's village.

All residences there release waste water from kitchen, bathrooms and toilets outside their houses, which gets stagnated and causes diseases like diarrhoea, malaria, typhoid and cholera.

- Suggest what Ramu could do to stop the stagnation of water.

Other ways of Disposing Sewage:

We dispose waste water in our daily life in different ways and means.

S.C.E.R.T. TELANGANA

تخلیص کرنے کا حیاتیاتی طریقہ (Biological Process) کہتے ہیں۔

☆ دوسرے دن جب ایریشن کا عمل مکمل ہوجاتا ہے تو اس پانی کے نمونے کو ایک اور امتحانی نلی میں لیجیے اور اس پر ایک لیبل لگائیے جس پر 'نمونہ-2 ایریشن کے بعد' لکھا ہو۔

☆ تقطیری کاغذ کو موڑ کر ایک مخروط بنائیے۔ کاغذ کو نل کے پانی سے بھگو کر اسے قیف میں داخل کریں۔ قیف کو ایک اسٹانڈ سے لگائیے (جیسا کہ آپ جماعت ششم میں پڑھ چکے ہیں) اس کے نیچے ایک منقارہ رکھیے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

میرا نام کالے شاہ ہے۔میں ضلع محبوب نگر کے تلاکونڈا پلی کے پڑا کال کا رہنے والا ہوں۔ ہمارے دیہات کی مٹی لال ہے۔ہم اِس مٹی کے گولے بنا سکتے ہیں۔لیکن اِس مٹی سے گول حلقہ نہیں بنا سکتے ، اِس لیے کہ اِس میں ریت زیادہ ہوتی ہے۔ یہاں کسان مونگ پھلی اور ارنڈی کی فصل اُگا رہے ہیں اور بعض مقامات پر کپاس بھی اُگائی جاتی ہے۔ ہمارے لوگ اِس کو لال ریتیلی مٹی کہتے ہیں۔

میرا نام ڈیوڈ ہے۔ میں ضلع کرنول کے سنجامالا منڈل کے دیہات کنالا کا رہنے والا ہوں۔ہم ہمارے مٹی سے ترخ والے حلقے بنا سکتے ہیں۔ میرے والد کہتے ہیں کہ مٹی میں ریت پائی جاتی ہے۔ہم جوار، چنا، اور چاول کی فصل اُگاتے ہیں۔

میرا نام سُجاتا ہے۔ میں ضلع کرشنا' کنومولا منڈل موضع دنتہ گنٹلا کی متوطن ہوں۔ ہمارے گاؤں کی مٹی کالی ہے۔اس مٹی سے ہم کسی بھی قسم کے نمونے بنا سکتے ہیں۔اس مٹی میں چپکواں خاصیت ہوتی ہے۔ہم اسے کالی مٹی کہتے ہیں اس مٹی میں پانی زیادہ عرصہ تک رہتا ہے۔کسان کپاس، گنا اور چاول کی فصلیں اُگاتے ہیں۔میں نے ضلع نیلور کے اندوکورپیٹہ میں بھی اس قسم کی مٹی دیکھی ہے۔

میرا نام رمادیوی ہے۔ میں ضلع پرکاشم کے ویٹا پالم منڈل کے دیہات راما پورم کی رہنے والی ہوں۔ ہمارے دیہات کی ریتلی مٹی ہے۔ ہم اِس مٹی سے گولے بھی نہیں بنا سکتے۔ یہاں کسان صِرف چنبلی، کنکمبرم کے پھول اُگاتے ہیں۔ اکثر کسان مچھلیوں کی افزائش .Aqua Culture کرتے ہیں۔ ہمارے دیہات میں چاول کی فصل نہیں اُگتی۔

ان بچّوں سے حاصل شدہ معلومات کو پڑھ کر آپ نے کیا نتیجہ اخذ کیا؟ آپ کے مقام پر پائی جانے والے مٹی اور اُگائی جانے والی فصلوں کے بارے میں لکھیے۔

میرا نام...

....

....

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23

Soil and crops:

The crops commonly grown in any area depend on many factors. One major factor is the kind of soil available in that area and its properties.

We can understand the relation between soil and crop production by taking paddy as an example. A paddy crop grows best in a field that retains water for a long time.

- Which type of soil is better suited for growing paddy - one with a high percolation rate or with a low one?

Farmers decide the type of crop according to the nature of soil. Clay soil have high capacity to retain water, so sugarcane and paddy are grown in this type of soil. Red soil retains less water. So pulses, oil seeds and paddy variety that need less water are grown in this type of soil.

Activity - 10: Connection between crop and soil

Can you identify any connection between crops and soil? Make group with four or five students study the Atlas and other books in your school library. Make list of soils and crops growing in those soils in our State.

S.No.	Name of the District	Types of Soil	Crops grown
1			
2			
3			
4			
5			

- Which type of soil is generally seen in our State?
- Which type of crops are grown in our state?
- The districts that cultivate paddy in large areas have which type of soil?

Along with seasonal rainfall fertility of soil also influence crop production. Do you know why farmers dump cattle dung in the fields? Farmers always take care of the soil in their fields.

Soil Conservation:

During heavy winds we observe that the surface soil particles are carried away by air.

S.C.E.R.T. TELANGANA

مٹی اور فصلیں:

عام طور پر کسی مقام پر اُ گائے جانے والی فصلوں کا انحصار کئی عوامل پر ہوتا ہے ۔اِن میں سب سے اہم اُس مقام پر دستیاب مٹی اوراس کے خواص ہیں ۔

مٹی اور موزوں فصل کے درمیان تعلق کوسمجھنے کے لیے اب ہم چاول کے فصل کا مطالعہ کریں گے۔جس مٹی میں پانی کا رساوزیادہ ہوتا ہے۔اُس مٹی میں چاول کی فصل اچھی طرح سے اُ گائی جاتی ہے۔

- چاول کی فصل اُ گانے کے لیے کسی قسم کی مٹی مناسب ہوتی ہے؟ وہ مٹی جس کی شرح رساوزیادہ ہوتی ہو یا وہ مٹی جس کی شرح رساوکم ہوتی ہے؟

10. یہ کیجیے:

کیا فصلوں اور مٹی کے درمیان کوئی تعلق ہے؟ 4 یا 5 بچوں پر مشتمل گروپ بنا کر ان سے اسکول لائبریری میں موجود اٹلس اور دیگر کتابوں کا مطالعہ کروایئے۔ ہماری ریاست میں کونسی مٹی میں کس قسم کی فصلیں اُ گائی جاتی ہیں معلومات حاصل کیجئے اور جدول میں لکھیے

سلسلہ نشان	ضلع کا نام	مٹی کی قسم	فصلیں جو اُ گائی جاتی ہیں
1			
2			
3			
4			
5			

- عام طور پر ہماری ریاست میں کس قسم کی مٹی دیکھنے میں آتی ہے؟
- ہماری ریاست میں کس قسم کی فصلیں اُ گائی جاتی ہیں؟
- جن اضلاع میں چاول کی فصلیں زیادہ اُ گائی جاتی ہیں ۔ وہاں کسی قسم کی مٹی پائی جاتی ہے؟

موسمی بارش کے علاوہ مٹی کی زرخیزی بھی فصلوں کی پیداوار پر اثرانداز ہوتی ہے۔کیا آپ جانتے ہیں کہ مویشیوں کے گوبر کو کھیتوں میں کیوں ڈالا جاتا ہے؟

کسان ہمیشہ اپنے کھیتوں میں مٹی کا خاص خیال رکھتے ہیں۔

مٹی کا تحفظ:

تیز ہواوں کے چلنے پر آپ نے سطحی مٹی کے ذرّات (دھول) اُڑتے ہوئے دیکھا ہوگا۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

Sometimes during heavy rains, rain water carries away top layers of soil. This is called soil erosion.

Do you know?

As a result of storms and floods fertile soil layers are removed and the soil become barren.

Our farmers grow big trees around the fields to stop winds. They don't keep the lands vacant. Farmers generally use vacant lands to grow grass and other plants. These grass plant roots hold the soil particles and prevent soil erosion during heavy rains. You will learn more about this in the chapter on Forest.

It is very important to preserve the fertility of soil. Do you know why farmers can't continue the same type of crops in their fields? Continuous cultivation of same agriculture crops reduce the soil fertility.

Activity - 11:

Make a group with four to five students and collect information about crops that grow in a year in your village. Why do they change crops after a period of time? Write your observations in your note book.

- Which crops are grown one after another in your village?
- Why are pulses grown every time?
- What happens if a crop grows continuously in a same field.

Generally, farmers cultivate pulses after completion of paddy. This kind of rotation of crops retains soil fertility and productivity. Conservation of soil is important factor in agriculture.

Key words:

Clay, Sandy, Humus, Loamy, Soil profile, Soil fertility, Percolation, Water retention, Soil erosion, Crop rotation.

What we have learnt?

- Soil is a mixture of rock particles and humus.
- Clay, loam and sand are types of soil.
- Amount of water that passes through gives us percolation rate. It is highest in the sandy soil and least in the clayey soil.

S.C.E.R.T. TELANGANA

بعض اوقات شدید بارش کے دوران بارش کے پانی میں مٹی کی اوپری پرتیں کٹ کر بہہ جاتی ہیں۔جس کو مٹی کا کٹاو (Soil erosion) کہتے ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

طوفانوں اورسیلاب کے نتیجہ میں زرخیزمٹی کی پرتیں کٹ کر بہہ جاتی ہیں اورمٹی بنجر ہوجاتی ہے۔

ہمارے کسان اپنے کھیتوں کے اطراف بڑے بڑے درخت اُ گا تے ہیں۔تا کہ تیز ہواؤں کوروک سکے۔وہ زمینوں کو خالی چھوڑے بغیر گھاس یا دیگر پودوں کو اُ گا تے ہیں۔اِن پودوں کی جڑیں مٹی کے ذرات کو مضبوطی سے جکڑے رکھتے ہیں ۔اِس سے شدید بارش کے دوران مٹی کے کٹاو (Soil erosion) کو روکا جاسکتا ہے ۔اِس سے متعلق مزید معلومات آپ سبق ’’جنگلات‘‘ میں حاصل کریں گے۔

یہ نہایت ہی اہم ہے کہ مٹی کی زرخیزی کا تحفظ کیا جائے۔کیا آپ جانتے ہیں کہ کسان اپنے کھیتوں میں مسلسل ایک ہی قسم کی فصل کیوں نہیں اُ گا سکتے ؟ایک ہی قسم کی فصل کو مسلسل اُ گا نے سے مٹی کی زرخیزی میں کمی واقع ہوتی ہے۔

مشغلہ -11

چار یا پانچ لڑکوں کا ایک گروپ بنایئے ۔آپ کے گاوں میں ایک سال کے دوران اُ گا ئی گئی فصلوں کی تفصیلات جمع کیجیے۔کسان اکثر فصلوں کو کیوں تبدیل کرتے ہیں ۔مشاہدہ کرکے آپ کی کاپی میں لکھئے۔

- آپ کے گاوں میں ایک فصل کے بعد اُ گا ئی جانے والی دوسری فصل کونسی ہے؟
- ہر مرتبہ دالوں کی فصلوں کو کیوں اُ گا یا جا تا ہے؟
- کیا کوئی ایسی فصل ہے جو اُسی کھیت میں مسلسل اُ گا ئی جاسکتی ہے؟عموماً کسان چاول کی فصل کے بعد دال کی فصل اُ گا تے ہیں۔اِس طرح فصل کی تبدیلی سے زمین کی زرخیزی کو برقرار رکھا جاسکتا ہے۔زراعت میں مٹی کا تحفظ اہم عنصر ہے۔

کلیدی الفاظ:-

چکنی مٹی، ریتیلی مٹی، گندھی ہوئی مٹی(Loamy Soil)، مٹی کی زرخیزی، رساو، فصلوں کی تبدیلی، مٹی کی پرتیں، Soil profile، مٹی کا کٹاو،

ہم نے کیا سیکھا:-

- مٹی، چٹانوں کے ذرّات اور ہیومس (humes) کا آمیزہ ہوتی ہے۔
- مٹی کی قسمیں: چکنی مٹی، لوی (صلصالی) مٹی، ریتیلی مٹی وغیرہ مٹی کی قسمیں ہیں۔
- پانی کی وہ مقدار جو مٹی کے ذرات سے گذرتی ہے شرح رساؤ کہلاتی ہے۔جو ریتیلی مٹی میں زیادہ اور چکنی مٹی میں کم ہوتی ہے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23

- Water holding capacity is high in clay soil.
- Clay and loam are suitable for growing wheat, gram and paddy.
- Cotton is grown in sandy loam or black soil.
- Soil profile is a section through different layers of the soil.
- Removal of top soil by wind, water or any other means is known as soil erosion.

Improve your learning

1. How can you say soil is a precious resource? Give reasons.

V3T6Z4

2. Which type of soil is suitable for growing cotton?
3. Give reasons for low percolation rate in clay soil when compared to sandy soil.
4. Why is top soil more useful for us?
5. What types of soils are there in your village? Make a list of crops grown on these soils.
6. Ravi wants to improve water holding capacity of his sandy soil field. What would you suggest him?
7. Do you think rotting vegetation and animal remains are important for the soil? In what way?
8. Roots of grasses hold soil particles. This conserves the ....
9. Which of the following statement is correct? Correct the wrong one.
   - Soil form from sand.
   - Crop rotation protects soil fertility.
   - Clay soil can't hold water for a long time.
   - Upper layers of soil are made of rocks.
10. Collect soil from your school ground. Try to make a ring with that soil. Write down your observations. What type of soil is it?
11. Take a boiling tube. Put two spoons of soil in it. Heat it on a spirit lamp and cover it.
    (a) Do this experiment and write your findings.
    (b) Do you find any moisture in the soil?
    (c) From where it came?
12. Nazmal's grand mother said "Human beings always depends on soil". Is she correct? How do you support her statement?
13. "If you sow a seed in the soil it will give birth to a tiny plant which grows bigger and bigger. "It is the wonder of soil" Swetha said. How you express your appreciation of soil like Swetha?
14. Write a dialogue between seed and soil and perform a small play using your own script.
15. If you have a chance to talk with a soil scientist, what questions would you like to ask him about soil?
16. Do you find any relationship between the chapters "Soil" and "Nutrition in plants". What are they?

SOIL SCIENCE

Soil science is the study of soil as a natural resource on the surface of the Earth. This includes Soil formation, Clssification and mapping, physical-chemical-biological and fertility properties of soil.

Some times terms which refer to branches of soil science such as pedology and edaphology are used as if synonymous with soil science. Study of formation, chemistry, morphology and classification of soil is called pedology. Study of influence of soil on organisms, especially on plants is called edaphology. Diversed disciplines are related to the soil science. The various associates concerned are engineers, agronomists, chemists, geologists, physical geographers, ecologists, biologists, microbiologists, sylviculturists, archaeologists all contribute to further knowledge of soil and the advancement of soil science.

S.C.E.R.T. TELANGANA

- چکنی مٹی میں پانی کے ٹھہراؤ کی صلاحیت زیادہ ہوتی ہے۔
- چکنی مٹی، لوی مٹی، چاول، گیہوں کے لئے اور کپاس کی فصل کے لیے کالی مٹی یا ریتلی لوی مٹی موزوں ہوتی ہے۔
- مٹی کی مختلف پرتوں سے متعلق معلومات ظاہر کرنے والا خاکہ Soil profile کہلاتا ہے۔
- ہوا، پانی وغیرہ کے ذریعہ مٹی کی اوپری پرت کے ضائع ہونے کو مٹی کا کٹاؤ کہتے ہیں۔

اپنے اکتساب کو آگے بڑھائیں:

1. ہم کس طرح کہہ سکتے ہیں کہ زمین ایک انمول ذریعہ ہے؟ وجوہات بتا یئے؟
2. کس قسم کی مٹی میں کپاس اُگائی جاسکتی ہے؟
3. ریتیلی مٹی کے مقابلے میں چکنی مٹی کی شرح رساؤ کم ہوتی ہے۔ اس کی وجوہات بیان کیجئے۔
4. زمین کی اوپری سطح (Topsoil) بہت ہی کارآمد ہوتی ہے۔ کیوں؟
5. آپ کے گاؤں میں کتنے اقسام کی مٹی پائی جاتی ہے۔ اِس میں کون کونسی فصلیں اُگائی جاتی ہیں۔ فہرست مرتب کیجیے۔
6. ایک کسان اپنے کھیت کی ریتیلی زمین میں پانی کے ٹھیرنے کی صلاحیت کو بڑھانا چاہتا ہے اُس کو کیا کرنا چاہیے۔ مشورہ دیجیے۔
7. مٹی کے لیے پودوں کے سڑے گلے مادے، اور جانوروں کے اخراجی مادے، کس طرح مددگار ثابت ہوتے ہیں۔
8. گھاس کی، جڑیں مٹی کے ذرّات کو جوڑے رکھتی ہیں۔ اس سے ....کو روکا جاسکتا ہے۔
9. درجہ ذیل میں کونسا بیان صحیح ہے نشاندہی کیجیے اور وجوہات بیان کیجیے۔
   - مٹی ریت سے بنتی ہے۔
   - فصلوں کی تبدیلی سے زمین کی زرخیزی کی صلاحیت کو برقرار رکھا جاسکتا ہے۔
   - چکنی مٹی میں پانی کو زیادہ مدّت تک روکے رکھنے کی خاصیت نہیں ہوتی۔
   - زمین کی اوپری سطح چٹانوں سے بنی ہوتی ہے۔
10. آپ کے مدرسہ کے احاطہ سے مٹی حاصل کر کے حلقہ (Ring) بنانے کی کوشش کیجیے اپنے مشاہدات کو لکھئے۔ حاصل کی گئی مٹی کونسی قسم کی ہے۔
11. ایک امتحانی نلی میں کچھ مٹی لیکر گرم کیجیے اور اسے ڈھانک دیجئے
    (a) متذکرہ بالا تجربے کو انجام دیجئے اور اپنے مشاہدات کو نوٹ کیجئے۔
    (b) کیا امتحانی نلی میں نمی نظر آئی ہے؟
    (c) یہ کہاں سے آئی ہوگی؟
12. اجمل کی نانی نے کہا کہ انسان ہمیشہ مٹی پر انحصار کر کے زندگی گزارتے ہیں۔ کیا یہ صحیح ہے؟ آپ اس بیان کی کس طرح تائید کریں گے۔
13. خدیجہ نے کہا ''اگر آپ مٹی میں ایک بیج بوتے ہیں تو اگر وہ ایک چھوٹے سے پودے کو جنم دیتا ہے جو آگے چل کر ایک بڑے درخت کی شکل اختیار کرتا ہے۔ یہ مٹی کا کمال ہے'' آپ بھی خدیجہ کی طرح مٹی کی خصوصیات کو کس طرح سراہیں گے۔
14. بیج اور مٹی کے درمیان مکالموں کو تحریر کرتے ہوئے ڈرامہ کے لیے تحریر کردہ مکالمہ کے ذریعہ (Role Play) کیجیے۔
15. اگر آپ کو کسی مٹی کے تجزیہ کار (Soil Scientist) سے ملاقات کا موقع ملے تو آپ مٹی سے متعلق کونسے سوالات کریئنگے۔
16. کیا آپ نے اسباق ''مٹی اور ہماری زندگی'' اور پودوں میں تغذیہ کے درمیان کوئی تعلق کو پایا ہے؟ وہ کیا ہے؟

مٹی کی سائنس

مٹی کی سائنس (Soil Science) سے مراد زمین کی سطح پر قدرتی وسائل کے طور پر پائے جانے والی مٹی کا مطالعہ ہے۔ جس میں مٹی کی بناوٹ مٹی کی درجہ بندی، ترکیب، طبعی، کیمیائی، حیاتیاتی اور زرخیزی سے متعلق خصوصیات شامل ہوتی ہے۔

بعض اوقات وہ اصطلاحات جو مٹی کی سائنس کی مختلف شاخوں جیسے (مٹی کی ساخت کا مطالعہ) Pedology طبیعیات اور (مٹی کا مطالعہ) edaphology سے متعلق ہیں ان اصطلاحات کو مٹی کی سائنس کے مترادفات کے طور پر اِستعمال کیا جاتا ہے۔ مٹی کی بناوٹ، کیمیائی ہیت ترکیب اور اس کی درجہ بندی کا مطالعہ طبیعیات (Pedology) کہلاتا ہے۔ مٹی کا عضویوں بالخصوص پودوں پر اثرات کا مطالعہ edaphology کہلاتا ہے۔ اس شعبہ سے متعلق مختلف اصطلاحات مختلف انجمنوں کی جانب سے الگ الگ بیان کی گئی ہیں۔ درحقیقت اس شعبہ میں مزید ترقی اور فروغ کے لیے انجینئرس، ماہر زراعت، کیمیادان، ماہر ارضیات، طبعی جغرافیہ داں، ماہرین ماحولیات، ماہرین حیاتیات، ماہرین خوردبینی عضویات، ماہرین شجرکاری، ماہرین آثار قدیمہ وغیرہ نے اہم رول ادا کیا۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

16 FOREST - OUR LIFE

B4J1S9

Subhashini stays at Adilabad. Her grandfather stays at a village near Utnoor.

- Try to locate these places in a map of Telangana State given in your atlas.

Subhashini always visits her grandpa's place during the summer vacation as grandpa owns a large mango orchard. She could feast on the juicy mangoes and feel the cool air at the orchard there. On the way to grandpa's village the beautiful view of thick forests always attracted her. She would ask her parents to stop the car on the roadside have a look at the forests along the hillside. There were different types of trees; several small and big plants growing close to each other and some climbers growing up to the tall tree tops!

Fig. 1

At the village, grandpa would take her into the orchard which looked like a forest with so many mango trees and the small plants growing under them. The difference was, all trees here grew in lines and were of the same kind!

Every morning after breakfast, grandma would pack a knapsack with some snacks, a bottle of cold water and a flask full of coffee. Subhashini was so fond of the orchard that she would love to spend the whole day under the shade of the trees. She could hear birds chirping, watch squirrels running about, people moving around, grandmas' goats wandering to feed on small plants, some insects flying about (grandpa always used the right insecticide – a chemical to kill insects to keep the orchard free from them yet some were always left!). It was indeed such a wonderful place!

Fig. 2

C.E.R.T. TELANGANA

16 جنگلات-ہماری زندگی

سمرین عادل آباد میں رہتی ہے۔ اس کے داداجان اُٹنور کے قریب ایک گاؤں میں رہتے تھے۔

☆ تلنگانہ کے نقشہ میں ان علاقوں کی نشاندہی کیجیے۔

گرما کی چھٹیوں میں سمرین ہمیشہ اپنے داداجان کے گاؤں جاتی ہے کیوں کہ اس کے داداجان کا ایک بڑا آم کا باغ ہے۔وہ اس باغ میں موجود رسیلے آم کھاتے ہوئے وہاں کی ٹھنڈی ہوا سے محظوظ ہوتی ہے۔ دادا جان کے گاؤں جاتے وقت راستے میں موجود گھنے جنگلات اور دیدہ زیب مناظر اس کو ہمیشہ راغب کرتے رہے ہیں۔سفر کے دوران جب کبھی وہ اس علاقے سے گذرتی تو اپنے والدین سے گاڑی روکنے کے لیے کہتی اور پہاڑوں اور جنگلات کو دیکھ کر خوش ہوتی تھی۔اس جنگل میں ہمہ اقسام کے درخت پائے جاتے تھے۔ان میں چند بیلیں اونچے درختوں پر لپیٹی ہوئی ہوتی ہیں جو درخت کی اونچائی تک جاتی ہوئی نظر آتی تھیں۔

شکل-1

گاؤں میں داداجان سمرین کو اپنے آم کے باغ میں لے جایا کرتے تھے جو آم کے بے شمار درختوں کے ساتھ ان کے سائے میں اُگے ننھے پودوں کی وجہ سے ایک جنگل سا نظر آتا تھا۔فرق صرف اتنا تھا کہ تمام درخت قطار میں لگے ہوئے تھے اور وہ تمام ایک ہی قسم کے درخت تھے۔

روزانہ صبح ناشتے کے بعد دادی اماں کھانے کی چند چیزیں، ایک ٹھنڈے پانی کی بوتل اور کافی سے بھرا ایک تھرماس بستے میں رکھ دیتی تھیں۔سمرین کو آم کے باغ سے اس قدر لگاؤ تھا کہ وہ سارا دن درختوں کی چھاؤں میں گذارنے کے لیے تیار ہوجاتی۔وہاں پرندوں کی چہچہاہٹ، گلہریوں کا اُچھلنا کودنا، ہری گھاس چرتے ہوئے بکریوں کے ریوڑ، اِدھر اُدھر اڑتے ہوئے چند پتنگے اور کیڑے بہت ہی خوش نما منظر پیش کرتے تھے۔(داداجان ہمیشہ ضرر رساں کیڑوں کے خاتمہ کے لیے مناسب کرم کش ادویات کا استعمال کرتے تھے تاکہ باغ صاف رہے۔اس کے باوجود چند کیڑے پتنگے وہاں رہ جایا کرتے تھے) واقعی یہ ایک دلچسپ جگہ تھی۔

شکل-2

Subhashini had just passed her class sixth exam and had been pondering over a question in the question paper which was, "What do trees give us?"

In the answer she had written about several things as well as shade and cool air. Was she correct?

Do we feel cool under the shade of the trees in an orchard?

- Make a list of things that you know are obtained from trees.

Grandpa's orchard:

Subhashini always wondered how these mango trees had grown in grandpa's orchard.

Grandpa explained that it was great grandpa who was given a piece of land in the forest. The forest area had to be cleared to grow the mango saplings (baby plants) and develop it into the orchard it was today.

"There must have been wild animals then in those days?", enquired Subhashini.

"Yes of course, great grandpa along with his brothers and other villagers had to beat drums and use lighted fire torches at night to drive away the wild animals".

Where did the wild animals go? Where do they live now? What happened to the trees that were already present there? Do we always destroy forests to grow orchards or crops? Questions after questions poured out and grandpa had to think a lot to answer them.

- Why do we need forests at all? We could have only these orchards with so much of fruits to eat and, due to the absence of wild animals, safe to roam around too! Do you support this statement? Why?

What Forest is?

Subhashini asked her friends and relatives to find answers to her questions. These are some information given to her.

- In ancient times the country was famous for its dense and continuous forests like Dandakaranya, Panchavati, Nallamala etc. But with the advance of civilization through ages, most parts of these forests are gone now.
- Forests have been cut down at a very fast rate in the past hundred years and replaced by industries, orchards (plantations of fruit bearing plants) or those needed for timber or other economic needs, croplands etc.
- The natural habitat of a forest is lost when forests are cut down. Several types of organisms disappear (either die out or leave the place).

S.C.E.R.T. TELANGANA

سمرین حال ہی میں چھٹویں جماعت کا امتحان کامیاب کر چکی تھی۔ امتحان میں پوچھا گیا سوال ''درخت ہمیں کون کون سی چیزیں فراہم کرتے ہیں'' اس کے دماغ میں گھوم رہا تھا۔

اس سوال کا جواب دیتے ہوئے اس نے لکھا کہ درخت ہمیں بہت سی چیزوں کے ساتھ سایہ اور ٹھنڈی ہوا دیتے ہیں۔

اس نے کیا جواب صحیح لکھا؟

کیا ہم کسی باغ کے درختوں کے سائے میں ٹھنڈک محسوس کرتے ہیں؟

درختوں سے حاصل ہونے والی چیزیں جنہیں آپ جانتے ہوں اس کی فہرست تیار کیجیے؟

داداجان کا پھلوں کا باغ :

سمرین کو یہ تعجب ہوتا ہے کہ کس طرح اتنے سارے درخت داداجان کے باغ میں لگائے گئے ہیں۔

دادا جان نے سمرین سے کہا کہ بیٹی تمہارے پڑدادا کو جنگل میں کچھ زمین عطا کی گئی تھی انہوں نے اس زمین کو صاف کرکے اس میں آم کے ننھے ننھے پودے لگائے تھے جو بڑھ کر آج آم کے ایک بہت بڑے باغ میں تبدیل ہو گئے ہیں۔

سمرین نے پوچھا کہ پھر اس زمانے میں وہاں جنگلی جانور بھی رہے ہوں گے؟

داداجان نے کہا، ہاں ضرور رہتے تھے تمہارے پڑدادا، ان کے بھائیوں اور گاؤں کے دوسرے لوگوں نے مل کر باجے بجاتے اور مشعل وغیرہ جلاتے ہوئے ان جانوروں کو وہاں سے بھگا دیا۔

تو پھر وہ کہاں چلے گئے؟ اب وہ کہاں رہتے ہیں؟ ان درختوں کا کیا ہوا جو اس زمانے میں وہاں پائے جاتے تھے؟ کیا ہم ہمیشہ فصلیں اُگانے کے لیے یوں ہی جنگلات کاٹتے رہیں گے؟ سمرین نے پے در پے ایسے کئی ایک سوالات اپنے داداجان سے کر ڈالے۔ ان سوالات کے جوابات دینے کے لئے داداجان گہری سوچ میں ڈوب گئے۔

☆ جنگلات ہمیں کیوں ضروری ہیں؟ جنگلات کی صفائی کرکے اس میں باغ لگا کر اچھے اچھے پھل کھانا اور جنگلی جانوروں کی غیر موجودگی میں باغ میں آزادانہ گھومنا ہمارے لیے بہتر ہوتا ہے۔ کیا آپ اس بیان کی تائید کریں گے؟ کیوں؟

جنگلات کسے کہتے ہیں؟

سمرین اپنے دماغ میں آنے والے سوالات کے جوابات معلوم کرنے کے لیے اپنے دوستوں اور رشتہ داروں سے رجوع ہوئی۔ اس کو حاصل ہوئیں معلومات اس طرح ہیں۔

☆ قدیم زمانے میں ہمارا ملک ڈنڈاکارنیا، پنچاوتی اور نلّا ملا وغیرہ گھنے اور مسلسل جنگلات کے لیے مشہور تھا۔ لیکن وقت کے ساتھ ساتھ نئی تہذیب کے فروغ پانے کی وجہ سے ان جنگلات کے زیادہ تر حصے غائب ہو چکے ہیں۔

☆ گذشتہ سو سال کے دوران جنگلات کو تیزی کے ساتھ کاٹ کر اس کی جگہ صنعتیں قائم کی گئیں اور باغات لگائے گئے۔ اس کے علاوہ لکڑی، فصلوں اور دیگر ضروریات کی تکمیل کے لئے جنگل کاٹ دیے جا رہے ہیں۔

☆ جنگلات کے کاٹنے سے جانوروں کی قدرتی رہائش گاہیں ختم ہوتی جا رہی ہیں جس سے جنگلات میں بسنے والے مختلف جانور یا تو مر جاتے ہیں یا پھر نقل مقام کرتے ہیں۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23

- There are forests only on 19.3% of the geographical area of our country now (some reports say it's much less than this).
- A forest is a community of trees, shrubs, herbs and other plants and organisms that cover a large area using carbon dioxide, water, soil nutrients etc.
- Forests take up a large amount of Carbon dioxide and some other harmful particles and gases and keep the air clean. They serve as lungs of our earth.
- Forests are renewable natural resources, which play an important role in the maintenance of ecological balance.
- They are an important source of timber, cane, resins, lac, oils, fruits, nuts, firewood, fodder for animals, honey etc.
- The forests also have wild varieties of the cultivable crops and medicinal plants.
- If affected by a disease, the whole forest area is not destroyed.
- They provide habitat to wildlife.
- Forests help to control soil erosion.
- They help in causing rain.
- They keep the surrounding cool.

Subhashini was quite confused. There were so many things written about forests! She could not understand some parts such as how forests maintained ecological balance, how they could be lungs of the earth etc. She could only make out some common things about forests which were -

Forest is a place where there are many different trees. It is a home for wild animals. It also decorates the world. It is a very airy and shadowy place. We should not cut them to build factories, buildings etc or to grow crops, orchards etc. Add some more to above list.

- What is your opinion about forests?
- Why do you think forests are called lungs of the whole earth?
- In what way is an orchard different from a forest?
- Can large areas of plantations of same type of trees like eucalyptus be called forests? Why?
- Draw the picture of a forest in your notebook on the basis of what you have learnt so far.
- Do all forests have the same type of animals and plants? Why or why not?

Diversity in forests:

A. Forests of Telangana.

Let us find out about the types of plants and animals in the forests of our state.

S.C.E.R.T. TELANGANA

☆ ہمارے ملک میں اس وقت 19.3 فیصد جغرافیائی خطے پر جنگلات ہیں۔ (چند رپورٹس کے مطابق یہ فیصد اس سے بھی کم ہے)۔

☆ جنگل دراصل درختوں، جھاڑیوں، جڑی بوٹیوں اور دیگر پودوں اور عضویوں کا مجموعہ ہے جو زمین کے بیشتر حصہ پر ڈھکا ہوتا ہے۔ جہاں پر کاربن ڈائی آکسائیڈ، پانی اور زمین میں موجود مقویات کو استعمال کیا جاتا ہے۔

☆ جنگلات کاربن ڈائی آکسائیڈ اور دیگر ضرر رساں ذرات و گیسوں کا کثرت سے استعمال کرتے ہوئے زمین کے شش کی طرح کام کرتے ہیں۔

☆ جنگلات تجدیدی قدرتی وسائل ہوتے ہیں جو ماحول کے توازن کو برقرار رکھنے میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔

☆ جنگلات لکڑی، ایندھنی لکڑی، بانس، گوند، لاک، تیل، پھل، جوزے (Nuts)، جانوروں کا چارہ اور شہد وغیرہ کا منبع ہوتے ہیں۔

☆ اس کے علاوہ جنگلات میں جنگلی پودے اور جڑی بوٹیاں بھی پائی جاتی ہیں۔

☆ جنگل میں اگر کوئی درخت بیماری سے متاثر ہو تو تمام جنگلاتی علاقہ فنا نہیں ہوتا۔

☆ یہ جنگلی جانوروں کے لیے رہائش بھی فراہم کرتے ہیں۔

☆ جنگلات زمینی کٹاؤ کو روکنے میں مدد دیتے ہیں۔

☆ جنگلات بارش کے برسنے میں کارآمد ثابت ہوتے ہیں۔

☆ ماحول کو ٹھنڈا اور خوشگوار بناتے ہیں۔

یہ تمام باتیں سن کر سمرین تذبذب کا شکار ہوگئی۔ اس کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ جنگلات ماحول کے توازن کو کس طرح برقرار رکھ سکتے ہیں؟ یہ زمین کے شش یا پھیپھڑے کس طرح کہلا سکتے ہیں؟

سمرین جنگلات سے متعلق چند عام باتیں ہی سمجھ سکی۔ جیسے۔

جنگلات ایسے علاقے ہیں جہاں کثرت سے درخت پائے جاتے ہیں اور یہ کئی ایک جانوروں کو رہائش مہیا کرتے ہیں۔ یہ دنیا کی آرائش بھی کرتے ہیں۔ یہ ہوادار اور سایہ دار مقامات ہوتے ہیں۔ ہمیں صنعتوں کے قیام، گھروں کی تعمیر اور فصلوں و باغات کو اُگانے کے لیے جنگلات کو نہیں کاٹنا چاہیے۔

☆ جنگلات سے متعلق آپ کی کیا رائے ہے؟

☆ آپ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ جنگلات زمین کے شش ہیں؟

☆ ایک باغ جنگل سے کس طرح مختلف ہوتا ہے؟

☆ وسیع علاقوں ایک جیسے درختوں جیسے نیلگری کی شجر کاری کرنے سے کیا یہ علاقہ جنگل کہلاتا ہے؟ کیوں؟

☆ اب تک آپ جنگلات کے متعلق جو معلومات حاصل کر چکے ہیں ان کی بنیاد پر جنگل کی ایک تصویر بنائیے۔

☆ کیا تمام جنگلات میں ایک ہی قسم کے جانور اور پودے پائے جاتے ہیں؟ کیوں یا کیوں نہیں؟

جنگلات میں تنوع

(A) تلنگانہ کے جنگلات :

آیئے ہماری ریاست کے جنگلات میں پائے جانے والے اہم درختوں اور جانوروں کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔ ہماری ریاست تلنگانہ کے جنگلات میں ہمیں مختلف

S.C.E.R.T. TELANGANA

Table - 1

Forest area	Animals that live in the forest	Types of Trees
Eturi Nagaram	Tiger, Chinkara, Antelope, Foxes Sloth bear	Tamarind, Amla, Neem, Sal, Bamboo, Teak
Bhadradri	Tigers, Panther, Bears, Hyena, Forest hog, Deer	Tamarind, Amla, Neem, Cassia (Tangedu), Teak, Rosewood
Mahabubnagar	Tigers, Deers, Chimpanzees, Baboons, Snakes, Foxes	Regu, Almond, Teak, Acacio (Thumma), Amla, Tangedu, Bamboo, Neem
Adilabad	Elephants, Tigers, Monkeys	Tamarind, Amla, Neem, Tangedu, Addaku

In the forests of Telangana State we can see different types of trees like Teak, Sal etc., that grow very tall. Neem, Tamarind, Amla, Soapnuts, Red sandalwood grows quite tall. There are bushes, creepers, like kamba, cassia (tangedu), goat's horn mangroove (guggilam), rosewood, yegisa, bamboo, reodar etc as well.

Activity - 1: Studying diverse animals and plants

Form groups and discuss about animals and plants found in the forests of our state. Take the help of the above table, add some more names (refer to books in your library and also ask your teacher) and make a list of them.

Discuss and write why there could be variation in the type of animals and trees found in forests.

B. Forests of other regions

Activity - 2: Comparing forests

1. Equatorial forests

2. Coniferous forests

Find the similarities and differences between the two types of forests as given in the pictures?

Fig. 3(a)
Equatorial forests

Fig. 3(b)
Coniferous forests

S.C.E.R.T. TELANGANA

جدول - 1

جنگلاتی علاقہ	جانور جو جنگل میں رہتے ہیں	درختوں کے اقسام
ضلع چتور	ہاتھی، ہرن، بندر، سانپ، گلہری	املی، آملہ، نیم
ضلع کرنول	شیر، ریچھ، لومڑی، بھیڑیا، سلمنڈر	املی، آملہ، نیم، کرڑوڑ
ضلع وشاکھاپٹنم	شیر، ہرن، چمپانزی، سانپ، لومڑی	املی، آملہ، نیم، کرڑوڑ، بانس
ضلع عادل آباد	ہاتھی، شیر، بندر	املی، آملہ، نیم، کرڑوڑ، گل مہر

SCERT TELANGANA

اقسام کے درخت جیسے ساگوان، دیودار وغیرہ کے علاوہ نیم، املی، آملہ، ریٹھا اور سرخ صندل کی لکڑی کے درخت بھی ملتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ چھوٹی چھوٹی جھاڑیاں جیسے لوبان، کرڑوڑ، نلّا مدی، بانس وغیرہ بھی پائی جاتی ہیں۔

مشغلہ-1

مختلف اقسام کے جانوروں اور پودوں کا مطالعہ:

طلبہ کو مختلف گروہ میں تقسیم کیجیے اور ہماری ریاست کے جنگلات میں پائے جانے والے مختلف جانوروں اور پودوں سے متعلق بحث کیجیے۔

شکل 3(a)
گرم اور مرطوب علاقوں کے جنگلات (استوائی)

مندرجہ بالا جدول کی مدد لیجیے ان میں چند مزید جانوروں اور پودوں کے نام جوڑیۓ۔ (آپ کے استاد اور کتب خانہ کی کتابوں کی مدد لیجیے) ان کی فہرست تیار کیجیے۔

جنگلات میں پائے جانے والے مختلف جانوروں اور پودوں میں فرق کیوں ہوتا ہے لکھئے اور اس پر بحث کیجیے۔

(B) دیگر علاقوں کے جنگلات

یہ کیجیے-2 : جنگلات کا تقابل کرنا

1. گرم اور مرطوب علاقوں کے جنگلات (استوائی)
2. سرد علاقوں کے جنگلات (کوہستان)

تصویروں میں بتائے گیے دو قسم کے جنگلات میں پائی جانے والی مماثلت اور فرق کو معلوم کیجیے۔

شکل 3(b)
سرد علاقوں کے جنگلات (کوہستان)

- We have studied about habitats in class VI. On the basis of that, can you say why forests are good habitats?
- Do you think forest is a habitat for human beings as well? How?

Besides animals and plants, forests have been a home of people as well, from ancient times. In various forest areas of our state we find some people still living there and making it their home. They usually live in places in the forest where water is available. To know more about them let us read this.

These people never harm the forest in any manner. Chenchus, aadivasis never cut green trees for fire wood and for domestic purposes. They collect only dry wood. They also hunt only small animals like monitor lizard and rabbits for their food. While collecting tubers that they eat, they leave a part of them in the soil for the plant to grow again. They have very little needs and happily go about their daily lives.

These people are being forced to leave their forest dwellings and start other professions. Aadivasis are playing key role in protecting tigers and other wildlife. If they withdraw from the core areas, their rich knowledge of wild animals, medicinal plants and tree species will vanish.

- What are the problems that the people living in forests faces?
- What are the problems that these people will face if shifted from the forests?

Activity - 3: Preparing case study on tribals

Collect information about tribal people living in forests and prepare case studies. You can take help from one given on "Chenchu's".

The Chenchus–Handling forests with care!

Nayudu cheruvu thanda is a small village near Papinenipally in the dense Nallamala forest of Prakasham District. This village is surrounded by the highest hill ranges of Andhra Pradesh and there are thick forests as well with several wild animals.

Fig. 4

People living in this village belong to "Chenchu" tribe (these people are found in other villages and districts of the state as well). A Chenchu walks through forests for nearly 30 km every day. And has thorough knowledge of forest, its flora and fauna within a radius of around 15 km. They collect various food products like soapnuts, honey, tamarind, bamboo etc and sell them in the 'Santha' (a weekend market) and purchase materials like clothes etc. They also collect medicinal plants from the forest for which they are well known throughout the state.

S.C.E.R.T. TELANGANA

☆ جماعت ششم میں ہم مسکن کے متعلق پڑھ چکے ہیں۔اس بنیاد پر کیا آپ کہہ سکتے ہیں کہ جنگلات بہترین مسکن ہیں۔

☆ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ جنگلات انسانوں کے لیے بھی بہترین رہائش گاہ ہیں؟ کیسے؟

زمانۂ قدیم سے ہی جنگلات جانوروں اور پودوں کے علاوہ انسانوں کے لیے بھی رہائش گاہ کا کام کرتے ہیں۔تلنگانہ کے مختلف جنگلاتی علاقوں میں ہم دیکھتے ہیں کہ آج بھی کئی لوگ جنگلات کو اپنی رہائش گاہ کے طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ وہ جنگلات کے ایسے مقامات پر رہتے ہیں جہاں پانی دستیاب ہوتا ہو۔

ان کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے آیئے درج ذیل پیراگراف کا مطالعہ کریں۔

قبائلی لوگ (چنچو) ایندھن کے لیے سبز پودوں کو کبھی نہیں کاٹتے یہ صرف سوکھی لکڑیوں کو بطور ایندھن استعمال کرتے ہیں۔اپنی غذا کے لیے چھوٹے جانوروں جیسے چپکلیوں،گلہریوں اور خرگوش کا شکار کرتے ہیں۔ زمین سے گڈے والی ترکاریوں کو نکالتے وقت اس کا تھوڑا حصہ زمین میں چھوڑ دیتے ہیں تاکہ وہ دوبارہ نمو پا سکے۔ان کی ضروریات محدود ہوتی ہیں۔اس لیے وہ ہنسی خوشی زندگی گذارتے ہیں۔

آج کل ان لوگوں کو جنگل چھوڑ کر دیگر پیشے اختیار کرنے کے لیے مجبور کیا جارہا ہے۔چنچو ہی ایسے لوگ ہیں جو شیروں اور جنگلی جانوروں کے ساتھ مل کر زندگی گذار رہے ہیں۔اگر یہ لوگ ان علاقوں سے نکال دیے جائیں تو جنگلی جانوروں، جڑی بوٹیوں اور درختوں کی مختلف انواع سے متعلق ان کی معلومات غائب ہو جائیں گی۔

☆ اگر جنگلاتی علاقوں سے انہیں دوسری جگہوں پر منتقل کردیا جائے تو وہ لوگ کن مسائل سے دوچار ہوں گے۔

یہ کیجیے-3

آیئے قبائلیوں پر شخصی مطالعہ (Case Study) تیار کریں۔

جنگلوں میں بسنے والے دیگر قبائلیوں سے متعلق معلومات اکٹھا کیجیے اور شخصی مطالعہ (Case Study) تیار کیجیے۔چنچو قبیلے سے متعلق دی گئی معلومات سے استفادہ حاصل کریں۔

چنچو قبائل جنگلات کی حفاظت کرتے ہیں

ضلع پرکاشم کے نلّا ملا گھنے جنگلات میں پاپی نینی پلّی کے قریب نائیڈو چیرو تانڈا ایک چھوٹا سا گاؤں ہے۔یہ گاؤں اونچی پہاڑیوں اور گھنے جنگلات سے گھرا ہوا ہے۔جہاں کئی ایک جنگلی جانور بھی پائے جاتے ہیں۔اس گاؤں میں رہنے والے لوگ ''چنچو'' قبائل کہلاتے ہیں۔ (اس طرح کے لوگ ریاست کے دیگر اضلاع اور گاؤں میں بھی پائے جاتے ہیں) یہ لوگ غذاء کی تلاش میں پہاڑوں اور ٹیلوں سے گذرتے ہوئے روزانہ تقریباً 30 کلومیٹر تک پیدل چلتے ہیں۔



تقریباً 15 کلومیٹر کے دائرے میں موجود درختوں، پھلوں اور پھولوں کے علاوہ پرندوں کے بارے میں بھی خوب معلومات رکھتے ہیں۔ یہ لوگ جنگلات سے شہد، املی، ریٹھے اور بانس جیسی اشیاء جمع کرکے ہفتہ واری بازار (سنتھا) میں فروخت کرتے ہیں اور ضروری اشیاء جیسے کپڑے وغیرہ خریدتے ہیں۔اس کے علاوہ یہ لوگ جنگل سے جڑی بوٹیاں بھی اکٹھا کرتے ہیں جس کے لیے یہ ساری ریاست میں مشہور ہیں۔

Destruction of forests- An alarming pace!

Read the following news.

తమిళనాడు - ఆంధ్ర సరిహద్దుల్లో

ఏనుగుల బీభత్సం

దాడిలో ఇద్దరి మృతి ● ప్రాణభయంతో గ్రామస్థుల పరుగులు

ఏనుగుల దాడిలో మృతిచెందిన చిన్నారి దాసన్

కుప్పం, న్యూస్‌టుడే: ఆంధ్రా అడవుల నుంచి తమిళనాడు రాష్ట్రంలోకి ప్రవేశించిన ఏనుగులు నానా బీభత్సం సృష్టించాయి. శనివారం రాత్రి తమిళనాడు పరిధిలోని కృష్ణగిరి జిల్లా వేప్పూరు, బసవనకోయిల్ మీదుగా అడవుల్లోకి తరలివెళ్లిన గజరాజులు తెల్లవారేసరికి జనావాసాల్లోకి ప్రవేశించి వేపనపల్లి, పుదుకోట్టై ప్రాంతాల్లోని కురువపల్లి, గుట్టపల్లి గ్రామాల్లో సంచరించాయి. మొత్తం 24 ఏనుగులు గుంపులుగా విడిపోయి పంటపొలాలు నాశనం చేశాయి. పొలాల్లో పనిచేస్తున్న కూలీలపై దాడి చేయడంతో గుట్టపల్లి ప్రాంతానికి చెందిన కెంచప్పన్ (55), దాసన్ (4) మృతి చెందారు. దీంతో తోటి కూలీలు, ఇతరులు ప్రాణభయంతో పరుగులు తీశారు. గజరాజుల దాడులు తీవ్రం కాకుండా స్థానికులు అక్కడక్కడ మంటలు వేశారు. విషయం తెలుసుకున్న తమిళనాడు అటవీశాఖాధికారులు ఏనుగులను అడవుల్లోకి తరిమేందుకు తీవ్రంగా ప్రయత్నించారు. మృతులను అంబులెన్సు ద్వారా కృష్ణగిరి ప్రభుత్వాసుపత్రికి తరలించారు.

Fig. 5

Discuss and write reasons. Usually people destroy the forest for their own economic purposes. For example, earning by selling trees and thus, excessive cutting down of trees or deforestation takes place. Deforestation also takes place when forests are cleared to construct buildings, roads, industries etc. Now-a-days thermal, nuclear power plants, mining industries led by multinational companies are a major threat to forests throughout the globe. Often large parts of forests are also lost due to forest fires.

- Does deforestation affect animals living in a forest? How?
- Think and write other reasons for the loss of forests.
- Why do wild animals enter villages near forests?
- What will happen if forests are completely destroyed?
- Can we have only agricultural lands and orchards instead of forests? Why?
- Is various types of trees grown in social forestry near your area? Why?

Activity - 4:

Go around your locality and note the number of trees. Also note the different types.

- Write down their names (If you know).
- Are these trees also present in forests of our state?

STEP TOWARDS CONSERVATION

Kondamallipudi Vana Samraksha Samiti, is located at the foot hills of Ananthagiri forest alongside the Srungavarapukota. It is in an area inhabited by members of "Koya" tribe who are known for getting into forest areas and cutting down trees to grow crops.

These people along with forest officials have now made great efforts to save forests by planting bamboo and other plants like Karaka, Rosewood, Nallamadi, Tamarind, Usiri, Jafra etc. They also took steps to conserve soil moisture by making bunds along edges of plantation areas, digging trenches etc. They see to it that no one harms trees in their area. Thus forests that were degrading started growing once again.

Fig. 6

S.C.E.R.T. TELANGANA

جنگلات کی تباہی - خطرے کی گھنٹی

اخبار میں شائع درج ذیل خبر پڑھیے۔

తమిళనాడు - ఆంధ్ర సరిహద్దుల్లో
ఏనుగుల బీభత్సం
దాడిలో ఇద్దరి మృతి ● ప్రాణభయంతో గ్రామస్థుల పరుగులు

شکل-5

بحث کیجیے اور وجوہات لکھیے۔عام طور پر لوگ اپنی معاشی ضروریات جیسے درختوں کو فروخت کرنا وغیرہ کے لیے جنگلات کو تباہ کرتے ہیں۔ درختوں کی کٹائی سے جنگلات کا صفایا ہوجاتا ہے۔اس کے علاوہ گھروں ،صنعتوں،سڑکوں وغیرہ کی تعمیر کے لیے بھی جنگلات کا صفایا کیا جارہا ہے۔ بین الاقوامی کمپنیوں کی جانب سے آج کل تھرمل اور نیوکلیر پلانٹس کے قیام اورکانوں کی کھدائی کے لیے بھی عالمی سطح پر جنگلات کا خاتمہ کیا جارہا ہے۔جنگلات میں خود بخود لگنے والی آگ بھی جنگلات کے خاتمہ کا سبب بنتی ہے۔

☆ جنگل کا صفایا جنگل میں رہنے والے جانوروں پر اثر انداز ہوتا ہے۔کیسے؟

☆ جنگلات تباہ ہونے کے دیگر وجوہات کے بارے میں سوچیے اور لکھیے؟

☆ جنگلات کے قریبی گاؤں میں جنگلی جانور کیوں آجاتے ہیں؟

☆ اگر جنگلات کامکمل صفایا ہوجائے تو کیا ہوگا؟

☆ جنگلات کے بجائے کیا صرف زرعی زمین اور مختلف باغات ہوں تو کافی ہوگا؟ کیوں؟

☆ کیا آپ کے علاقے میں مختلف درخت اُگانے سے جنگلات کی پابجائی ہوگی؟ کیوں؟

یہ کیجیے-4

آپ کے علاقے کا دورہ کیجیے اور وہاں پائے جانے والے درختوں کے اقسام اوران کی تعداد نوٹ کیجیے۔

☆ ان کے نام لکھیے۔(اگر آپ جانتے ہوں)

☆ کیا یہ درخت ہماری ریاست کے جنگلات میں بھی پائے جاتے ہیں؟

جنگلات کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اقدامات :

اننت گری جنگلاتی علاقے کے سرنگاوراپوکوٹا کے قریب کونڈااملّی پوڈی نامی ایک گاؤں میں کمیٹی برائے جنگلاتی تحفظ موجود ہے۔یہاں کے بسنے والے قبائلوں کو''کویا'' کہتے ہیں۔ یہ لوگ اکثر جنگل میں جاتے اور فصلیں اُگانے کے لیے درختوں کو کاٹتے تھے۔

اب یہ لوگ جنگلات کے عہدیداروں کے ساتھ مل کر جنگلات کے تحفظ کے لیے اقدامات کررہے ہیں۔اس ضمن میں یہ لوگ بانس، سرخ صندل، نلّا مدّی، املی، آملہ وغیرہ درخت اُگارہے ہیں۔اس کے علاوہ یہ لوگ زمین کی نمی کے تحفظ کے لیے درختوں کے اطراف باندھ بنارہے ہیں۔ وہ ہمیشہ چوکس رہتے ہیں تاکہ کوئی بھی شخص ان کے علاقوں میں موجود درختوں کو نقصان نہ پہنچاسکے۔اس طرح کے اقدامات سے فنا ہونے والے جنگلات کی نشاۃ ثانیہ ہورہی ہے۔

شکل6

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔2022-23

Let us take a step:

We know that every bit of effort towards conservation helps. If we take care of plants growing around us we may not be adding a forest but adding to greenery around us which is essential for our own existence.

Do you know?

In 1730 AD about 350 Bishonois led by Amrita Devi sacrificed their lives to protect sacred green Khejri trees by hugging them when a king wanted to cut those trees. Later this was led to chipko movement in the history. There after this practice has been carry forward by people like Sunder Lal Bahuguna.

Read the following story and write your opinion in your notebook.

Save a Tree, Save Other Lives Too!

There is a school in a village. The school has no boundary wall. The Headmaster arranged for the construction of a boundary wall with the help of higher authorities. They were measuring the boundaries. There was a mango tree in the school. The tree was on the boundary line. A person staying next to the school argued that the tree belonged to him. The children studying in the school had been playing, reading, having lunch etc for years under the tree.

The children came to know that the person sold the tree. It was going to be cut very soon. They tried to convince that person not to cut the tree, but he adamantly denied the children's request.

Fig 7

Neelima who was studying class VII was worried about it. She thought throughout the night and got an idea. The next morning she told the idea to her friends. They collected money from their savings.

All the children went into the village and collected some more money. They went to that person and gave him all the money they collected.

Seeing the concern of the children, the person agreed that the tree would not be cut.

(This is an award winning story written by R. Ramya, Class – VIII of ZPH School, Navalaku Gardens of Nellore.)

S.C.E.R.T. TELANGANA

آیئے ہم بھی ایسے اقدام کریں

ہماری جانب سے اٹھایا جانے والا ہر قدم جنگلات کے تحفظ میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ اگر ہم ہمارے اطراف و اکناف پائے جانے والے پودوں کی اچھی طرح نگہداشت کریں گے تو ہم جنگل تو نہیں بنا سکتے لیکن ہمارے اطراف و اکناف کے ماحول کو سرسبز و شاداب ضرور بنا سکتے ہیں جو ہماری اپنی بقاء کے لیے نہایت لازمی ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

1730ء میں جب بادشاہ کی جانب سے سبز مقدس کیجاری درختوں کو کاٹا جا رہا تھا تو امرتا دیوی کی قیادت میں تقریباً 350 ویشنولوگوں نے ان درختوں سے لپٹ کر اپنی جانیں قربان کر دی۔ بعد ازاں یہ واقع چپکو تحریک کے لیے محرکہ بنا۔ چند عرصہ بعد اس کو سندرلال بہوگنا جیسے تحریک پسند لوگ آگے بڑھاتے رہے۔

درج ذیل کہانی پڑھیے اور اپنے خیالات کو نوٹ بک میں درج کیجیے۔

درختوں کا تحفظ کیجیے - دوسروں کی زندگی بھی بچایئے :

کسی گاؤں میں ایک اسکول تھا جس کی باؤنڈری وال نہیں تھی۔ اعلیٰ عہدیداروں کی مدد سے صدر مدرس نے دیوار اٹھانے کے اقدامات کیے۔ اس ضمن میں اسکول کے احاطے کی پیمائش کی جا رہی تھی۔ اسکول کے احاطے میں ایک آم کا درخت بھی تھا جو دیوار کے راستے میں آ رہا تھا۔ اسکول کے پڑوس میں رہنے والے ایک شخص کا دعویٰ یہ تھا کہ وہ درخت اس کا ہے (اور اس نے اس درخت کو کسی دوسرے شخص کو فروخت کر دیا ہے)۔ کئی زمانے سے اسکول کے طلباء اس درخت کے نیچے کھیلتے، پڑھتے اور دوپہر کا کھانا کھاتے رہے ہیں۔

جب بچوں کو اس بات کا علم ہوا کہ وہ شخص درخت فروخت کر دیا ہے اور عنقریب اس کو کاٹ دیا جائے گا تو انہوں نے اس شخص کے پاس جا کر درخت کو نہ کاٹنے کی بہت منت و سماجت کی لیکن اس شخص نے بچوں کی ایک نہ سنی اور اپنی ضد پر اڑا رہا۔

شکل 7

ساتویں جماعت میں پڑھ رہی 'نیلما' اس بات کو لے کر بہت فکرمند تھی۔

وہ رات بھر سوچتی رہی بلآخر اس کو ایک ترکیب سوجھی۔ دوسرے دن اس نے اپنے ساتھیوں کو اس ترکیب سے واقف کروایا۔ ساتھیوں نے مل کر اپنی بچت کردہ رقم کو اکٹھا کیا۔ تمام بچے گاؤں میں جا کر مزید رقم جمع کئے اور اس شخص کے پاس جا کر جمع کردہ رقم اس کے حوالے کی۔ بچوں کی دلچسپی دیکھ کر وہ شخص درخت نہ کاٹنے کے لیے راضی ہو گیا۔

(یہ ایوارڈ یافتہ کہانی آر.رمیہ، متعلّم جماعت ہشتم، زیڈ، پی، ہائی اسکول، نوالا کوگارڈنز، ضلع نیلور کی تحریر کردہ ہے جس کو یہاں نقل کیا گیا ہے)

S.C.E.R.T. TELANGANA

In our state efforts have been made by communities along with Government officials to grow trees in areas allotted near villages/towns as social forestry, that is, peoples' own efforts to revive forests, which are well known as "Karthik Vanam".

Key words:

Orchard, Plantation, Timber, Firewood, Soil Erosion, Bunds, Deforestation, Tribe, Social forestry.

What we have learnt?

- We obtain various things and materials from the forest.
- A forest is a good habitat for many plants and animals
- Forest helps in binding of soil and protecting it from erosion.
- People living in forests depend on its products for their livelihood.
- Social forestry could help overcome deforestation.
- Forests are lungs of our earth.
- Destroying forests poses threat to life of animals and plants living there as well our own survival.

Improve your learning

E3P8Y8

1. How can you say forest is a habitat for people?
2. In our state, which district have the maximum forest area? Refer the Atlas and write.
3. How do we depend on forests?
4. How can you say forests are lungs of our earth?
5. List the things that we use in our daily life which are made from wood.
6. What is deforestation? How can it be stopped?
7. This is not a forest product -

   a. Soap nut b. Plywood
   c. Matchstick d. Kerosene
8. If you want to develop social forestry in your village which type of plants would you like to grow. Why?
9. Collect the pictures of forest products and stick them in your scrap book.
10. Write a note on livelihood of forest tribes of our state.
11. Collect some songs / stories/poems about conservation of trees.
12. We can see animals not only in the forests but also in the Zoo. Write some similarities and differences between the animals in the zoo and the forest.
13. Sucharita said "forest is good habitat" How can you support her?
14. How do we depend on forests?
15. Draw or collect pictures of forests. Discuss with your friends. Write about forests in your state and what steps would you take to conserve them.
16. Write a brief report on forests of our state.
17. Plant a tree on your birthday or during any celebration in the family.

S.C.E.R.T. TELANGANA

ہماری ریاست میں عوام اور حکومت کے نمائندوں کے تعاون سے گاؤں / شہروں میں سماجی جنگل اُگانے کی مہم جاری ہے۔ جس میں مختلف مقامات پر درخت لگائے جارہے ہیں۔ یہ پروگرام ''کارتیکاونم'' کے نام سے مشہور ہے۔

کلیدی الفاظ:

باغ، شجر کاری، لکڑی، ایندھنی لکڑی، زمین کا کٹاؤ، باندھ، قبائل، جنگلات کا صفایا

ہم نے کیا سیکھا؟

☆ جنگلات سے ہمیں مختلف قسم کی اشیاء حاصل ہوتی ہیں۔

☆ پودے اور جانوروں کے لیے جنگلات ایک بہترین مسکن ہوتے ہیں۔

☆ جنگلات زمینی کٹاؤ کو روکتے ہیں۔

☆ جنگلوں میں رہنے والے لوگوں کی زندگی کا انحصار جنگلاتی پیداوار پر ہوتا ہے۔

☆ سماجی جنگل کاری جنگل کے خاتمہ کا متبادل ہوسکتی ہے۔

☆ جنگلات زمین کے شش کی حیثیت رکھتے ہیں۔

☆ جنگلات کے خاتمے سے نہ صرف وہاں اُگنے والے پودوں اور بسنے جانوروں بلکہ خود ہماری بقا کے لیے بھی خطرہ ہے۔

اپنے اکتساب کو بڑھائیں :

1. آپ کس طرح کہہ سکتے ہیں کہ جنگلات لوگوں کے لیے ایک بہترین رہائش گاہ ہوتے ہیں؟
2. جنگلات کے اقسام میں ہم کون کونسے تغیرات دیکھتے ہیں؟
3. ہم جنگلات پر کس طرح منحصر ہیں؟
4. آپ کس طرح کہہ سکتے ہیں کہ جنگلات زمین کے شش ہیں؟
5. روزمرہ زندگی میں استعمال کی جانے والی لکڑی کی اشیاء کی فہرست بنایئے؟
6. جنگلات کا صفایا کسے کہتے ہیں؟ اسکو کسطرح روکا جاسکتا ہے؟
7. درج ذیل میں سے کونسی شئے جنگلاتی پیداوار نہیں ہے۔
   (a) ریٹھے　　(b) پلائی ووڈ
   (c) ماچس کی تیلی　　(d) کیروسین
8. اگر آپ اپنے گاؤں میں سماجی جنگل کاری کو فروغ دینا چاہتے ہوں تو آپ کونسے پودے اُگانا پسند کروگے؟ کیوں؟
9. جنگل سے حاصل کی جانے والی اشیاء کی تصاویر اکٹھا کیجیے اور اسکراپ بک میں چسپاں کیجیے؟
10. ہماری ریاست کے جنگلات میں بسنے والے قبائلوں کی طرز زندگی پر ایک نوٹ لکھئے؟
11. درختوں کے تحفظ سے متعلق چند گیت / کہانیاں / نظمیں اکٹھا کیجیے؟
12. ہم جانوروں کو نہ صرف جنگلات میں بلکہ چڑیا گھر (Zoo) میں بھی دیکھتے ہیں۔ ان جانوروں کے چڑیا گھر اور جنگل میں پائے جانے والے حالات کے درمیان مماثلت اور فرق لکھئے؟
13. اقرا نے کہا کہ جنگل لوگوں کے لیے ایک بہترین سلجھے ہے۔ کیا آپ اس بیان سے متفق ہیں؟
14. ہم جنگلات پر کس طرح انحصار کرتے ہیں؟
15. جنگلات کی تصاویر اتاریئے یا اکٹھا کیجیے۔ اپنے دوستوں سے اس پر بحث کیجیے۔ آپ کی ریاست کے جنگلات کے مستقبل کے بارے میں لکھئے اور ان کے تحفظ کے لیے آپ کیا اقدامات کرسکتے ہیں؟
16. ہندوستان میں جنگلات کا موقف کیا ہے معلوم کیجیے اور اس پر ایک مختصر نوٹ لکھئے؟
17. آپ اپنی سالگرہ یا خاندان میں کوئی جشن کے انعقاد کے موقع پر ایک پودا لگایئے۔

S.C.E.R.T. TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2022-23

17 CHANGES AROUND US

Y3R2B1

In Class VI, we learnt that many changes are taking place around us. There are certain factors that influence these changes and there are reasons for every change. Among the changes we observe in our daily life some changes are slow and some are fast. There are some changes that are temporary and some are permanent. There are many changes which take place naturally but for some we need to initiate or intervene in some way for the change to occur. In this lesson we try to learn about some changes.

We know that there are certain changes that repeat after a fixed period of time.

For example we observe the repetition of sunrise and sunset every day. Similarly we notice changes in seasons after every few months every year.

- Can you think of such other changes from your daily life?
- Make a list of changes you observe in your daily life that are repeated after some period of time.

Activity - 1: Finding the period of repetition for changes.

Some changes are given in the following table-1. Observe the changes and write the approximate period of time after which they are repeated, for each change. If we observe the above table, we notice that every change mentioned in the table repeats after some period of time. Such changes are known as periodical changes. The events which repeat at regular intervals of time are called Periodical Events

Table-1

S.No.	Name of the Change	Approximate period of time of repetition
1	Change of day and night	12 Hours
2	Withering of leaves	1 Year
3	Rising of the pole star	
4	Change of Seasons	
5	Change of Greenery in the fields of cultivation	
6	Changes in lengths of shadows	
7	Appearance of Full Moon	

Physical Change:

In our daily life we observe many changes. In the changes like melting of ice, solidification of ghee or coconut oil in winter etc., there is a change in state of the substance. In certain processes like filling balloons with air and pumping of cycle tubes etc., we notice change in shape. In some other changes like burning of wood and rusting of iron we find that new substances are formed. Are all these changes the same?

S.C.E.R.T. TELANGANA

17 ہمارے اطراف واکناف ہونے والی تبدیلیاں

جماعت ششم میں ہم پڑھ چکے ہیں کہ ہمارے اطراف و اکناف کئی ایک تبدیلیاں واقع ہو رہی ہیں۔ کچھ عوامل ان تبدیلیوں پراثر انداز ہوتے ہیں اور ہر تبدیلی کی کچھ وجوہات ہوتی ہیں۔بعض تبدیلیاں تیز ہوتی ہیں اور بعض سست،اسی طرح بعض تبدیلیاں عارضی ہوتی ہیں اور بعض مستقل۔ ماحول میں ہونے والی اکثر تبدیلیاں قدرتی ہوتی ہیں جبکہ بعض تبدیلیوں میں انسانی مداخلت یا کوشش شامل رہتی ہے۔آیئے اس سبق میں کچھ اور تبدیلیوں کے متعلق مزید معلومات حاصل کریں گے۔

ہم واقف ہو چکے ہیں کہ بعض تبدیلیاں متعینہ وقت یا مدت سے دہرائی جاتی ہیں مثلاً روزانہ سورج کا طلوع اور غروب ہونا اور اسی طرح ہر سال وقت کے لحاظ سے موسموں میں تبدیلی وغیرہ۔

☆ کیا آپ نے اپنی روز مرہ زندگی میں مزید ایسی تبدیلیوں سے متعلق غور کیا ہے؟

☆ اپنی روزمرہ زندگی میں آپ کے مشاہدہ کردہ متعینہ وقت پر دہرائی جانے والی تبدیلیوں کو جدول کی شکل میں لکھیے۔

1. یہ کیجیے

آیئے دہرائی جانے والی تبدیلیوں کی مدت معلوم کریں:-

جدول میں دی گئی تبدیلیوں پر غور کیجیے۔ ہر تبدیلی کے دہرائے جانے کے لیے درکار وقت کا اندازہ لگایئے اور جدول میں لکھیے۔

جدول 1

سلسلہ نشان	تبدیلی	درکار وقت
.1	دن اور رات کی تبدیلی	12 گھنٹے
.2	پتوں کا جھڑنا	ایک سال
.3	قطبی تارے کا نمودار ہونا	
.4	موسم میں تبدیلی	
.5	کھیتوں کا سبز ہونا	
.6	سایہ کے لمبائی میں تبدیلی	
.7	مکمل چاند کا نظر آنا	

